یہ کتاب خاص اہل تشیعہ کے لئے طبع کی گئی ہے اہل سنت وجماعت ناسی حمیدین ورزیلین

بیمن تفضل جاعل الارض وخالق البریۃ

در زمان برکات توامان وسعادت اقتران [illegible]

تحفۂ احمدیہ

باصلاح فرمودہ عالم ربانی الورع التقی الزکی النقی وحید الزمن جناب مولانا سید ابو الحسن مدظلہ

در مطبع بستان مرتضوی بتصحیح تمام مطبوع گردید

محمد مصطفی علی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و الصلوٰۃ علی محمد و آلہ الطاہرین

امّا بعد یہہ جلد سوم کتاب تحفۂ احمدیہ ہے بیان احکام و اعمال سال میں اور ماخوذ ہی کتاب زاد المعاد و کتاب اقبال و دیگر کتب معتبرہ سے مثل بحار وغیرہ امید ہی کہ مؤلف کو اور جملہ ساعیان تالیف و طبع کو دعا سے خیر یاد فرمائین

باب اول احکام و اعمال ماہ محرم الحرام مین

اس باب مین [illegible] مطلب ہین مطلب پہلا اختیارات مین اور جو امور کہ اس مہینے مین واقع ہوتے ہین آخوند مجلسی نے بحار کی چودہوین جلد مین کہ جو کتاب السماء والمعالم مشہور ہی کتاب قصص الانبیاء سے نقل کیا ہی کہ حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہی کہ اون حضرت نے فرمایا کہ کتاب دانیال پیغمبر [illegible] اول محرم روز شنبہ ہوگا اوس سال سردی بہت زیادہ ہوگی اور ہوا زیادہ چلیگی [illegible]

فصل وبا ہوگی اور بچے زیادہ مرینگے اور تپ کی شدت ہوگی اور شہد کم ہوگا اور کہیتیان الی درستی
سالم رہینگے اور بعضے درختون کو مثل انگور آفت پونہچیگی اور ارزانی ہوگی اور عرب روم سے جنگ
کرینگے اور قیدی اور غنیمت عربون کے ہاتہ آئیگی اور بادشاہ کو سب شہرون اور مقامون مین
مشیت حق تعالی سے غلبہ ہوگا اور جس سال کہ اول محرم روز یکشنبہ ہوگا سردی اچھی طرح
گذریگی اور مینہہ بہت برسیگا اور بعضی درختون اور کہیتون پر کوئی آفت آئیگی اور دردہاے
مختلف اور مرگ سخت شائع ہونگے اور شہد کم پیدا ہوگا اور ہوامین اثر طاعون اور وبا کا ہوگا
اور آخر سال مین تہوڑی گرانی کہانیکی چیزون مین ہوگی اور آخر سال مین بادشاہ
کو غلبہ ہوگا اور جس سال اول محرم روز دوشنبہ ہوگا سردی اچھی طرح گذریگی اور
گرمی بہت شدت کی ہوگی اور مینہہ اپنے وقت پر برسیگا اور گاؤ اور گوسفند بہت
پیدا ہونگے اور شہد بہت پیدا ہوگا اور نرخ کہانیکی چیزونکا پہاڑکے شہرون
مین ارزان ہوگا اور میوہ بہت ہوگا اور عورتین بہت مرینگی اور آخر سال
کوئی بادشاہ پر خروج کریگا اور نواحی مشرق اور بعضے اہل فارس مین غم اور
دلگیری پونہچیگی اور زکام پہاڑکے شہرون مین بہت ہوگا اور جس سال اول
محرم روز سہ شنبہ ہوگا سردی بہت زیادہ ہوگی اور شدت برف بیچ پہاڑکے
شہرون مین اور ناحیۂ مشرق مین زیادہ ہوگی اور گوسفند اور شہد بہت ہوگا
اور بعضے میوے کے درختون کو اور انگور کو آفت پونہچیگی اور ناحیۂ مغرب اور شام
مین حادثۂ آسمانی ظاہر ہوگا کہ اوس سے خلق بہت مریگی اور بادشاہ پر کوئی شخص
علوی خروج کریگا اور بادشاہ اوس پر غالب آئیگا اور زمین فارس مین بعضے غلے پر
آفت آئیگی اور نرخ گران ہوگا اور جس سال اول محرم روز چہارشنبہ ہوگا
سردی معتدل ہوگی گرمی مین باران نافع برسیگا اور غلہ اور میوہ بلاد جبل
مین زیادہ ہوگا اور نرخ انکے ارزان ہونگے اور بادشاہ دشمنون پر غالب آئیگا

اور جس سال اوّل محرم روز پنجشنبہ ہوگا سردی کم ہوگی اور نواحی مشرق مین گیہون اور میوہ اور شہد بہت ہوگا اور اول و آخر سال تپ بہت ہوگی اور روم کو مسلمانو نپر غلبہ ہوگا پھر عرب انپر غالب ہونگے ناحیۂ مغرب مین اور زمین سند مین لڑائیان واقع ہونگی اور پادشاہان عرب فتح یاب ہونگے اور جس سال اول محرم روز جمعہ ہوگا سردی مین زیادہ سردی نہوگی اور مینہہ کم برسیگا اور پانی چشمون اور رودخانونکا کم ہوجائیگا اور پہاڑ کے شہرونمین سو فرسخ سے سو فرسخ تک غلہ کم ہوگا اور آدمی بکثرت مرینگے اور ناحیۂ مغرب مین گرانی ہوگی اور لیشفے درختونپر آفت آئیگی اور روم کو فارس پر غلبہ عظیم ہوگا از انجملہ کتاب مذکور مین اون حضرت سے منقول ہی کہ جس سال محرم مین سورج گہن ہوگا اوس سال ارزانی ہوگی اور آخر سال مین درد اور عارضہ آدمیونمین زیادہ پیدا ہوگا اور پادشاہ دشمنونپر فتح پائیگا اور زلزلہ پیدا ہوگا مگر لوگ سلامتی سے رہینگے اور جس سال کہ ماہ محرم مین چاند گہن ہوگا مغرب مین کوئی شخص بزرگ مریگا اور میوہ پہاڑ کے شہرونمین کم ہوگا اور عارضہ خنازیر بکثرت ہوگا اور زمین بابل مین درد چشم پیدا ہوگا اور موت کی زیادتی ہوگی اور نرخ گران ہوگا اور کوئی شخص پادشاہ پر خروج کریگا اور پادشاہ اوسپر فتح پائیگا اور اکثر اوسکا قتل کریگا

بیان نحس اکبر کتاب تقویم المحسنین مین حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ گیارہوین اور چودھوین محرم کی نحس اکبر ہی اور حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہی کہ بائیسوین محرم کی نحس اکبر ہی

بیان ایام مخصوصۂ محرم کتاب زاد المعاد مین لکھا ہی کہ روزہ اول محرم کا مستحب ہی اور حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہی کہ روز اول ماہ محرم کو حضرت زکریا نے دعا کی اور خدا سے فرزند طلب کیا حق تعالی نے دعا اونکی مستجاب فرمائی پس جو شخص اس روز روزہ رکھے اور دعا کرے حق تعالی دعا اوسکی مثل

حضرت زکریا مستجاب کریگا اور شیخ مفید علیہ الرحمہ نے لکھاہی کہ تیسری تاریخ محرم کی روز مبارک ہی اس روز حضرت یوسف کنوئین سے باہر نکلے ہین جو کہ اس روز روزہ رکھے خدا اکا سخت او سکے اوپر آسان کریگا اور کتاب تحفۃ الدعوات مین مذکور ہی کہ شیخ طوسی مصباح متہجد مین لکھتے ہین کہ پانچوین تاریخ اس مہینے کی حضرت موسی علیہ السلام دریا پر سے گذرے ہین اور ساتوین تاریخ اس مہینے کی حضرت موسی علیہ السلام نے کوہ طور پر حق سبحانہ وتعالی سے کلام کیا اور نوین تاریخ حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے باہر تشریف لائے اور پھر کتاب زاد المعاد مین لکھاہی کہ بہتر یہ ہی کہ نوین اور دسوین تاریخ روزہ نرکھے اسواسطے کہ بنی امیہ اس روز واسطے برکت وشماتت کے بسبب قتل امام حسین علیہ السلام روزہ رکھتے تھے اور بہت سی حدیثین فضیلت مین ان دو روزون کی بنائی ہین اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کی ہین اور طریق اہلبیت علیہم السلام سے بہت سی حدیثین مذمت مین ان دونون روزون کی خصوصا روزہ روز عاشورا کے وارد ہوئی ہین اور بنی امیہ برکت کے لیے سال بھر کا غلہ روز عاشورا گھر مین جمع کرتے تھے اسواسطے حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو کہ ترک کرے سعی اور حاجتین اپنی روز عاشورا اور کسی کام کے لیے نجانے حق تعالی اوسکی حاجتین دنیا وآخرت کی بر لائیگا اور کتاب جلاء العیون مین مذکور ہی کہ ابن شہر آشوب وفات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام دوشنبہ محرم کی گیارہوین تاریخ لکھتے ہین اور کتاب تحفۃ الزائرین مین منقول ہی کہ وفات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام محرم کی بارہوین تاریخ ہی اور جلاء العیون مین مسطور ہی کہ بعض علما وفات حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام محرم کی پندرہوین تاریخ لکھتے ہین اور زاد المعاد مین منقول ہی کہ شیخ طوسی علیہ الرحمۃ

لکھتے ہین کہ سترہوین تاریخ محرم کی اصحاب فیل واسطے خراب کرنے خانہ کعبہ کے آئے تھے عذاب اونپر نازل ہوا اور جلاء العیون مین مذکور ہے کہ بعض علما اٹھارہوین تاریخ محرم کی وفات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام لکھتے ہین اور زاد المعاد مین منقول ہی کہ شیخ مفید علیہ الرحمہ لکھتے ہین کہ اکیسوین ۲۱ شب محرم کی زفاف حضرت فاطمہ علیہا السلام حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے واقع ہوا چاہیے کہ اس روز اس نعمت عظمی کے شکریہ مین شیعہ روزہ رکھین اور جلاء العیون مین مرقوم ہی کہ کفعمی وفات حضرت امام زین العابدین علیہ السلام محرم کی بائیسوین ۲۲ تاریخ سن پچانوی ۹۵ ہجری مین لکھتے ہین اور زاد المعاد مین مذکور ہی کہ پچیسوین ۲۵ تاریخ محرم کی حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے جانب عالم بقا رحلت کی اور حدیقۃ الشیعہ مین منقول ہے کہ محرم کی اٹھائیسوین ۲۸ تاریخ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام نے انتقال فرمایا ہی پس زیارت اونحضرت کی اندنون مین پڑھنا چاہیے مطلب دوسرا ۲ اثبات تعزیہ داری کے بیان مین اور ردّ سنیون کے اعتراضات کے اونہین کی کتابون سے اور یہہ مطالب کتاب لاجواب صمصام قاطع تصنیف حضرت سلطان العلما سید محمد صاحب اعلی اللہ مقامہ سے نقل ہوئے ہین جان تو کہ سنّی جو تعزیہ داری کرنے پر شیعون کے اعتراض کرتے ہین اور بدعت کہتے ہین معلوم نہین کس دلیل سے بدعت کہتے ہین معنی تعزیت کے لغت مین پرسا دینے کے ہین اگر شیعہ مؤمنین کو اور روح حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور ارواح معصومین علیہم السلام کو حضرت امام حسین علیہ السلام کا پرسا دیتے ہین اور روتے ہین تو کیا گناہ اور بدعت کرتے ہین اسلیے کہ غم کرنا اور رونا جناب امام حسین علیہ السلام کے لیے سنیون کے مذہب مین بھی جائز ہے بلکہ ثواب عظیم ہے چنانچہ احمد حنبل

امام اہل سنت نے اپنے مسند مین روایت کی ہی حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے کہ جسکی آنکھ سے ایک قطرہ آنسو کا مصیبت امام حسین علیہ السلام مین نکلے
خدا اوسکو بہشت مین جگہ دیتا ہی اور اس حدیث کو صاحب ذخایر العقبیٰ نے
بھی ذکر کیا ہی اور ابن حجر کہ بڑا متعصب عالم سنیون کا ہی اپنی کتاب صواعق
مین لکھتا ہی کہ روایت کی ترمذی نے بہ تحقیق کہ ام سلمہ نے پیغمبر خدا کو خواب
مین دیکھا کہ حضرت روتے ہین اور حضرت کے سر و ریش مبارک پر خاک پڑی
ہی ام سلمہ کہتے ہین مین نے اس حالت کا سبب پوچھا حضرت نے فرمایا کہ امام حسین
علیہ السلام شہید ہوگئے ابو نعیم نے دلائل مین ام سلمہ سے روایت کی ہے
ام سلمہ کہتے ہین سنا مینے کہ مصیبت امام حسین علیہ السلام پر جنات نوحہ و بکا
کرتے ہین اور شاہ عبد العزیز دہلوی نے رسالہ سر الشہادتین مین لکھا ہی
کہ غم جناب امام حسین علیہ السلام مین ہاتف کی آواز آتی تھی اور مرثیے
سنائی دیتے تھی اور اس طرح کی حدیثین سنیون کی کتب معتبرہ مین بکثرت موجود
ہین کہ جنسے غمناک ہونا اور رونا حضرت رسول اور حضرت امیر علیہما السلام اور ملائکہ اور
زمین و آسمان اور جنون اور جانور ونکا ثابت ہوتا ہی بلحاظ طول اون احادیث کو
نہ لکھا پس اگر شیعہ غم جناب امام حسین علیہ السلام مین روتے ہین تو کیا گناہ اور بدعت
کرتے ہین پیروی حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ملائکہ مقربین کی کرتے ہین
باایہمہ شیعون کی طرف نسبت بدعت دینا خلاف انصاف ہی اور اگر اہل سنت کہین
کہ ہم رونے کو بدعت نہین کہتے بلکہ تعزیہ اور ضریح اور تابوت بنانے کو
بدعت کہتے ہین تو جواب اسکا یہہ ہی کہ تعزیہ اور ضریح اور تابوت وغیرہ
جو بنائے جاتے ہین یہہ فقط بغرض گریہ نقل ضریح و تابوت بناتے ہین اسمین
کیا قباحت و بدعت ہے شکل غیر ذی روح بنانا مثل تصویر

مکان وغیرہ کی دونون نہ ہونین جائز ہی بلکہ سنیون کی کتابون مین مذکور ہی کہ شبیہ روضہ و قبر وغیرہ بنانا جائز ہی چنانچہ دلائل الخیرات مین شبیہ قبر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع قبر ابو بکر و عمر بنی ہی اور شارح دلائل الخیرات نے لکھا ہی کہ نقل شکل قبور شریفہ سے اس جگہہ یہہ فائدہ ہی کہ جو شخص زیارت کو نہ گیا ہو وہ اس شکل کی زیارت کرے اور وہ محب و مشتاق کمال محبت اس شکل کو بوسہ دے اور اپنا شوق بڑہائے اور اکثر بزرگون نے اس شکل مبارک کے لیے خواص و برکات بہت ذکر کیے ہین اور وہ تجربے مین آئے ہین اور روضۃ الاحباب مین شکل نعل مبارک حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بنی ہوئی ہی اور بہت سے خواص اور فوائد اوس شکل نعل کے لکھے ہین سبحان اللہ کیا انصاف ہی شکل روضہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلکہ شکل قبر ابو بکر و عمر بنانا اور اوسکی زیارت کرنا اور بوسہ دینا تو سنیون کے مذہب مین ثواب ہو اور پارۂ جگر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضے اور ضریح کی شبیہ بنانا بدعت و کفر ہو اور نعل مبارک حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شبیہ بنانا کہ بقول صاحب روضۃ الاحباب کہ وہ گائے کا چمڑا تہا اور اوسکا بوسہ لینا اور اوسکے خواص اور فوائد بیان کرنا ثواب ہو اور جناب امام حسین علیہ السلام کی ضریح اور قبر کی نقل بنانا جو کہ گوشت و پوست بلکہ روح و جان حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تہی بدعت و کفر ہو اور موسم حج مین آجتک یہ معمول ہی کہ قافلہ مصر و شام کے ہمراہ دو محملین آتی ہین ایک محمل حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نقل اور دوسری محمل عایشہ کی شبیہ ہوتی ہی اور حجاج اون محملون کو باعزاز و اکرام لاتے ہین اور اوسکے آگے روشنی کرتے ہین اور اوسکے بوسہ لیتے ہین پس اگر شبیہ بنانا کفر و بدعت ہی تو نقل محمل عایشہ بنانا بہی کفر و بدعت ہوگا

احیا جلد ۳ تحفہ اثنا عشریہ — یو نقل از کعبہ بر خیزد کجا ماند مسلمانی اہل سنت اپنے خلفا اور علما کی بدعتون کو تو
خیال کرین کہ عمر نے حی علی خیر العمل اور متعۃ النسا اور حج تمتع کو متروک کیا اور
الصلوٰۃ خیر من النوم اذان صبح مین داخل کیا اور تراویح کو ایجاد کیا اگر سنی
کہین کہ ہم اس فعل کو بدعت اسلیئے کہتے ہین کہ بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
و آلہ وسلم یہ امر ایجاد ہوا ہی تو جواب اسکا یہہ ہی کہ لازم آتا ہی کہ جو کچھہ بعد حضرت رسول
ازقبیل خانقاہ و مدرسہ و کاروان سرا و درگاہ فضل و درگاہ عبد القادر وغیرہ بنی ہین
بلکہ چہپوانا قرآن و کتب دین کا اور جو امر جدید ہوئے سب امور بدعت ہون گے
اور اگر سنی کہین کہ شیعہ دلدل و براق وغیرہ مٹی کے جو بناتے ہین اسلیے ہم
اسے بت پرستی و کفر کہتے ہین تو جواب اسکا یہہ ہی کہ یہہ فعل مردمان بازاری و
جہال کا ہی اور سب علما ہمارے اسکو حرام جانتے ہین اور ہمیشہ منع کرتے ہین
مگر شکل سکے سنیون کی کتابون مین بہی بکثرت موجود ہی چنانچہ جمع بین الصحیحین
مین عایشہ سے روایت کی ہی کہ مین نبی کے گہر مین اپنے مصاحبون سے
گڑیان کہیلتی تہی جسوقت رسول خدا تشریف لائے تو حضرت نے میرے
مصاحبون سے ارشاد فرمایا کہ تم عایشہ سے گڑیان کہیلو حالانکہ سنی خود
روایت کرتے ہین کہ ملائکہ نہین داخل ہوتے اوس گہر مین کہ جسمین صورت
جسمدار یا تماثیل ہو اور جب ہم شیعون نے عایشہ کی گڑیان کہیلنے پر اعتراض
کیا اور سنی جواب مین عاجز آئے تو فضل بن روزبہان نے اس طعن کے جواب
مین لکہا ہی کہ عایشہ جن سے کہیلتی تہین وہ گڑیان بصورت انسان نہین بلکہ
گہوڑے کی صورت تہین طرفہ ماجرا ہی کہ سنیون کے نزدیک عایشہ کا گڑیان کہیلنا
یا گہوڑے کی شکل بنانا باوجود اس علم و کمال کے کہ چالیس ہزار حدیث کی
راوی تہین بدعت نہو اور جہال شیعہ اور مردمان بازاری اگر مٹی کا دلدل بنائین

عایشہ کا گڑیان کہیلنا

تو وہ تشنیع خواص کی نسبت قرار دیا ہے البتہ یہ بھی حدیث ثقلین کے عامل ہیں
کہ روز قتل جگر بند حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عید کرتے ہیں اور لقب مبارک
روز رکھتے ہیں مگر چند شخص اس شہر کے کہتے ہیں کہ ہم عاشورہ کو عید نہیں کرتے
بلکہ غم کرتے ہیں پس جواب اسکا یہ ہے کہ عبد القادر جیلانی نے کتاب غنیۃ الطالبین
میں روز عاشورا حکم سرور کا اور سرمہ لگانے کا دیا ہے اور روز عاشورا کو روز
عید قرار دیا ہے اور ابن حجر نے صواعق میں لکھا ہے کہ پرہیز کرنا چاہیے بدعتہائے
روافض سے مثل نوحہ کرنے کے روز عاشورا کہ یہ فعل اخلاق مومنین سے
نہیں ہے اور مکہ معظمہ میں روز عاشورا آجتک اہل سنت سرمہ لگاتے ہیں
اور عطر ملتے ہیں اور تبدیل لباس کرتے ہیں **مطلب تیسرا** بیان اعمال
ماہ محرم میں کتاب زاد المعاد میں حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے
کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلی تاریخ کو محرم کی دو رکعت نماز پڑھتے
تھے اور جب نماز سے فارغ ہوتے تھے ہاتھ دعا کے لیے اوٹھاتے تھے اور
تین مرتبہ یہ دعا پڑھتے تھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهِ سَنَةٌ
جَدِيْدَةٌ فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَالْقُوَّةَ عَلٰى
هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ
يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ يَا ذَخِيْرَةَ مَنْ
لَا ذَخِيْرَةَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهٗ يَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهٗ يَا سَنَدَ
مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَا كَنْزَ لَهٗ يَا حَسَنَ الْبَلَاءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ
يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ
اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ
الشَّمْسِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ يَا اللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

خَاتِرٌ اَمَّا يَخُوضُونَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُونَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُولُونَ
حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ
كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ
اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اور جمال الاسبوع میں لکھا ہے کہ یہ مہینہ اول سال ہی اور اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے منقول ہی کہ جو کوئی ہر سال اس مہینے کے پہلے تاریخ دو رکعت نماز پڑھے جسطرح چاہے اور بعد سلام کے تین مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِيْمُ الْعَفُوُّ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ فَاَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِيْهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَالْعَوْنَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

تو حق تعالیٰ دو ملک اوسپر موکل کریگا کہ اوسکے بقیہ عمر تک شیطان کو اوس سے دور کریں اور متابعت نفس امارہ اور پیروی ہوا و ہوس سے اوسکو محفوظ رکھیں اور امور طاعت و حسنات میں اوسکی اعانت کریں اور زاد المعاد میں مذکور ہے جسکا خلاصہ ترجمہ یہہ ہی کہ حضرت سید الشہدا صلوات اللہ علیہ اس مہینے کی دسویں تاریخ شہید ہوئے اور وہ حضرت دہ اول میں زیادہ غمگین و محزون ہی چاہیے اونکے شیعہ بھی دس روز اون حضرت کی تعزیت میں بسر کریں اور محزون و اندوہ ناک رہیں اور اخبار اور احادیث مصائب پڑہیں اور بعض علما فرماتے ہیں کہ بعض لذتون کو ترک کریں اور حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جب جد انبہ میرے امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے آسمان سے خون و خاک سرخ برسائی اگر اونحضرت کے بیٹے تو اسقدر روئے کہ انسو تیر سے چہرے پر

جاری ہون تو حق تعالیٰ جمیع گناہان خورد و بزرگ تیرے بخشدیگا پھر فرمایا کہ اگر
تو چاہی کہ جسوقت مرے اور کوئی گناہ تجھپر باقی نہو تو امام حسین علیہ السلام کی زیارت
کر اور اگر تو چاہے کہ غرفہ ہاے بہشت مین نبیؐ و آل نبی کے ہمراہ رہے تو قاتلان
امام حسین علیہ السلام پر لعنت کر اور اگر تو چاہتا ہے کہ ثواب شہداے کربلا حاصل کر تو
جسوقت تجھے امام حسین علیہ السلام کی مصیبت یاد آئی تو کہہ یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ
فَوْزًا عَظِیْمًا یعنی کاش مین بھی شہدا انکے ساتھ ہوتا تا کہ فائز ہوتا درجۂ عظیم پر

بیان اعمال شب و روز عاشورا سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ کتاب اقبال مین
حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت کرتے ہین جو شخص
شب عاشورا بیداری مین بسر کرے اور عبادت خدا مین مشغول رہے گویا اوسنے
عبادت خدا کی مثل عبادت کل فرشتون کے اور مصباح العابدین و اقبال مین
لکھا ہی کہ جو شخص شب عاشورا چار رکعت نماز پڑھی ہر رکعت مین الحمد ایک مرتبہ اور قل ہو اللہ احد
پچاس مرتبہ خدا اوس کے پچاس برس کے گناہان گذشتہ اور پچاس برس کے
گناہان آیندہ بخش دیگا اور ملا اعلیٰ مین اوسکے لیے دس لاکھ شہر نور کے بنائیگا
اور زاد المعاد مین بسند معتبر حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو شخص
شب عاشورا نزدیک قبر امام حسین علیہ السلام کے ہو اور اون حضرت کی
زیارت کرے روز قیامت اپنے خون مین آلودہ بہیئت شہداے کربلا محشور ہوگا
اور جو شخص شب کو بھی اور روز عاشورا بھی زیارت امام حسین علیہ السلام کرے
مثل اسکے ہی کہ گویا وہ شخص حضرت کے نصرت مین حضرت کے سامنے شہید ہوا
اور حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو کہ روز عاشورا ہزار مرتبہ
سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھی خدا اوسکی طرف نظر رحمت فرماتا ہی اور جسپر خدا
نظر رحمت فرمائیگا ہرگز اوسپر عذاب نکریگا اور روز عاشورا ہر چیز کا کہانا اور پینا

بیان اعمال شب و روز عاشورا

نماز شب عاشورا

عمل روز عاشورا

و در بیان عمل روز عاشورا

ترک کرے اور قصد روزہ کا نکرے اور آخر روز بعد عصر کے یعنی دو گھنٹے دن رہے
افطار کرے اور تمام دنکا روزہ نرکھے مؤلف کہتا ہی فی زماننا عوام مین رواج ہی کہ
عاشورہ کو گوٹا وغیرہ کہاتے ہین یہہ نچاہیی بلکہ چاہیے کہ کوئی چیز نہ کہائے اور
حقہ بھی نہ پیئے اور روزے کا اطلاق نہونے کے لیے بعد عصر افطار کرے اور
زاد المعاد و تحفۃ الزائر مین بسند صحیح حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہی
کہ جو کوئی زیارت امام حسین علیہ السلام عاشورے کے دن پڑہتا ہی تو حقتعالی
بہشت کو اوسپر واجب کرتا ہی شیخ طوسی اور ابن قولویہ وغیرہ نے مالک سے
روایت کی ہی کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی زیارت حضرت
امام حسین علیہ السلام کی روز عاشورا پڑھے یا نزدیک قبر جناب سید الشہدا
روئے تو ملاقات کریگا حق تعالی سے قیامت کے دن ساتھ ثواب دو ہزار حج اور دو ہزار عمرہ
اور دو ہزار جہاد کے کہ ہر ایک اون مین سے ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم اور ائمہ ہدی علیہم السلام بجالایا ہو اور صاحب کتاب کامل الزیارۃ
نے اس حدیث کو بعینہ نقل کر کے بجای لفظ دو ہزار حج اور دو ہزار عمرہ اور
دو ہزار جہاد کے ہزار ہزار حج اور ہزار ہزار عمرہ اور ہزار ہزار جہاد لکھا ہی اور
ہزار ہزار کے دس لاکھ ہوتے ہین مالک نے عرض کی فدا ہون مین آپ پر
کسقدر ثواب ہی واسطے اوس شخص کے کہ جو اور کسی شہر مین ہو اور اوسکو ممکن
نہو قبر شریف پر جانا حضرت نے فرمایا کہ جو لوگ دور ہین انکو چاہیی کہ روز عاشورا جانب
صحرا چلے جائین یا جو کوٹہا اونکے گہر مین بلند ہو اوسپر چڑہ جائین اور انگشت شہادت سے قبر شریف امام حسین
علیہ السلام کی طرف اشارہ کرین اور زیارت پڑہین اور قاتلان مظلوم
کربلا پر لعن و نفرین کرنے مین جہد و کوشش کرین اور بعد اوسکے دو رکعت
نماز زیارت پڑہین اور اس عمل کو اول روز پیش از ظہر بجالائین بعد اوسکے

مصیبت امام حسین علیہ السلام پر گریہ وزاری کریں اور جو کوئی اون کے گھر میں ہو
اوسکو بھی حکم رونے کا دیں اور سامان حزن وملال اپنے گھر میں بپا کریں اور ایک
دوسرے سے اپنے اپنے گھروں میں گریہ وزاری ملاقات کرے اور ایک دوسریکو
حضرت کی مصیبت کا پرساوے امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص ان اعمال
کو بجا لاویگا تو میں ضامن ہوتا ہوں کہ جتنے ثواب کہ ذکر کیے گئے حق تعالی اوس
شخص کو عطا فرمائیگا مالک نے تعجب سے کہا کہ آپ ان ثوابوں کے ضامن اور کفیل
ہیں حضرت نے فرمایا کہ ہاں ہم ضامن اور کفیل ہیں پھر مالک نے عرض کی کہ ایک
دوسریکو کیونکر پرساوے حضرت نے فرمایا کہ ایک دوسرے سے کہے عَظَّمَ اللّٰہُ
اُجُوْرَنَا بِمُصَابِنَا بِالْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَجَعَلَنَا وَاِیَّاکُمْ مِنَ الطَّالِبِیْنَ
بِثَارِهٖ مَعَ وَلِیِّهٖ الْاِمَامِ الْمَهْدِیِّ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ اور اگر ہو سکے تو اوسدن کسی کام کے لیئے
گھر سے باہر نہ نکلے کہ یہ روز نحس ہے حاجت مومن اسدن نہیں بر آتی اگر بر آتی
ہے تو برکت نہیں ہوتی اور وہ شخص خیر و نیکی نہ دیکھیگا اور اسدن کوئی چیز لا کر ذخیرہ
نکرے اس لیئے کہ وہ چیز اہل خانہ کے لیئے مبارک نہوگی اور نہ اہل خانہ مبارک
ہونگے اوس شخص کے لیئے پس جو شخص ایسا کریگا اوسکے لیئے ہزار ہزار حج اور ہزار
ہزار عمرہ کا اور ہزار ہزار جہاد کا ثواب لکھا جائیگا کہ وہ حج و عمرہ و جہاد ہمراہ جناب
رسول خدا کے کیے ہوں اور ہر پیغمبر و ہر رسول و ہر صدیق و ہر شہید کہ ابتدائے
عالم سے تا قیامت شہید ہوئے ہیں اور شہید ہونگے اون سبکی مصیبت کا
اس شخص کو ثواب حاصل ہوگا علقمہ بن محمد کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر
علیہ السلام سے عرض کی کہ یا حضرت آپ مجکو وہ زیارت تعلیم فرمائیے کہ روز عاشورا
اگر میں نزدیک قبر شریف کے ہوں تو اوس زیارت کو پڑھوں اور اُس زیارت
کو بھی ارشاد فرمائیے کہ جب میں کسی اور شہر میں ہوں تو اوسکو اشارہ کر کے پڑھوں

اور زیارت کرو ان حضرت نے فرمایا ای علقمہ جسوقت کہ بجا لائے تو اون دو رکعتونکو
بعد اسکے کہ اشارہ کیا ہو تونے طرف اون حضرت کے ساتھہ سلام کے اور کہا ہو تونے
بعد اشارہ اور نماز کے اوس قول کو کہ مذکور ہوگا پس البتہ وہ دعا پڑہی ہی تونے
کہ جو ملائکہ پڑہتی ہین وقت زیارت اون حضرت کے اور لکہتا ہی خداوند کریم واسطی
تیرے ہزار ہزار حسنہ اور محو کرتا ہی تیرے لیئے ہزار ہزار گناہ اور بلند کریگا خدا بہشت
مین ہزار ہزار درجہ اور ہوگا تو اون لوگون مین سے کہ جو شہید ہوئے ہین
حضرت امام حسین علیہ السلام کے ہمراہ اور شریک ہوگا تو درجات اور ثواب
مین شہیدون کے اور تجکو اون لوگون مین سے جانینگی کہ جو حضرت کے ساتھہ
شہید ہوئے ہین اور لکہا جائیگا واسطے تیرے ثواب زیارت ہر پیغمبر اور رسول کا
اور سوای انکے کہ جسنے زیارت حضرت کی کی ہی اون سب لوگون کی زیارت کا
ثواب تجکو ملیگا اور وہ زیارت یہہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَيِّدَةِ
نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهِ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ
الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ عَلَيْكُمْ مِنِّيْ جَمِيْعًا سَلَامُ اللّٰهِ
اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ
عَلَيْكَ لَقَدْ عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّتِ الْمُصِيْبَةُ بِكَ عَلَيْنَا وَعَلٰى جَمِيْعِ
اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَجَلَّتْ وَعَظُمَتْ مُصِيْبَتُكَ فِي السَّمٰوَاتِ عَلٰى جَمِيْعِ
اَهْلِ السَّمٰوَاتِ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسَّسَتْ اَسَاسَ الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ عَلَيْكُمْ
اَهْلَ الْبَيْتِ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً دَفَعَتْكُمْ عَنْ مَقَامِكُمْ وَاَزَالَتْكُمْ عَنْ

مَرَاتِبِكُمُ الَّتِي رَتَّبَكُمُ اللّٰهُ فِيهَا وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكُمْ وَلَعَنَ اللّٰهُ
الْمُمَهِّدِينَ لَهُمْ بِالتَّمْكِينِ مِنْ قِتَالِكُمْ وَبَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَ
مِنْ اَشْيَاعِهِمْ وَاَتْبَاعِهِمْ وَاَوْلِيَائِهِمْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ
وَسَلَامُهُ عَلَيْكَ اِنِّي سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ
اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَلَعَنَ اللّٰهُ آلَ زِيَادٍ وَآلَ مَرْوَانَ وَلَعَنَ اللّٰهُ بَنِي اُمَيَّةَ
قَاطِبَةً وَلَعَنَ اللّٰهُ ابْنَ مَرْجَانَةَ وَلَعَنَ اللّٰهُ عُمَرَ بْنَ سَعْدٍ وَلَعَنَ اللّٰهُ شِمْراً وَلَعَنَ اللّٰهُ
اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَاَلْجَمَتْ وَتَنَقَّبَتْ وَتَهَيَّئَتْ لِقِتَالِكَ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي
صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْكَ لَقَدْ عَظُمَ مُصَابِي بِكَ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ
الَّذِي اَكْرَمَ مَقَامَكَ وَاَكْرَمَنِي بِكَ اَنْ يَرْزُقَنِي طَلَبَ ثَارِكَ مَعَ اِمَامٍ
مَنْصُورٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي عِنْدَكَ وَجِيهاً بِالْحُسَيْنِ
وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْكَ
اِنِّي اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَى رَسُولِهِ وَاِلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَاِلَى فَاطِمَةَ
وَاِلَى الْحَسَنِ وَاِلَيْكَ بِمُوَالَاتِكَ وَبِالْبَرَاءَةِ مِمَّنْ قَاتَلَكَ وَنَصَبَ لَكَ
الْحَرْبَ وَبِالْبَرَاءَةِ مِمَّنْ اَسَّسَ اَسَاسَ الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ عَلَيْكُمْ وَاَبْرَءُ
اِلَى اللّٰهِ وَاِلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ اَسَّسَ اَسَاسَ ذٰلِكَ
وَبَنَى عَلَيْهِ بُنْيَانَهُ وَجَرَى فِي ظُلْمِهِ وَجَوْرِهِ عَلَيْكُمْ وَعَلَى اَشْيَاعِكُمْ بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ
مِنْهُمْ وَاَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ اِلَيْكُمْ بِمُوَالَاتِكُمْ وَمُوَالَاتِ وَلِيِّكُمْ وَبِالْبَرَاءَةِ مِنْ اَعْدَائِكُمْ
وَالنَّاصِبِينَ لَكُمُ الْحَرْبَ وَبِالْبَرَاءَةِ مِنْ اَشْيَاعِهِمْ وَاَتْبَاعِهِمْ وَ
اَوْلِيَائِهِمْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اِنِّي سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ
وَوَلِيٌّ لِمَنْ وَالَاكُمْ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكُمْ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِي اَكْرَمَنِي
بِمَعْرِفَتِكُمْ وَمَعْرِفَةِ اَوْلِيَائِكُمْ وَرَزَقَنِي الْبَرَاءَةَ مِنْ اَعْدَائِكُمْ

أَنْ يَجْعَلَنِي مَعَكُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَنْ يُثَبِّتَ لِي عِنْدَكُمْ
قَدَمَ صِدْقٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَسْأَلُهُ أَنْ يُبَلِّغَنِيَ الْمَقَامَ
الْمَحْمُودَ الَّذِي لَكُمْ عِنْدَ اللهِ وَأَنْ يَرْزُقَنِي طَلَبَ ثَارِي مَعَ إِمَامٍ
مَهْدِيٍّ ظَاهِرٍ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ مِنْكُمْ وَأَسْأَلُ اللهَ بِحَقِّكُمْ
وَبِالشَّأْنِ الَّذِي لَكُمْ عِنْدَهُ أَنْ يُعْطِيَنِي بِمُصَابِي بِكُمْ أَفْضَلَ
مَا يُعْطِي مُصَابًا بِمُصِيبَتِهِ يَا لَهَا مُصِيبَةً مَا أَعْظَمَهَا وَأَعْظَمَ
رَزِيَّتَهَا فِي الْإِسْلَامِ وَفِي جَمِيعِ أَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ
اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي فِي مَقَامِي هٰذَا مِمَّنْ تَنَالُهُ مِنْكَ صَلَوَاتٌ
وَرَحْمَةٌ وَمَغْفِرَةٌ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَحْيَايَ مَحْيَا مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ
وَمَمَاتِي مَمَاتَ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ وَسَلَامُكَ عَلَيْهِمْ
اللّٰهُمَّ إِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُو أُمَيَّةَ وَابْنُ آكِلَةِ
الْأَكْبَادِ اللَّعِينُ ابْنُ اللَّعِينِ عَلَى لِسَانِكَ وَلِسَانِ نَبِيِّكَ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فِي كُلِّ مَوْطِنٍ وَمَوْقِفٍ وَقَفَ فِيهِ
نَبِيُّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ اللّٰهُمَّ الْعَنْ أَبَا سُفْيَانَ وَمُعَاوِيَةَ بْنَ
أَبِي سُفْيَانَ وَيَزِيدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ وَآلَ مَرْوَانَ عَلَيْهِمْ مِنْكَ اللَّعْنَةُ
أَبَدَ الْآبِدِينَ وَهٰذَا يَوْمٌ فَرِحَتْ بِهِ آلُ زِيَادٍ وَآلُ مَرْوَانَ عَلَيْهِمُ
اللَّعْنَةُ بِقَتْلِهِمُ الْحُسَيْنَ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِ اللّٰهُمَّ فَضَاعِفْ
عَلَيْهِمُ اللَّعْنَ مِنْكَ وَالْعَذَابَ الْأَلِيمَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَتَقَرَّبُ إِلَيْكَ
فِي هٰذَا الْيَوْمِ وَفِي مَوْقِفِي هٰذَا وَأَيَّامِ حَيَاتِي بِالْبَرَاءَةِ مِنْهُمْ وَاللَّعْنَةِ
عَلَيْهِمْ وَبِالْمُوَالَاةِ لِنَبِيِّكَ وَآلِ نَبِيِّكَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ پس سو مرتبہ کہو
اللّٰهُمَّ الْعَنْ أَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَآخِرَ تَابِعٍ لَهُ

عَلٰی ذٰلِکَ اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَۃَ الَّتِیْ جَاھَدَتِ الْحُسَیْنَ صَلَوَاتُکَ
عَلَیْہِ وَشَایَعَتْ وَبَایَعَتْ وَتَابَعَتْ عَلٰی قَتْلِہٖ اَللّٰھُمَّ الْعَنْھُمْ جَمِیْعًا
پس سو مرتبہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَعَلَی الْاَرْوَاحِ
الَّتِیْ حَلَّتْ بِفِنَائِکَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِکَ عَلَیْکَ مِنِّیْ سَلَامُ اللّٰہِ
اَبَدًا مَا بَقِیْتُ وَبَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّھَارُ وَلَا جَعَلَہُ اللّٰہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنِّیْ
لِزِیَارَتِکَ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ وَعَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ وَعَلٰی اَوْلَادِ الْحُسَیْنِ
وَعَلٰی اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ پس کہے اَللّٰھُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّیْ
وَابْدَأْ بِہٖ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِیْ ثُمَّ الثَّالِثَ ثُمَّ الرَّابِعَ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ یَزِیْدَ بْنَ مُعَاوِیَۃَ
خَامِسًا وَالْعَنْ عُبَیْدَ اللّٰہِ بْنَ زِیَادٍ وَابْنَ مَرْجَانَۃَ وَعُمَرَ بْنَ سَعْدٍ
وَشِمْرًا وَاٰلَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَاٰلَ زِیَادٍ وَاٰلَ مَرْوَانَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ پس سجدہ میں جاوے اور کہے
اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ عَلٰی مُصَابِھِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی عَظِیْمِ
رَزِیَّتِیْ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَفَاعَۃَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَوْمَ الْوُرُوْدِ وَثَبِّتْ لِیْ
قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَکَ مَعَ الْحُسَیْنِ وَاَوْلَادِ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِ
الْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْا مُھَجَھُمْ دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ
علقمہ کہتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر تو اس ترکیب سے
ہر روز پڑھیگا تو جسقدر کہ ثواب مذکور ہوا ہی وہ سب تجکو ہر روز ملا کریگا اور
محمد بن خالد طیالسی نے سیف بن عمیرہ سے روایت کی ہی وہ کہتا ہی کہ مین
صفوان بن مہران الجمال اور بہت سے احباب کے ہمراہ نجف اشرف مین
زیارت کے لیے گیا بعد اسکے کہ حضرت صادق علیہ السلام حیرہ سے مدینہ کو تشریف
لے جاچکے تھے جب مین زیارت جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام
سے فارغ ہوا تو صفوان نے بالائی سر حضرت امیر المومنین علیہ السلام اپنا موںھ

قبر شریف امام حسین علیہ السلام کی طرف کیا اور کہا کہ ایک مرتبہ مین حضرت امام جعفر
صادق علیہ السلام کے ساتھ اس مقام شریف مین آیا تہا حضرت نے اسیطرح
اس زیارت کو پڑہا تہا جس طرح کہ مین اس زیارت کو بجا لایا پس صفوان نے
وہ زیارت پڑہی کہ جو علقمہ نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت
کی تہی پہر دو رکعت نماز نزدیک سر مبارک امیر المومنین علیہ السلام پڑہ کی
حضرت کو وداع کیا پہر قبر شریف جناب سید الشہدا کی طرف منہ کیا اور اون
حضرت کو بہی وداع کیا اور منجملہ اون دعاؤن کے کہ بعد دو رکعت نماز کی پڑہی یہ دعا ہے
يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ يَا كَاشِفَ كُرَبِ
الْمَكْرُوبِينَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ وَيَا صَرِيخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ
وَيَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَيَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ وَيَا مَنْ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ
وَقَلْبِهِ وَيَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰى وَبِالْاُفُقِ الْمُبِينِ وَيَا مَنْ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيمُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى وَيَا مَنْ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي
الصُّدُورُ وَيَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ وَيَا مَنْ لَا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ
الْاَصْوَاتُ وَيَا مَنْ لَا تُغَلِّطُهُ الْحَاجَاتُ وَيَا مَنْ لَا يُبْرِمُهُ
اِلْحَاحُ الْمُلِحِّينَ وَيَا مُدْرِكَ كُلِّ فَوْتٍ وَيَا جَامِعَ كُلِّ شَمْلٍ وَيَا بَارِئَ
النُّفُوسِ بَعْدَ الْمَوْتِ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ فِي شَاْنٍ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ
يَا مُنَفِّسَ الْكُرُبَاتِ يَا مُعْطِيَ السُّؤُلَاتِ يَا وَلِيَّ الرَّغَبَاتِ يَا كَافِيَ
الْمُهِمَّاتِ يَا مَنْ يَكْفِي مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَا يَكْفِي مِنْهُ شَيْءٌ فِي السَّمٰوَاتِ
وَالْاَرْضِ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَبِحَقِّ
الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَبِحَقِّ التِّسْعَةِ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ
فَاِنِّي بِهِمْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ فِي مَقَامِي هٰذَا وَبِهِمْ اَتَوَسَّلُ وَبِهِمْ اَتَشَفَّعُ

اِلَیْکَ وَبِحَقِّهِمْ اَسْاَلُکَ وَاُقْسِمُ وَاَعْزِمُ عَلَیْکَ وَبِالشَّاْنِ الَّذِیْ لَهُمْ
عِنْدَکَ وَبِالْقَدْرِ الَّذِیْ لَهُمْ عِنْدَکَ وَبِالَّذِیْ فَضَّلْتَهُمْ عَلَی
الْعَالَمِیْنَ وَبِاسْمِکَ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ عِنْدَهُمْ وَبِهٖ خَصَصْتَهُمْ
دُوْنَ الْعَالَمِیْنَ وَبِهٖ اَبَنْتَهُمْ وَاَبَنْتَ فَضْلَهُمْ مِنْ فَضْلِ الْعَالَمِیْنَ
حَتّٰی فَاقَ فَضْلُهُمْ فَضْلَ الْعَالَمِیْنَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَاَنْ تَکْشِفَ عَنِّیْ غَمِّیْ وَهَمِّیْ وَکَرْبِیْ وَتَکْفِیَنِی الْمُهِمَّ مِنْ اُمُوْرِیْ
وَتَقْضِیَ عَنِّیْ دَیْنِیْ وَتُجِیْرَنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَتُجِیْرَنِیْ مِنَ الْفَاقَةِ وَتُغْنِیَنِیْ
عَنِ الْمَسْئَلَةِ اِلَی الْمَخْلُوْقِیْنَ وَتَکْفِیَنِیْ هَمَّ مَنْ اَخَافُ هَمَّهٗ وَعُسْرَ مَنْ
اَخَافُ عُسْرَهٗ وَحُزُوْنَةَ مَنْ اَخَافُ حُزُوْنَتَهٗ وَشَرَّ مَنْ اَخَافُ شَرَّهٗ
وَمَکْرَ مَنْ اَخَافُ مَکْرَهٗ وَبَغْیَ مَنْ اَخَافُ بَغْیَهٗ وَجَوْرَ مَنْ اَخَافُ
جَوْرَهٗ وَسُلْطَانَ مَنْ اَخَافُ سُلْطَانَهٗ وَکَیْدَ مَنْ اَخَافُ کَیْدَهٗ
وَمَقْدُرَةَ مَنْ اَخَافُ بَلَاءَ مَقْدُرَتِهٖ عَلَیَّ وَتَرُدَّ عَنِّیْ کَیْدَ
الْکَیَدَةِ وَمَکْرَ الْمَکَرَةِ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَرَادَنِیْ بِسُوْءٍ فَاَرِدْهُ وَمَنْ کَادَنِیْ
فَکِدْهُ وَاصْرِفْ عَنِّیْ کَیْدَهٗ وَمَکْرَهٗ وَبَاْسَهٗ
وَاَمَانِیَّهٗ وَامْنَعْهُ عَنِّیْ کَیْفَ شِئْتَ وَاَنّٰی شِئْتَ
اَللّٰهُمَّ اشْغَلْهُ عَنِّیْ بِفَقْرٍ لَا تَجْبُرُهٗ وَبِبَلَاءٍ لَا تَسْتُرُهٗ وَبِفَاقَةٍ
لَا تَسُدُّهَا وَبِسُقْمٍ لَا تُعَافِیْهِ وَذُلٍّ لَا تُعِزُّهٗ وَبِمَسْکَنَةٍ
لَا تَجْبُرُهَا اَللّٰهُمَّ اضْرِبْ بِالذُّلِّ نَصْبَ عَیْنَیْهِ وَاَدْخِلْ عَلَیْهِ
الْفَقْرَ فِیْ مَنْزِلِهٖ وَالْعِلَّةَ وَالسُّقْمَ فِیْ بَدَنِهٖ حَتّٰی تَشْغَلَهٗ عَنِّیْ
بِشُغْلٍ شَاغِلٍ لَا فَرَاغَ لَهٗ وَاَنْسِهٖ ذِکْرِیْ کَمَا اَنْسَیْتَهٗ ذِکْرَکَ
وَخُذْ عَنِّیْ بِسَمْعِهٖ وَبَصَرِهٖ وَلِسَانِهٖ وَیَدِهٖ وَرِجْلِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَمِیْعِ

جوارحه وادخل عليه في جميع ذلك السقم ولا تشفه حتى تجعل ذلك له شغلا شاغلا به عني وعن ذكري واكفني يا كافي ما لا يكفي سواك فانك الكافي لا كافي سواك ومفرج لا مفرج سواك ومغيث لا مغيث سواك وجار لا جار سواك خاب من كان جاره سواك ومغيثه سواك ومفزعه الى سواك ومهربه وملجأه الى غيرك ومنجاه من مخلوق غيرك وانت ثقتي ورجائي ومفزعي ومهربي وملجأي ومنجاي فبك استفتح وبك استنجح وبمحمد وال محمد اتوجه اليك واتوسل واتشفع فاسألك يا الله يا الله يا الله فلك الحمد ولك الشكر واليك المشتكى وانت المستعان فاسألك يا الله بحق محمد وال محمد ان تصلي على محمد وال محمد وان تكشف عني غمي وهمي وكربي في مقامي هذا كما كشفت عن نبيك همه وغمه وكربه وكفيته هول عدوه فاكشف عني كما كشفت عنه وفرج عني كما فرجت عنه واكفني كما كفيته واصرف عني هول ما اخاف هوله ومؤنة ما اخاف مؤنته وهم ما اخاف همه بلا مؤنة على نفسي من ذلك واصرف بقضاء حوائجي وكفاية ما اهمني همه من امر اخرتي ودنياي يا امير المؤمنين ويا ابا عبد الله عليكما مني سلام الله ابدا ما بقيت وبقي الليل والنهار ولا جعله الله اخر العهد من زيارتكما ولا فرق الله بيني وبينكما اللهم احيني حيوة محمد وذريته وامتني مماتهم وتوفني على ملتهم واحشرني في زمرتهم ولا تفرق بيني وبينهم طرفة

عنی ابداً فی الدنیا والآخرۃ یا امیر المؤمنین ویا ابا عبد اللہ
صلوات اللہ علیکما اتیتکما زائرا ومتوسلا الی اللہ ربی
وربکما ومتوجها الیه بکما ومستشفعا بکما الی اللہ فی حاجتی
هذه فاشفعا لی فان لکما عند اللہ المقام المحمود والجاه
الوجیه والمنزل الرفیع والوسیلة انی انقلب عنکما
منتظرا لتنجز الحاجة وقضائها ونجاحها من اللہ بشفاعتکما
لی الی اللہ فی ذلک فلا اخیب ولا یکون منقلبی منقلبا
خائبا خاسرا بل یکون منقلبی منقلبا راجحا مفلحا منجحا
مستجابا لی بقضاء جمیع حوائجی وتشفعا لی الی اللہ انقلب
علی ما شاء اللہ ولا حول ولا قوة الا باللہ مفوضا امری
الی اللہ ملجئا ظهری الی اللہ ومتوکلا علی اللہ واقول حسبی
اللہ وکفی سمع اللہ لمن دعا لیس لی وراء اللہ ووراءکم یا
سادتی منتهی ما شاء ربی کان وما لم یشأ لم یکن ولا حول
ولا قوة الا باللہ استودعکما اللہ ولا جعله اللہ آخر
العهد منی الیکما انصرفت یا سیدی یا امیر المؤمنین
یا مولای وانت یا ابا عبد اللہ یا سیدی وسلامی علیکما
متصل ما اتصل اللیل والنهار واصل ذلک الیکما غیر محجوب
عنکما سلامی ان شاء اللہ واسأله بحقکما ان یشاء ذلک
ویفعل فانه حمید مجید انقلبت یا سیدی عنکما تائبا
حامدا للہ شاکرا راجیا للاجابة غیر آیس ولا قانط
آئبا عائدا راجعا الی زیارتکما غیر راغب عنکما ولا عن

زِيَارَتِكُمَا بَلْ رَاجِعٌ عَائِدٌ اِنْشَاءَ اللّٰهُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ يَا سَادَتِي رَغِبْتُ اِلَيْكُمَا وَاِلٰى زِيَارَتِكُمَا بَعْدَ اَنْ زَهِدَ فِيْكُمَا وَفِي زِيَارَتِكُمَا اَهْلُ الدُّنْيَا فَلَا خَيَّبَنِيَ اللّٰهُ مِمَّا رَجَوْتُ وَمَا اَمَّلْتُ فِي زِيَارَتِكُمَا اِنَّهُ قَرِيْبٌ

مُجِيْبٌ سیف بن عمیرہ کہتے ہین کہ صفوان سے بیان کیا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھسے فرمایا کہ ای صفوان محافظت کر تو اس زیارت کی اور پڑھ تو اس دعا کو اور ہمیشہ اسیطرح زیارت کیا کر کہ مین ضامن ہون کہ جو کوئی اس زیارت اور دعا کو نزدیک قبر شریف یا دور سے پڑھیگا تو زیارت اوسکی قبول ہوگی اور اوسکے سعی کی حق تعالی مزدوری دیگا اور سلام اوس شخص کا حضرت امام حسین علیہ السلام تک پونہچے گا اور محجوب نہوگا اور جو کچھ کہ خدا سے طلب کریگا حاجت اوسکی برآئیگی ہرچند حاجت اوسکی عظیم ہو پہر حضرت نے اسی ضمانت کو اپنے اجداد طاہرین سے نقل فرمایا اور فرمایا کہ رسول خدا نے اسی ضمانت سے جبرئیل امین سے اور جبرئیل امین نے اسی ضمانت سے خداوند عالم سے سنا ہی پہر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ای صفوان جسوقت تجکو کوئی امر اہم و دشوار ہو تو تو اس زیارت کو پڑھ اور خدا سے اپنی حاجت طلب کر حق تعالی اس زیارت اور دعا کی برکت سے تیری حاجت روا کریگا خواہ تو قبر شریف کے نزدیک ہو یا دور ہو اور خدا خلاف وعدہ نہین کرتا مولف کہتا ہی کہ قضاے حاجت کے لیئے یہہ امر بہت سریع الاثر اور مجرب ہی اور از بس کہ حدیث مین ہر امر مشکل کے لیئے اس عمل کا پڑھنا وارد ہوا ہے پس اگر غیر عاشورہ اس زیارت کو بجا لاے تو بجاے اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُوْ اُمَيَّةَ کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّ يَوْمَ قَتْلِ الْحُسَيْنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهِ بَنُوْ اُمَيَّةَ جناب اخوند مجلسی نے زاد المعاد مین بسبب مشکل ہونے

فضیلت زیارت صفوان

فضیلت زیارت مین

اصل عبارت حدیث عمل عاشورا مین بہت احتیاط فرمائی ہو اور نماز پڑھنے کو
مکرر لکھا ہی مگر جناب علیین مکان سید العلما سند الفقہا سید حسین صاحب مرحوم نے
عبارت حدیث کو حل کرکے یہہ تحقیق کی ہی اور یہہ فتوی دیا ہی کہ اول زیارت
عاشورا مع صد مرتبہ لعن وصد مرتبہ سلام تا الی یوم القیامتہ وسجدۂ ماثورہ بجالا کے
بعد ازین دو رکعت نماز پڑھے اور دعای یا اللہ یا اللہ پڑھکے مشغول بنوحہ وبکا
ہوئے اور یہی فتوی جناب قبلہ وکعبہ عمدة الفقہا جناب سید محمد تقی صاحب مرحوم
کا ہی مگر دستور العمل جناب علیین مکان کا یہہ تھا کہ جیسا صاحب اعمال الصالحین
لکھتے ہین کہ پہلے جناب ممدوح روز عاشورا زیارت متوسطہ پڑھتے تھے اور اگر
طاقت نے وفا نکی تو زیارت مختصرہ پڑھکر دو رکعت نماز زیارت بجالاتے تھے
اور بعد دو رکعتون کے زیارت عاشورا اور بعد اوسکے دعای مذکورہ پڑھتے تھے
اور بعد ان سب اعمال کے دو رکعت نماز پڑھتے تھی اور زیارت مختصرہ یہہ ہے
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اور زاد المعاد مین روز عاشورا
یہہ زیارت منقول ہی کہ مشتمل ہی زیارت سایر شہدا و تعزیت حضرت رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ ہدی علیہم السلام پر مناسب ہی کہ آخر روز عاشورا
اس زیارت کو بجا لائے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ
اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ
عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ حَسَنِ الشَّهِيْدِ
سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

زیارت آخر روز عاشورا

یَا ابْنَ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ وَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ
فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَیِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خِیَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِیَرَتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ثَارَ اللّٰهِ وَ
ابْنَ ثَارِهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْاِمَامُ
الْهَادِی الزَّکِیُّ وَعَلٰی اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَائِکَ وَاَقَامَتْ فِیْ جِوَارِکَ
وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ مِنِّیْ مَا بَقِیْتُ وَبَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ
فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِکَ الرَّزِیَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ فِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَفِی الْمُسْلِمِیْنَ
وَفِیْ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ اَجْمَعِیْنَ وَفِیْ سُکَّانِ الْاَرَضِیْنَ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ
رَاجِعُوْنَ وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ وَتَحِیَّاتُهُ عَلَیْکَ وَعَلٰی اٰبَائِکَ
الطَّیِّبِیْنَ الْمُنْتَجَبِیْنَ وَعَلٰی ذَرَارِیْهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا مَوْلَایَ وَعَلَیْهِمْ وَعَلٰی رُوْحِکَ وَعَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰی تُرْبَتِکَ وَعَلٰی
تُرْبَتِهِمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَرِضْوَانًا وَرَوْحًا وَرَیْحَانًا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا مَوْلَایَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ یَا ابْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَیَا ابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ
وَیَا ابْنَ سَیِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَهِیْدُ یَا ابْنَ
الشَّهِیْدِ یَا اَخَا الشَّهِیْدِ یَا اَبَا الشُّهَدَاءِ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّیْ فِیْ هٰذِهِ
السَّاعَةِ وَفِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَفِیْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِیْ کُلِّ وَقْتٍ تَحِیَّةً کَثِیْرَةً
وَسَلَامًا سَلَامُ اللّٰهِ عَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ یَا ابْنَ سَیِّدِ
الْعَالَمِیْنَ وَعَلَی الْمُسْتَشْهَدِیْنَ مَعَکَ سَلَامًا مُتَّصِلًا مَا اتَّصَلَ اللَّیْلُ
وَالنَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ الشَّهِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلٰی عَلِیِّ ابْنِ
الْحُسَیْنِ الشَّهِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْعَبَّاسِ بْنِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ الشَّهِیْدِ
اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَاءِ

مِنْ وُلْدِ الْحَسَنِ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ
عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَعَقِيلٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ
مَعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَلِّغْهُمْ
عَنِّي تَحِيَّةً كَثِيرَةً وَسَلَامًا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِي وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ
يَا فَاطِمَةُ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكِ الْعَزَاءَ فِي وَلَدِكِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِي وَلَدِكَ
الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ نِ الْحَسَنِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ
الْعَزَاءَ فِي اَخِيكَ الْحُسَيْنِ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنَا ضَيْفُ اللّٰهِ
وَضَيْفُكَ وَجَارُ اللّٰهِ وَجَارُكَ وَلِكُلِّ ضَيْفٍ وَجَارٍ قِرًى وَقِرَايَ
فِي هٰذَا الْوَقْتِ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى اَنْ يَرْزُقَنِي فَكَاكَ
رَقَبَتِي مِنَ النَّارِ اِنَّهُ سَمِيعُ الدُّعَاءِ قَرِيبٌ مُجِيبٌ

کتاب زاد المعاد مین بسند صحیح عبداللہ بن سنان سے روایت کی ہے وہ کہتے ہین
مین خدمت باسعادت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام مین روز عاشورا حاضر
ہوا حضرت کو متغیر اللون واندوہناک پایا آنسو چشم مبارک سے مانند مروارید
گرتے تھے مینے عرض کی یا ابن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سبب آپکے
رونے کا کیا ہی خدا ہرگز آپ کو نہ رولاے حضرت نے فرمایا کیا تو غافل ہے
اور نہین جانتا کہ مثل اس روز کے حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوئی ہین
مینے عرض کی ای سید میرے آپ آج کے روزے کے باب مین کیا ارشاد فرماتے
ہین فرمایا کہ روزہ رکھ بے اسکے کہ رات کو روزے کی نیت کرے تو اور افطار کر
بے اسکے کہ خوشحال ہو تو مصیبت امام حسین ع پر اور تمام دنکا روزہ نہ رکھ

چاہیے کہ جب بعد عصر کے ایک ساعت گذرے تو اوسوقت پانی سے افطار کر اسلیے
کہ آل رسول سے اسی وقت لڑائی موقوف ہوئی ہی اور تیس آدمی اہلبیت مین
سے اور دوستوں مین سے اس تیج کے زمین پہ پڑی تھے کہ اگر حضرت رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم دنیا مین ہوتے تو اونکا پرسا حضرت کو دیا جاتا پس حضرت صادق
علیہ السلام اسقدر روئے کہ ریش مبارک آنسوؤنسے تر ہوگئی بعد اوسکے فرمایا کہ
بہترین کار کہ جو اس روز تو کرے وہ یہہ ہی کہ کپڑے طاہر پہن اور بندونکو
کہول دے اور آستینون کو کہنیون تک مثل مصیبت زدگان چڑہالے اور بسبب تقیہ
بیابان کی طرف یا کسی ایسے مکان مین کہ کوئی تجھے نہ دیکھے یا کسی خالی گھر مین
چلا جا اور باخشوع وخضوع ور کوع پسندیدہ چار رکعت نماز بجالا اور رکعت اول
مین بعد سورہ حمد کے سورہ قُل یا ایُّہا الکافِرُون پڑہ اور دوسری رکعت مین
قُل ھُو اللہ احد اور سلام کہکر نماز تمام کر اور دو رکعت آخر مین رکعت اول مین
بعد سورہ حمد سورہ احزاب اور دوسری رکعت مین سورۂ اِذا جاءَکَ
المنافقون پڑہ اور اگر یہہ سورے زیاد ہون تو جو سورہ ہوسکے پڑہ پس
پہر منہ اپنا روضۂ مقدسۂ جناب امام حسین علیہ السلام کی طرف کر اور دل مین
خیال شہادت امام مظلوم واولاد واقربا واصحاب حضرت کر کے حضرت پہ
سلام کر او صلوات بہیج اور اونکے قاتلونپر لعنت کر دوسری روایت مین ہی
کہ تو قاتلان حضرت پر ہزار مرتبہ لعنت کر کہ عوض ہر ایک لعنت کے ہزار حسنہ
تیرے واسطے لکہی جاتے ہین اور ہزار گناہ تیرے محو ہوتے ہین اور ہزار درجہ
بہشت مین تیرے لیے بلند ہوتے ہین اور بہتر یہہ ہی کہ ہزار مرتبہ کہے اللّٰھُمَّ
العن قتلۃ الحسین واصحابہ پس فرمایا کہ بعد اسکے جس جگہہ کہ ایستادہ ہی چند قدم
آگے بڑہا اور کہہ انا للہ وانا الیہ راجعون رضاً بقضائہ وتسلیماً لامرہ

اگر سات مرتبہ اسیطرح کرے تو بہتر ہی بعد اسکے فرمایا کہ اس احوال مین چاہیے
کہ محزون وغمناک و گریان ہو اور اپنے مقام پر پھر جا اور کہہ اللّٰھُمَّ عَذِّبِ
الْفَجَرَةَ الَّذِیْنَ شَاقُّوْا رَسُوْلَکَ وَحَارَبُوْا اَوْلِیَائَکَ وَعَبَدُوْا
غَیْرَکَ وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَکَ وَالْعَنِ الْقَادَةَ وَالْاَتْبَاعَ وَمَنْ کَانَ
مِنْھُمْ فَخَبَّ وَاَوْضَعَ مَعَھُمْ اَوْ رَضِیَ بِفِعْلِھِمْ لَعْنًا کَثِیْرًا اَللّٰھُمَّ وَ
عَجِّلْ فَرَجَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْ صَلَوَاتِکَ عَلَیْهِ وَعَلَیْھِمْ وَاسْتَنْقِذْھُمْ
مِنْ اَیْدِی الْمُنَافِقِیْنَ الْمُضِلِّیْنَ وَالْکَفَرَةِ الْجَاحِدِیْنَ وَافْتَحْ
لَھُمْ فَتْحًا یَسِیْرًا وَاَتِحْ لَھُمْ رَوْحًا وَفَرَجًا قَرِیْبًا وَاجْعَلْ لَھُمْ
مِنْ لَدُنْکَ عَلٰی عَدُوِّکَ وَعَدُوِّھِمْ سُلْطَانًا نَصِیْرًا
پس دعا کے لیے ہاتھ اوٹھا اور دشمنان آل محمد کا قصد کر اور کہہ اَللّٰھُمَّ اِنَّ
کَثِیْرًا مِنَ الْاُمَّةِ نَاصَبَتِ الْمُسْتَحْفِظِیْنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ وَکَفَرَتْ
بِالْکَلِمَةِ وَعَکَفَتْ عَلَی الْقَادَةِ الظَّلَمَةِ وَھَجَرَتِ الْکِتَابَ
وَالسُّنَّةَ وَعَدَلَتْ عَنِ الْحَبْلَیْنِ اللَّذَیْنِ اَمَرْتَ بِطَاعَتِھِمَا
وَالتَّمَسُّکِ بِھِمَا فَاَمَاتَتِ الْحَقَّ وَحَادَتْ عَنِ الْقَصْدِ وَمَالَاتِ
الْاَحْزَابَ وَحَرَّفَتِ الْکِتَابَ وَکَفَرَتْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَھَا وَ
تَمَسَّکَتْ بِالْبَاطِلِ لَمَّا اعْتَرَضَھَا وَضَیَّعَتْ حَقَّکَ وَاَضَلَّتْ
خَلْقَکَ وَقَتَلَتْ اَوْلَادَ نَبِیِّکَ وَخِیَرَةَ عِبَادِکَ وَحَمَلَةَ عِلْمِکَ وَوَرَثَةَ حِکْمَتِکَ
وَوَحْیِکَ اَللّٰھُمَّ فَزَلْزِلْ اَقْدَامَ اَعْدَائِکَ وَاَعْدَاءِ رَسُوْلِکَ
وَاَھْلِ بَیْتِ رَسُوْلِکَ اَللّٰھُمَّ وَاَخْرِبْ دِیَارَھُمْ وَافْلُلْ سِلَاحَھُمْ
وَخَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَفُتَّ فِیْ اَعْضَادِھِمْ وَاَوْھِنْ کَیْدَھُمْ وَ
اضْرِبْھُمْ بِسَیْفِکَ الْقَاطِعِ وَارْمِھِمْ بِحَجَرِکَ الدَّامِغِ وَطُمَّھُمْ بِالْبَلَاءِ

لمّا وقمتهم بالعذاب قمّا وعذّبهم عذابا نكرا وخذهم بالسنين
والمثلات التي اهلكت بها اعداءك انك ذو نقمة من المجرمين
اللهم انّ سنّتك ضائعة واحكامك معطّلة وعترة نبيّك
في الارض هائمة اللهم فاعن الحق واهله واقمع الباطل و
اهله ومنّ علينا بالنجاة واهدنا الى الايمان وعجّل فرجنا
وانظمه بفرج اوليائك واجعلهم لنا ودّا واجعلنا لهم وفدا
اللهم واهلك من جعل يوم قتل ابن نبيّك وخيرتك عيدا واستهلّ
به فرحا ومرحا وخذ آخرهم كما اخذت اوّلهم وضاعف اللهم العذاب
والتنكيل على ظالمي اهل بيت نبيّك واهلك اشياعهم وقادتهم
وابر حماتهم وجماعتهم اللهم وضاعف صلواتك ورحمتك وبركاتك
على عترة نبيّك العترة الضائعة الخائفة المستذلّة بقيّة
من الشجرة الطيّبة الزاكية المباركة واعل اللهم
كلمتهم وافلج حجّتهم واكشف البلاء واللاواء وحنادس
الاباطيل والعمى عنهم وثبّت قلوب شيعتهم وحزبك
على طاعتك وولايتهم ونصرتهم وموالاتهم
واعنهم وامنحهم الصبر على الاذى فيك واجعل لهم اياما
مشهودة واوقاتا محمودة مسعودة توشك
فيها فرجهم وتوجب فيها تمكينهم ونصرهم كما ضمنت
لاوليائك في كتابك المنزل فانّك قلت وقولك
الحق وعد الله الذين امنوا منكم وعملوا الصالحات
ليستخلفنّهم في الارض كما استخلف الذين من قبلهم

وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا اللَّهُمَّ فَاكْشِفْ غُمَّتَهُمْ يَا مَنْ لَا يَمْلِكُ كَشْفَ الضُّرِّ إِلَّا هُوَ يَا وَاحِدُ يَا أَحَدُ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ وَأَنَا يَا إِلٰهِي عَبْدُكَ الْخَائِفُ مِنْكَ وَالرَّاجِعُ إِلَيْكَ السَّائِلُ لَكَ الْمُقْبِلُ عَلَيْكَ اللَّاجِئُ إِلَى فِنَائِكَ الْعَالِمُ بِأَنَّهُ لَا مَلْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ اللَّهُمَّ فَتَقَبَّلْ دُعَائِي وَاسْمَعْ يَا إِلٰهِي عَلَانِيَتِي وَنَجْوَايَ وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ رَضِيتَ عَمَلَهُ وَقَبِلْتَ نُسُكَهُ وَنَجَّيْتَهُ بِرَحْمَتِكَ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ اللَّهُمَّ وَصَلِّ أَوَّلًا وَآخِرًا عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَآلَ مُحَمَّدٍ بِأَكْمَلِ وَأَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلَى أَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَمَلَائِكَتِكَ وَحَمَلَةِ عَرْشِكَ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ اللَّهُمَّ لَا تُفَرِّقْ بَيْنِي وَبَيْنَ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَاجْعَلْنِي يَا مَوْلَايَ مِنْ شِيعَةِ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَذُرِّيَّتِهِمُ الطَّاهِرَةِ الْمُنْتَجَبَةِ وَهَبْ لِيَ التَّمَسُّكَ بِحَبْلِهِمْ وَالرِّضَا بِسَبِيلِهِمْ وَالْأَخْذَ بِطَرِيقَتِهِمْ إِنَّكَ جَوَادٌ كَرِيمٌ

پس سجدہ میں جا اور رخسار کو خاک پر رکھ اور پڑھ يَا مَنْ يَحْكُمُ مَا يَشَاءُ وَيَفْعَلُ مَا يُرِيدُ أَنْتَ حَكَمْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ مَحْمُودًا مَشْكُورًا فَعَجِّلْ يَا مَوْلَايَ فَرَجَهُمْ وَفَرَجَنَا بِهِمْ فَإِنَّكَ ضَمِنْتَ إِعْزَازَهُمْ بَعْدَ الذِّلَّةِ وَتَكْثِيرَهُمْ بَعْدَ الْقِلَّةِ وَإِظْهَارَهُمْ بَعْدَ الْخُمُولِ يَا أَصْدَقَ الصَّادِقِينَ وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ فَأَسْأَلُكَ يَا إِلٰهِي

وَسَبِّبْ لِیْ مُتَضَرِّعًا اِلَیْکَ بِجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ بَسْطَ اَمَلِیْ وَالتَّجَاوُزَ عَنِّیْ وَقَبُوْلَ قَلِیْلِ عَمَلِیْ وَکَثِیْرِہٖ وَالزِّیَادَۃَ فِیْ اَیَّامِیْ وَتَبْلِیْغِیْ ذٰلِکَ الْمَشْهَدَ وَاَنْ تَجْعَلَنِیْ مِمَّنْ یُدْعٰی فَیُجِیْبُ اِلٰی طَاعَتِهِمْ وَمُوَالَاتِهِمْ وَنَصْرِهِمْ وَتُرِیَنِیْ ذٰلِکَ قَرِیْبًا سَرِیْعًا فِیْ عَافِیَۃٍ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پہر سر اپنا طرف آسمان کے بلند کر اور کہے اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَکَ فَاَعِذْنِیْ یَا اِلٰهِیْ بِرَحْمَتِکَ مِنْ ذٰلِکَ بعد اوسکے حضرت نے فرمایا کہ اگر تو ایسا کریگا تو بہت سی حجون اور بہت سے عمرون سے کہ تو مال کثیر اون مین صرف کرے اور اپنے بدن کو تعب مین ڈالے اور اہل وعیال اور فرزندون سے جدائی اختیار کرے بہتر ہوگا جو کوئی اس نماز کو اس روز بجالاے اور یہ دعا پڑہے از روی اخلاص اور اس عمل کو بایقین و تصدیق بجالائے حقتعالی دس خصلتین اوسکو عطا فرمائیگا اور وہ یہہ ہین کہ اوسکو موت بد سے محفوظ رکہیگا مثل ڈوبنے اور جل جانے اور عمارت کے نیچے دبنے سے اور مثل اسکے اور تا دم مرگ کوئی دشمن اوسپر مسلط نہو گا اور دیوانہ ہونے اور کوڑہ اور جذام سے اوسکو اور اوسکے فرزندون کو چار پشت تک محفوظ رکہیگا اور شیطان اور یاوران شیطان کو اوسپر اور اوسکی نسل پر چار پشت تک مسلط نکریگا اور بعض کتب ادعیہ مین روایت کی ہی کہ جو کہ روز عاشورا سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اوس سال نہ مریگا اور اگر اوسکی اجل آئی ہو گی تو اوس سال اس دعا کے پڑھنے کی توفیق نہ پائیگا اور بعض نے دس مرتبہ پڑھنے کو لکھا ہے دعا یہہ ہی سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْاَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَی الْحِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَۃَ الْعَرْشِ وَسَعَۃَ الْکُرْسِیِّ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ

عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا وَاَسْئَلُهُ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِهِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

باب دوسرا بیان مین احکام و اعمال ماہ صفر کے اور اس باب مین دو مطلب ہین مطلب پہلا ماہ صفر کے اختیارات و سعد و نحس وغیرہ کے بیان مین

اخوند مجلسی علیہ الرحمہ نے بحار کی چودھوین جلد مین لکھا ہی کہ جس سال ماہ صفر مین سورج گہن ہوگا تو ناحیہ مغرب مین دہشت اور گرسنگی عارض ہوگی اور لڑائی اور قتل بہی مغرب مین بہت ظاہر ہوگا پہر ماہ ربیع الاول مین صلح واقع ہوگی اور پادشاہ فتح پائیگا اور جس سال ماہ صفر مین چاند گہن ہوگا تو قحط اور بیماری شہر ہای بابل مین پیدا ہوگی یہانتک کہ خوف ہلاکت ہوگا پہر بعد اوسکے مینہ بہت برسیگا اور گہانس زمین کی بکثرت ہوگی اور احوال آدمیون کا نیک ہوگا اور پہاڑون مین میوہ بہت ہوگا **بیان نحس اکبر** تقویم المحسنین مین لکھا ہی کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ صفر مین پہلی اور چوتہی چہارشنبہ نحس ہین اور حضرت جعفر صادق ع نے فرمایا کہ صفر مین دسوین نحس اکبر ہی **بیان ایام مخصوصہ صفر** تحفۃ الدعوات مین مذکور ہی کہ شیخ طوسی علیہ الرحمہ کتاب مصباح متہجد مین لکہتے ہین کہ پہلی تاریخ اس مہینے کی علی بن الحسین علیہ السلام نے وفات پائی اور تیسری کو اس مہینے کی سن چونسٹھ ہجری مین مسلم بن عقبہ نے خانہ کعبہ مین آگ لگائی اور جامۂ کعبہ جل گیا اور تحفۃ الزائر و حدیقۃ الشیعہ مین مذکور ہے کہ اس تاریخ ولادت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے ہی اور شیخ شہید نے کتاب دروس مین لکھا ہی کہ ساتوین ماہ صفر کی سن ایکسو اٹھائیس ہجری مین

وفات حضرت موسیٰ کاظم

حضرت امام موسی کاظم ع پیدا ہوئے اور تحفۃ الزائر مین ہی کہ احتمال وفات حضرت
امام حسن علیہ السلام اسی تاریخ ہے اور پھر کتاب نخبۃ الدعوات مین ہی کہ سترھوین
تاریخ سن دوسوتین ہجری مین حضرت امام رضا علیہ السلام نے وفات پائی اور
زاد المعاد مین لکھا ہی کہ یہہ مہینہ نحس مشہور ہی اور اسکی دو وجہین ہوسکتی
ہین پہلی یہہ کہ موافق قول علمای شیعہ کے وفات حضرت رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی اس مہینے مین واقع ہوئی ہی دوسری یہہ کہ تین مہینے برابر
یعنی ذیقعدہ اور ذیحجہ اور محرم ان مہینون مین عرب کسیکو قتل نکرتے تھے
اور اس ماہ صفر مین قتل شروع کرتے تھے اسواسطے اسکو نحس جانتے ہین اور
احادیث شیعہ مین کوئی امر ایسا نظر سے نہین گزرا کہ جو نحوست پر دلالت کرتا ہو اور مشہور
علمائی امامیہ مین یہہ ہی کہ وفات سید انبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اٹھائیسوین کو
ماہ صفر کے واقع ہوئی اور شیخ طوسی رح اور ایک جماعت علما ذکر کرتی ہین کہ شہادت
حضرت امام حسن ع کی بھی اسی روز واقع ہوئی اور تحفۃ الزائر مین ہی کہ احتمال
وفات حضرت امام حسن علیہ السلام روز آخر ماہ صفر مین ہی اور جلاء العیون مین ہی
کہ بعضے روز آخر صفر مین وفات حضرت امام رضا علیہ السلام لکھتے ہین پس زیارت
آنحضرت ع کی کہ سابق مین بیان ہوئی پڑھنا چاہیے اور زاد المعاد مین منقول
ہے کہ درمیان عوام بلکہ خواص کی نحوست چہار شنبہ آخر ماہ صفر کی مشہور ہی
اور کتب معتبرہ شیعہ و سنی مین کوئی امر ایسا کہ نحوست پر دلالت کری نظر سے نہین گزرا اور
اکثر حدیثین نحوست مین ہر چہار شنبہ کی خصوصاً چہار شنبہ آخر ماہ کی وارد ہوئی ہین اور چونکہ
یہہ مہینہ موافق وجوہ سابق کی فی الجملہ زیادہ نحوست رکھتا ہی ممکن ہی کہ چہار شنبہ آخر اس مہینے کا
زیادہ نحس ہو اگر اس روز دفع بلا کا اہتمام کری تصدق اور ادعیہ اور استعاذات سے کہ جو
ائمہ معصومین علیہم السلام سے وارد ہوئی ہین اور توکل کرے خدا پر کہ وہ کفارہ فال بد کا ہی

سترھوین ماہ صفر

سید انبیا کی وفات ماہ صفر

وفات حضرت امام رضا ع

نحوست چہار شنبہ آخر ماہ

تو مناسب ہی تا اگر کوئی بلا آئی ہو تو دفع ہو جای نہ یہ کہ مثل جہال عجم کے متابعت مجوس کی کرے اور لہو و لعب و سرود و ساز اور اعمال قبیحہ مین مشغول ہو اسیطرح سے تیرہ تاریخین ماہ صفر کی جو منحوس کہتے ہین سند اسکی بہی کہین سے نہین معلوم ہوتی

مطلب دوسرا اعمال ماہ صفر کے بیان مین

زاد المعاد مین سید بن طاوس سے روایت کی ہی کہ تیسری کو اس مہینے کی مستحب ہی کہ دو رکعت نماز پڑہی اور رکعت اول مین بعد حمد کے اِنَّا فَتَحْنَا پڑہی اور دوسری رکعت مین سورۂ توحید اور بعد سلام کے سو مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور سو مرتبہ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اٰلَ اَبِیْ سُفْیَانَ اور سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

اور کتاب جمال الصالحین اور تحفۃ الدعوات مین لکہا ہی کہ جو کوئی اس دعا کو ہر روز ماہ صفر مین دس مرتبہ پڑہی خدا اوسکو محفوظ رکہیگا ہر بلا سے کہ جو اس مہینے مین نازل ہوتی ہی یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ ذَلَّتْ بِعَظَمَتِكَ جَمِیْعُ خَلْقِكَ فَاكْفِنِیْ شَرَّ خَلْقِكَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُفْضِلُ یَا مُنْعِمُ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

بیان روز اربعین

اور زاد المعاد مین لکہا ہی کہ بیسوین تاریخ اس مہینے کی مشہور بروز اربعین ہی یعنے روز چہلم شہادت حضرت سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا اور کتب معتبرہ مین حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت ہے کہ علامت مومن کی پانچ چیزین ہین اکاون رکعتین نماز فریضہ اور نافلہ کی رات اور دن مین اور زیارت اربعین پڑہنا اور دہنی ہاتہہ مین انگوشی پہننا اور پیشانی کو سجدۂ شکر مین خاک پر رکہنا اور نماز مین بسم اللہ پکار کے کہنا اور کتاب تحفۃ الزائر اور کتاب زاد المعاد وغیرہ مین لکہا ہی کہ بسند معتبر صفوان جمال سے منقول ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مولا اور

آقا میرے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا کہ زیارت بجا لا تو جس وقت کہ روز بلند ہوا ہووے یعنی تھوڑا سا دن چڑھا ہووے تو اوس وقت زیارت اربعین کو بجا لاوے اَلسَّلَامُ عَلٰی وَلِیِّ اللّٰہِ وَحَبِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی خَلِیْلِ اللّٰہِ وَ نَجِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی صَفِیِّ اللّٰہِ وَ ابْنِ صَفِیِّہٖ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ الْمَظْلُوْمِ الشَّہِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَسِیْرِ الْکُرُبَاتِ وَ قَتِیْلِ الْعَبَرَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّہٗ وَلِیُّکَ وَ ابْنُ وَلِیِّکَ وَ صَفِیُّکَ وَ ابْنُ صَفِیِّکَ الْفَائِزُ بِکَرَامَتِکَ اَکْرَمْتَہٗ بِالشَّھَادَۃِ وَحَبَوْتَہٗ بِالسَّعَادَۃِ وَاجْتَبَیْتَہٗ بِطِیْبِ الْوِلَادَۃِ وَ جَعَلْتَہٗ سَیِّدًا مِنَ السَّادَۃِ وَ قَائِدًا مِنَ الْقَادَۃِ وَ ذَائِدًا مِنَ الذَّادَۃِ وَ اَعْطَیْتَہٗ مَوَارِیْثَ الْاَنْبِیَآءِ وَ جَعَلْتَہٗ حُجَّۃً عَلٰی خَلْقِکَ مِنَ الْاَوْصِیَآءِ فَاَعْذَرَ فِی الدُّعَآءِ وَ مَنَحَ النُّصْحَ وَ بَذَلَ مُھْجَتَہٗ فِیْکَ لِیَسْتَنْقِذَ عِبَادَکَ مِنَ الْجَھَالَۃِ وَ حَیْرَۃِ الضَّلَالَۃِ وَ قَدْ تَوَازَرَ عَلَیْہِ مَنْ غَرَّتْہُ الدُّنْیَا وَ بَاعَ حَظَّہٗ بِالْاَرْذَلِ الْاَدْنٰی وَ شَرٰی اٰخِرَتَہٗ بِالثَّمَنِ الْاَوْکَسِ وَ تَغَطْرَسَ وَ تَرَدّٰی فِیْ ھَوَاہُ وَ اَسْخَطَکَ وَ اَسْخَطَ نَبِیَّکَ وَ اَطَاعَ مِنْ عِبَادِکَ اَھْلَ الشِّقَاقِ وَ النِّفَاقِ وَ حَمَلَۃَ الْاَوْزَارِ الْمُسْتَوْجِبِیْنَ النَّارَ فَجَاھَدَھُمْ فِیْکَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا حَتّٰی سُفِکَ فِیْ طَاعَتِکَ دَمُہٗ وَ اسْتُبِیْحَ حَرِیْمُہٗ اَللّٰھُمَّ فَالْعَنْھُمْ لَعْنًا وَبِیْلًا وَ عَذِّبْھُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ سَیِّدِ الْاَوْصِیَآءِ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَمِیْنُ اللّٰہِ وَ ابْنُ اَمِیْنِہٖ عِشْتَ سَعِیْدًا وَ مَضَیْتَ حَمِیْدًا وَ مُتَّ فَقِیْدًا مَظْلُوْمًا شَہِیْدًا وَ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ مُنْجِزٌ لَّکَ مَا وَعَدَکَ

وَمُهْلِكٌ مَنْ خَذَلَكَ وَمُعَذِّبٌ مَنْ قَتَلَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ
وَفَيْتَ بِعَهْدِ اللهِ وَجَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ
فَلَعَنَ اللهُ مَنْ قَتَلَكَ وَلَعَنَ اللهُ مَنْ ظَلَمَكَ وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً سَمِعَتْ
بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنِّيْ وَلِيٌّ لِمَنْ وَالَاهُ
وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاهُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللهِ اَشْهَدُ اَنَّكَ
كُنْتَ نُوْرًا فِي الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ وَالْاَرْحَامِ الطَّاهِرَةِ
لَمْ تُنَجِّسْكَ الْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْكَ الْمُدْلَهِمَّاتُ
مِنْ ثِيَابِهَا وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّيْنِ وَاَرْكَانِ
الْمُسْلِمِيْنَ وَمَعْقِلِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ
الزَّكِيُّ الْهَادِي الْمَهْدِيُّ وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ
كَلِمَةُ التَّقْوٰى وَاَعْلَامُ الْهُدٰى وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ عَلٰى
اَهْلِ الدُّنْيَا وَاَشْهَدُ اَنِّيْ بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَبِاِيَابِكُمْ مُوْقِنٌ
بِشَرَائِعِ دِيْنِيْ وَخَوَاتِيْمِ عَمَلِيْ وَقَلْبِيْ لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَاَمْرِيْ
لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ وَنُصْرَتِيْ لَكُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰى يَاْذَنَ اللهُ لَكُمْ
فَمَعَكُمْ مَعَكُمْ لَا مَعَ عَدُوِّكُمْ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى
اَرْوَاحِكُمْ وَاَجْسَادِكُمْ وَشَاهِدِكُمْ وَغَائِبِكُمْ وَظَاهِرِكُمْ وَبَاطِنِكُمْ
اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ پس دو رکعت نماز بجا لائے اور جو حاجت چاہے طلب کرے

باب سوم بیان مین احکام و اعمال ماہ ربیع الاول کے

کتاب بحار الانوار کی چودھوین جلد مین آخوند مجلسی علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ
جس سال ماہ ربیع الاول مین سورج گہن ہوگا درمیان آدمیون کے صلح ہوگی
اور اختلاف کم ہوگا اور بادشاہ مغرب مین فتح پائیگا۔ اور گاؤ اور گوسفند کم ہونگی

اور آخر سال مین فراوانی ہوگی اور جس سال ماہ ربیع الاول مین چاند گہن ہوگا بلاد
مغرب مین قتل بہت ہوگا و زمرض یرقان آدمیون کو عارض ہوگا اور شہرونکی نواحی مین
میوہ بہت ہوگا اور پہاڑ کے شہرون کی زراعت مین کیڑے پڑجاینگے اور خرابی
بہت سے شہرون مین ظاہر ہوگی **بیان نحس اکبر** تقویم المحسنین مین جناب
امیر المومنین علیہ السلام سے روایت ہی کہ دسوین اور بیسوین اور حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہی کہ چوتہی اس مہینے کی نحس اکبر ہے
بیان احوال ایام مخصوصہ کا کتاب اقبال اور زاد المعاد مین لکہا ہی کہ
حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ نے شب اول اس مہینے کی ارادہ ہجرت
مدینہ منورہ سے جانب مکہ معظمہ فرمایا اور اسی شب غار مین تشریف لے گئے اور حضرت امیر المومنین
علیہ السلام نے جان شریف اپنی فدای جان مقدس حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی
اور اونکی جگہ پر سوے اور تلوارون سے قبایل مشرکین کے پروا نکی اور فضیلت
جناب امیر المومنین علیہ السلام کی تمام امت بلکہ تمام عالم پر ظاہر ہوئی اور
خداوند عالم نے ملائکہ آسمان سے جرأت پر جناب امیر کی فخر و مباہات کیا اور یہ آیہ
شان مین جناب امیر المومنین علیہ السلام کے نازل فرمایا وَمِنَ النَّاسِ مَن
يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ الخ چونکہ حق تعالی نے ان دو جان
مقدس کو قید کفار سے بچایا اسواسطے علما نے لکہا ہی کہ شکریہ مین اس نعمت عظمی
کے پہلی تاریخ ربیع الاول کی روزہ رکہین اور زیارت دونون معصومون کی مناسب ہے
اور شیخ طوسی رح مصباح مین لکھتے ہین کہ وفات حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام
کی بہی اسی روز ہی اور حدیقہ سلطانیہ مین بعد ذکر اختلاف اقوال لکہا ہی کہ دوسری
کو اس مہینے کی وفات حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہی اور یہ قول از روی
احادیث بہت قوی ہی اور زاد المعاد مین شیخ رحمہ اللہ اور کلینی وغیرہ نے نقل کی ہی

بیان نحس اکبر

بیان احوال ایام مخصوصہ ربیع الاول

ذکر وفات حضرت امام حسن عسکری و ماہ ربیع الاول

کہ وفات حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی آٹھوین تاریخ اس مہینے کی ہے
اور حدیقہ سلطانیہ مین ہو کہ بعضے علمای سنی ولادت ووفات حضرت رسالت پناہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اسی روز کہتے ہین پس ان ایام مین زیارت آنحضرت ع
کی انسب ہی اور نوین تاریخ عید ہی اور روز قتل عمر بن الخطاب ہی چنانچہ زاد المعاد
مین ایک حدیث طولانی اس دن کی بیان مین لکھی ہی کہ خلاصہ مضمون اوسکا یہہ ہی
کہ احمد بن اسحاق قمی کہ خواص اصحاب حضرت امام علی النقی ع وامام حسن عسکری
علیہما السلام مین سے تھے اور خدمت حضرت صاحب الامر علیہ السلام مین بھی پونہچے
تھے کہتے ہین مین ایک روز اپنے برادران ایمانی کے ہمراہ
اپنے مولا حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے خدمت مین سر من رای مین اسی
تاریخ گیا دیکھا مینے کہ حضرت ع اعمال عید مین مشغول ہین مین عرض کی یا ابن رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کیا آج اہلبیت ع کے لیے کوئی خوشی نئی ہوئی ہے حضرت نے
فرمایا کہ حرمت اسکی نزدیک اہل بیت ع کے عظیم تر ہی بہ تحقیق کہ خبر دی مجکو میرے
پدر بزرگوار نے کہ حذیفہ بن یمان نوین تاریخ ربیع الاول کی میری جد امجد رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین گئے دیکھا مینے حضرت امیر المومنین اور امام حسن ع
اور امام حسین علیہم السلام کو کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھہ کہانا
کہاتے تھے اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انکا مونہہ دیکھہ کے مسکراتے
تھے اور امام حسن ع اور امام حسین علیہم السلام سے فرماتے تھے کہاؤ گوارا ہو تمکو
برکت اور سعادت اس روز کی بہ تحقیق کہ یہہ وہ روز ہی کہ حقتعالی ہلاک کریگا اپنے
اور تمہارے جد کے دشمن کو اور مستجاب کریگا اس روز دعا تمہاری والدہ ع کی کہاؤ
یہہ وہ روز ہے کہ خدا قبول کرتا ہی اعمال تمہارے شیعون اور محبون کے
کہاؤ یہہ وہ روز ہے کہ ظاہر ہوتی ہے راستی قول خدا کی کہ فرماتا ہی

فضیلت نہم ربیع الاول

فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا یعنی وہ گھر ہین کہ خالی ہوئے ہین بسبب
اون کے ستمون کے کہاؤ یہہ وہ دن ہی کہ ٹوٹتی ہی شوکت دشمن کی اور اوسکے
یاری کرنیوالون کی کہ تمہارے جد سے اور تمسے دشمنی رکھتے ہین کہاؤ یہہ وہ دن ہی
کہ ہلاک ہوتا ہی فرعون میرے اہل بیت کا اور ستم کرنے والا انکا اور حق چھیننے والا انکا
کہاؤ یہہ وہ روز ہی کہ حق تعالی عمل تمہارے دشمنونکا باطل کرتا ہی حذیفہ کہتے ہین
کہ مین نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کی امت مین کوئی ایسا ہی ہوگا
کہ ہتک ان حرمتون کی کریگا حضرت نے فرمایا کہ ای حذیفہ ایک بت منافقون مین سے
انپر سرگروہ ہوگا اور دعوی ریاست کا انمین کریگا اور آدمیون کو اپنی طرف دعوت
کریگا اور تازیانہ ظلم وستم کا اپنے دوش پر رکھیگا اور آدمیون کو راہ خدا سے منع کریگا
اور کتاب خدا کی تحریف کریگا اور میری سنت مین تغیر کردیگا اور میرے فرزندون کی
میراث کا تصرف کرنیوالا ہوگا اور اپنے تئین پیشوا ہی مردم کہیگا اور میرے
وصی علی بن ابی طالب علیہ السلام پر زیادتی کریگا اور مال اسے خدا کو ناحق
اپنے اوپر حلال کریگا اور غیر طاعت خدا مین صرف کریگا اور مجکو اور میرے بھائی
اور میرے وزیر علی بن ابی طالب علیہ السلام کو جھوٹا کہیگا اور میری لڑکی کو
اوسکے حق سے محروم کریگا اور بیٹی میری اوسکو بددعا کریگی خدا اوسکی بددعا کو
اوسدن قبول کریگا حذیفہ نے کہا کیون آپ دعاے بد نہین کرتے کہ حق تعالی
اوسکو آپ کی زندگی مین ہلاک کرے حضرت نے فرمایا کہ ای حذیفہ دوست
نہین رکھتا ہون مین کہ جرأت کرون قضاے خدا پر اور اوس سے طلب کرون
تغیر ہونا ایسے امر کا کہ اوسکے علم مین گذرا ہی ولیکن حق تعالی سے سوال کیا مینے
کہ فضیلت دے اوس روز کو سب دنون پر جس دن وہ جہنم واصل ہوگا تاکہ احترام
اوسدن کا ایک سنت ہو درمیان میرے اور میرے اہلبیت کے دوستون اور

فضیلت نہم ربیع الاول

شیعون کے پس حق تعالی نے وحی کی میری طرف کہ ای محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے
علم سابق مین گذرا ہی کہ تمکو اور تمہاری اہلبیت کو محنتین اور بلائین دنیا کی اور ستم
منافقون اور غصب کرنے والون کے میرے بندون مین سے پونہچی تم خیر خواہی انکی
کروگے اور وہ خیانت تمہاری کرینگے اور تمنے اونسے راستی کی اور اونہون نے تمسے
مکر کیا اور تم اُنسے صاف تھے اور وہ تمسے دلمین دشمنی رکھتے تھے اور تمنے اونہین
خوش کیا اور اُنہون نے تمہاری تکذیب کی اور تمنے اونکو اختیار کیا اور اونہون نے تمکو
بلا مین چھوڑ دیا اور مین قسم کہاتا ہون اپنے حول و قوت و بادشاہی کی کہ جو غصب
کریگا حق علی کہ وہ تمہارے بعد تمہارا وصی ہی ہزار در پست ترین طبقات جہنم اسکی واسطے
مفتوح کرونگا کہ اوسکو فیلوق کہتے ہین اور اوسکو اور اوسکے اصحاب کو جہنم مین جگہ دونگا
کہ شیطان اپنی جگہ سے اوسکو دیکھے اور اوسپر لعنت کرے اور اوس منافق کو روز قیامت
مین ایک عبرت بناؤنگا واسطے اون فرعونون کے کہ اور پیغمبرون کے زمانے مین
تھے اور واسطے سب دشمنان دین کے اور انکو اور انکے دوستونکو جہنم مین لیجاؤنگا
بچشم ہاے نیلگون و روہاے ترش نہایت ذلت اور خواری اور پشیمانی سے اور
ان سب کو ہمیشہ اپنے عذاب مین رکہونگا ای محمد علی تیرے مرتبے پر فائز نہوگا مگر
اس وجہ سے کہ اوسکے فرعون سے اور اوسکے غاصب حق سے اوسکو بلا ہای
عظیم پہنچین گے اور وہ غاصب حق علی میرے کلام کو بدلیگا اور مشرک ہوگا اور لوگونکو
میری راہ رضا سے پہیریگا تیری امت کے لیے گوسالہ بنائیگا کہ وہ ظالم اول ہی اور وہ کافر
ہوجائیگا بہ تحقیق کہ مین نے اپنے ملائکہ ہفت آسمان کو حکم دیا ہی کہ تیرے محبان
دین اور شیعون کے لیے عید کرین اوس روز کہ وہ کشتہ ہوگا اور میری کرسی کرامت
بیت المعمور کے برابر نصب کرین اور تعریف میری کرین اور آمرزش طلب کرین
واسطے تمہارے شیعون اور محبون کے فرزندان آدم علیہ السلام مین سے

اور حکم کیا ہی مینے ملائکہ نویسندگان اعمال کو کہ اس روز سے تین دن تک قلم اوٹھالین
گناہ شیعیان علی نلکھین بسبب تیرے اور تیرے وصی کی بزرگی کے ای محمد صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم اس روز کو مینے واسطے تیرے اور تیرے اہل بیت ع کے
اور واسطے اون لوگون کے کہ تابع انکے ہون مومنون اور شیعون سی عید قرار دیا ہی
قسم کہاتا ہون مین اپنے عزت وجلال کی اور بلندی مرتبہ اور مکان اپنے کی
کہ عطا کرونگا مین اوس شخص کو کہ جو اس روز عید کری میری خوشنودی کی لیی ثواب ونکا
کہ وہ عرش کو گہیرے ہوے ہین اور قبول کرونگا مین شفاعت اون کی واسطے
او نکے عزیزون کے اور زیادہ کرونگا مین مال اوس شخص کا کہ جو اسدن اپنے
اہل اور اپنے عیال پر کشادگی کرے اور ہر سال ذ ہزار لاکھ آدمی موالی اور
تمہاری شیعون مین سے آتش جہنم سے آزاد کرونگا اور اعمال انکے قبول کرونگا
اور گناہ انکے بخشون گا حذیفہ نے کہا پس اوٹھے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم اور گہر مین ام سلمہ کے گئے اور مین پہرا اور صاحب یقین تہا اوسکے کفر مین
یہانتک کہ بعد وفات حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیکہا مینے کہ اوسنے کسقدر
فتنے اوٹھائے اور کفر اصلی اپنا ظاہر کیا اور اس دین سے پہر گیا اور امامت
وخلافت کو غصب کیا اور قرآن کو تحریف کیا اور گہر مین وحی ورسالت کی آگ
لگا دی اور بدعتین دین خدا مین پیدا کین اور ملت وسنت پیغمبر ص کو بدل ڈالا اور
گواہی جناب امیر المومنین علیہ السلام کی نہ سنی اور حضرت فاطمہ علیہا السلام کو
جہوٹا کہا اور فدک چہین لیا اور یہود ونصاری اور مجوس کو اپنے سے راضی کیا
اور نور دیدۂ مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خشم مین لایا اور رضا جوئی اہلبیت
رسالت ع کی نکی اور سب سنتین رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بدل دین اور
تدبیر قتل امیر المومنین علیہ السلام کی اور جور وستم آدمیون مین علانیہ کیے اور

حلال خدا کو حرام کیا اور حرام خدا کو حلال کیا اور حکم دیا کہ اونٹ کے چمڑے کی دینار
و درہم بنائیں اور خرچ کریں اور شکم او بروئی فاطمۂ زہرا علیہا السلام پر ضربت
لگائی اور منبر رسول ص پر غصب و جور سے بیٹھا اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام
پر افترے باندھے اور اونحضرت ص سے معارضہ کیا اور اونحضرت ص کی رائے کو سفاہت
سے نسبت دی اور حذیفہ نے کہا کہ پھر حق تعالی نے دعا اپنی برگزیدہ دختر پیغمبر کی
حق مین وس منافق کے مستجاب کی اور اوسکے قتل کو اوسکے قاتل کے ہاتھ سے
معین کیا پس مین خدمت حضرت امیر المومنین علیہ السلام مین گیا اونحضرت کو
تہنیت و مبارکباد دون کہ وہ منافق قتل ہوا اور عذاب خدا مین داخل ہوا
جب حضرت ع نے مجکو دیکھا تو فرمایا کہ ای حذیفہ یاد ہی وہ دن کہ آیا تھا تو میرے سید
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت مین اور مین اور حسن و حسین علیہما السلام
اونکے پاس بیٹھے تھے اور ساتھ اونکے کھانا کھاتے تھے اور آگاہ کیا تجھکو فضیلت
سے اس روز کی جواب دیا مینے ہان ای برادر رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
حضرت ع نے فرمایا قسم خدا کی یہہ وہ دن ہی کہ حق تعالی نے دیدۂ آل رسول کو
روشن کیا اور مین اس دن کے بہتر نام جانتا ہون حذیفہ نے کہا یا امیر المومنین
علیہ السلام مین چاہتا ہون کہ اون نامون کو آپ سے سنون حضرت ص نے
فرمایا کہ یہہ روز استراحت ہی اور روز زائل ہونے کرب و غم کا ہی اور دوسرے
عید غدیر ہی اور روز شیعون کے گناہون کے تخفیف ہونیکا ہی اور روز نیکی
اختیار کرنیکا ہی واسطے مومنون کے یہان تک کہ حضرت نے بہتر نام بیان
فرمائے بلحاظ طول سب نہین لکھے پس محمد و یحیی راویان حدیث نے کہا
کہ جب اس حدیث کو احمد بن اسحاق سے ہمنے سنا اوسکے سر کا بوسہ لیا اور کہا
حمد و شکر کرتے ہین ہم اوس خدا کا جسنے تجکو واسطے ہمارے مہیا تک پہنچایا کہ تو فضیلت

فضیلت نہم ربیع الاول

فضیلت نہم

فضیلت نہم ربیع الاول

اس روز کی ہم تک پونہچائی پس ہم اپنے گہر مین پہرے اور اوس روز عید کی
مؤلف کہتا ہی کہ حدیث طولانی تہی جابجا سے مختصر کرکے لکہی گئی پہر کتاب مذکور
مین لکہا ہی کہ بعضے کہتے ہین کہ عمر بن سعد بہی اس روز جہنم واصل ہوا اگر ایسا ہو تو
یہہ شرافت بہی واسطے اس دن کے کافی ہی اور شیخ مفید علیہ الرحمہ کہتے
ہین کہ دسوین تاریخ اس مہینے کی تزویج حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ساتہہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی ہوئی ہی مستحب ہے کہ شکر مین
اس مواصلت عظیم البرکۃ کے شیعہ روزہ رکہین اور کتاب جلاء العیون
مین ہی کہ بعضے ولادت امام رضا علیہ السلام گیارہوین تاریخ ربیع الاول کی
کہتے ہین اور کتاب اقبال مین لکہا ہی کہ بارہوین تاریخ اس مہینے کی حضرت
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داخل مدینہ ہوئے اور شر سے دشمنون کی محفوظ
رہی اور اسی تاریخ سن بیاسی ہجری مین دولت بنی مروان بالکلیہ تمام اور
زایل ہوگئے پس یہ فضیلت دوسری واسطے اس روز کے ہی اور زاد المعاد
وغیرہ مین ہی کہ اکثر سنی اس روز ولادت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جانتے ہین اور محمد بن یعقوب کلینی رحمہ اللہ کہ علمای امامیہ مین سے ہین کتاب
کافی مین اسیطرح قایل ہوئے ہین اگرچہ علماء امامیہ مین اسکی خلاف مشہور ہی
لیکن اگر روزہ اور غسل اور زیارت اور سب اعمال کہ سترہوین تاریخ مین
مذکور ہونگے اس روز بجا لائین تو احتیاط سے اقرب ہی اور کتاب اقبال مین منقول
ہی کہ چودہوین تاریخ اس مہینے کی سن چونسٹہہ ہجری مین یزید پلید جہنم واصل
ہوا ہی چاہیے کہ شیعہ اس روز کو مبارک جانین اور شکر حق تعالی واسطے اس نعمت
عظمے کے بجا لائین اور چاہیے کہ روزہ اس روز رکہین اور کتاب زاد المعاد
وغیرہ مین ہی کہ سترہوین تاریخ اس مہینے کی روز جمعہ وقت طلوع صبح ولادت

بیان تزویج حضرت خدیجہ

بیان یکی بجنابت

رسالت مآب

وقائع دیگر ربیع الاول

باسعادت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوا اور اسی شب اون حضرتؐ کو معراج بہی ہوئی ہی یہہ دن اور رات دونون مبارک ہین اور زیارت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زیارت جناب امیر المومنین علیہ السلام مناسب ہی اور علما ذکر کرتے ہین اور روزہ اس دن کا بہت فضیلت رکہتا ہی چنانچہ ائمہ ہدیٰ سے روایت کرتے ہین کہ جو اس روز روزہ رکھے ثواب ایک برس کے روزونکا واسطے اوسکے لکہا جاے گا اور غسل کرنا اور صدقہ دینا اس روز سنت ہی اور کتاب نخبۃ الدعوات مین ہی کہ شیخ شہید علیہ الرحمہ کتاب دروس مین لکہتے ہین کہ اسی تاریخ سن تراسی ہجری مین حضرت صادق علیہ السلام پیدا ہوئے اور کتاب زاد المعاد مین شیخ مفید علیہ الرحمہ و دیگر علما سے منقول ہی کہ جب چاہی تو کہ غیر مدینۂ طیبہ مین حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت کرے تو غسل کر اور شبیہ قبر کی اپنے سامنے بنا اور نام مبارک اون حضرتؐ کا اوس شبیہ پر لکہہ اور کہڑا ہو اور دل کو اون حضرتؐ کی طرف متوجہ کر اور کہہ

اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ و انہ سید الاولین والآخرین و انہ سید الانبیاء والمرسلین اللہم صل علیہ وعلی اہل بیتہ الائمۃ الطیبین الطاہرین پس کہہ السلام علیک یا رسول اللہ السلام علیک یا خلیل اللہ السلام علیک یا نبی اللہ السلام علیک یا صفی اللہ السلام علیک یا رحمۃ اللہ السلام علیک یا خیرۃ اللہ السلام علیک یا حبیب اللہ السلام علیک یا نجیب اللہ السلام علیک یا خاتم النبیین السلام علیک یا سید المرسلین السلام علیک یا قائما بالقسط السلام علیک یا فاتح الخیر

فضیلت ہفدہم ربیع الاول

زیارت روز

مخصوص

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْوَحْيِ وَالتَّنْزِيلِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا مُبَلِّغًا عَنِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا السِّرَاجُ الْمُنِيرُ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُبَشِّرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا مُنْذِرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُورَ اللّٰهِ الَّذِي يُسْتَضَاءُ بِهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ الْهَادِينَ الْمَهْدِيِّينَ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ وَعَلٰى جَدِّكَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَعَلٰى اَبِيكَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
وَعَلٰى اُمِّكَ اٰمِنَةَ بِنْتِ وَهْبٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَمِّكَ حَمْزَةَ
سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَمِّكَ وَكَفِيلِكَ اَبِي طَالِبٍ
اَلسَّلَامُ عَلٰى ابْنِ عَمِّكَ جَعْفَرٍ الطَّيَّارِ فِي جِنَانِ الْخُلْدِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ ص اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ ص اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلَى الْاَوَّلِينَ وَالْاٰخِرِينَ وَالسَّابِقُ فِي طَاعَةِ رَبِّ
الْعَالَمِينَ وَالْمُهَيْمِنُ عَلٰى رُسُلِهِ وَخَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ وَالشَّاهِدُ عَلٰى
خَلْقِهِ وَالشَّفِيعُ اِلَيْهِ وَالْمَكِينُ لَدَيْهِ وَالْمُطَاعُ فِي مَلَكُوتِهِ
الْاَحْمَدُ مِنَ الْاَوْصَافِ الْمُحَمَّدُ لِسَائِرِ الْاَشْرَافِ الْكَرِيمُ
عِنْدَ الرَّبِّ وَالْمُكَلَّمُ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُبِ الْفَائِزُ بِالسِّبَاقِ وَ
الْفَائِتُ عَنِ اللِّحَاقِ تَسْلِيمَ عَارِفٍ بِحَقِّكَ مُعْتَرِفٍ بِالتَّقْصِيرِ
فِي قِيَامِهِ بِوَاجِبِكَ غَيْرِ مُنْكِرٍ مَا انْتَهٰى اِلَيْهِ مِنْ فَضْلِكَ مُوقِنٍ
بِالْمَزِيدَاتِ مِنْ رَبِّكَ مُؤْمِنٍ بِالْكِتَابِ الْمُنْزَلِ عَلَيْكَ مُحَلِّلٍ
حَلَالَكَ مُحَرِّمٍ حَرَامَكَ اَشْهَدُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَعَ كُلِّ شَاهِدٍ
وَاَتَحَمَّلُهَا عَنْ كُلِّ جَاحِدٍ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ رَبِّكَ وَنَصَحْتَ
لِاُمَّتِكَ وَجَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ رَبِّكَ وَصَدَعْتَ بِاَمْرِهِ وَاحْتَمَلْتَ الْاَذٰى

فِی جَنْبِہٖ وَ دَعَوْتَ اِلٰی سَبِیْلِہٖ بِالْحِکْمَۃِ وَ مَوْعِظَۃِ
الْحَسَنَۃِ الْجَمِیْلَۃِ وَ اَدَّیْتَ الْحَقَّ الَّذِیْ کَانَ عَلَیْکَ وَ اَنَّکَ
قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَی الْکَافِرِیْنَ وَ عَبَدْتَ اللّٰہَ
مُخْلِصًا حَتّٰی اَتَاکَ الْیَقِیْنُ فَبَلَغَ اللّٰہُ بِکَ اَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُکَرَّمِیْنَ
وَ اَعْلٰی مَنَازِلِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ اَرْفَعَ دَرَجَاتِ الْمُرْسَلِیْنَ حَیْثُ
لَا یَلْحَقُکَ لَاحِقٌ وَّ لَا یَفُوْقُکَ فَائِقٌ وَّ لَا یَسْبِقُکَ سَابِقٌ وَّ لَا یَطْمَعُ
فِیْ اِدْرَاکِکَ طَامِعٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اسْتَنْقَذَنَا بِکَ مِنَ الْمَلْکَۃِ
وَ ھَدَانَا بِکَ مِنَ الضَّلَالَۃِ وَ نَوَّرَنَا بِکَ مِنَ الظُّلْمَۃِ فَجَزَاکَ
اللّٰہُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مِنْ مَبْعُوْثٍ اَفْضَلَ مَا جَزٰی نَبِیًّا عَنْ
اُمَّتِہٖ وَ رَسُوْلًا عَمَّنْ اُرْسِلَ اِلَیْہِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
زُرْتُکَ عَارِفًا بِحَقِّکَ مُقِرًّا بِفَضْلِکَ مُسْتَبْصِرًا بِضَلَالَۃِ مَنْ
خَالَفَکَ وَ خَالَفَ اَھْلَبَیْتِکَ عَارِفًا بِالْھُدٰی الَّذِیْ اَنْتَ
عَلَیْہِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ وَ نَفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ وَ وَلَدِیْ اَنَا اُصَلِّیْ
عَلَیْکَ کَمَا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَ صَلّٰی عَلَیْکَ مَلَائِکَتُہٗ وَ اَنْبِیَاۤؤُہٗ
وَ رُسُلُہٗ صَلٰوۃً مُتَتَابِعَۃً وَّافِرَۃً مُتَوَاصِلَۃً لَا انْقِطَاعَ لَھَا
وَ لَا اَمَدَ وَ لَا اَجَلَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَ عَلٰی اَھْلِبَیْتِکَ الطَّیِّبِیْنَ
الطَّاھِرِیْنَ کَمَا اَنْتُمْ اَھْلُہٗ پس ہاتھونکو اوٹھاوے اور کہے اَللّٰھُمَّ
اجْعَلْ جَوَامِعَ صَلَوٰتِکَ وَ نَوَامِیَ بَرَکَاتِکَ وَ فَوَاضِلَ خَیْرَاتِکَ وَ شَرَائِفَ
تَحِیَّاتِکَ وَ تَسْلِیْمَاتِکَ وَ کَرَامَاتِکَ وَ رَحَمَاتِکَ وَ صَلَوٰاتِ
مَلَائِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ اَنْبِیَائِکَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اَئِمَّتِکَ
الْمُنْتَجَبِیْنَ وَ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ وَ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرَضِيْنَ وَمَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ
وَالْاٰخِرِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَشَاهِدِكَ وَنَبِيِّكَ
وَنَذِيْرِكَ وَاَمِيْنِكَ وَمَكِيْنِكَ وَنَجِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَخَلِيْلِكَ
وَصَفِيِّكَ وَصَفْوَتِكَ وَخَاصَّتِكَ وَخَالِصَتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَخَيْرِ
خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَخَازِنِ الْمَغْفِرَةِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ
وَالْبَرَكَةِ وَمُنْقِذِ الْعِبَادِ مِنَ الْهَلَكَةِ بِاِذْنِكَ وَدَاعِيْهِمْ اِلٰى دِيْنِكَ
الْقَيِّمِ بِاَمْرِكَ اَوَّلِ النَّبِيِّيْنَ مِيْثَاقًا وَاٰخِرِهِمْ مَبْعَثًا الَّذِيْ غَمَسْتَهُ
فِيْ بَحْرِ الْفَضِيْلَةِ لِلْمَنْزِلَةِ الْجَلِيْلَةِ وَالدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ وَالْمَرْتَبَةِ
الْخَطِيْرَةِ وَاَوْدَعْتَهُ فِي الْاَصْلَابِ الطَّاهِرَةِ وَنَقَلْتَهُ مِنْهَا اِلَى الْاَرْحَامِ
الْمُطَهَّرَةِ لُطْفًا مِنْكَ لَهُ وَتَحَنُّنًا مِنْكَ عَلَيْهِ اِذْ وَكَّلْتَ لِصَوْنِهِ وَحِرَاسَتِهِ
وَحِفْظِهِ وَحِيَاطَتِهِ مِنْ قُدْرَتِكَ عَيْنًا عَاصِمَةً حَجَبْتَ بِهَا عَنْهُ مَدَانِسَ
الْعَهْرِ وَمَعَائِبَ السِّفَاحِ حَتّٰى رَفَعْتَ بِهِ نَوَاظِرَ الْعِبَادِ وَاَحْيَيْتَ بِهِ
مَيْتَ الْبِلَادِ بِاَنْ كَشَفْتَ عَنْ نُوْرِ وِلَادَتِهِ ظُلَمَ الْاَسْتَارِ وَ
اَلْبَسْتَ حَرَمَكَ بِهِ حُلَلَ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا خَصَصْتَهُ بِشَرَفِ
هٰذِهِ الْمَرْتَبَةِ الْكَرِيْمَةِ وَذُخْرِ هٰذِهِ الْمَنْقَبَةِ الْعَظِيْمَةِ
صَلِّ عَلَيْهِ كَمَا وَفٰى بِعَهْدِكَ وَبَلَّغَ رِسَالَاتِكَ
وَقَاتَلَ اَهْلَ الْجُحُوْدِ عَلٰى تَوْحِيْدِكَ وَقَطَعَ رَحِمَ
الْكُفْرِ فِيْ اِعْزَازِ دِيْنِكَ وَلَبِسَ ثَوْبَ الْبَلْوٰى فِيْ
مُجَاهَدَةِ اَعْدَائِكَ وَاَوْجَبْتَ لَهُ بِكُلِّ اَذًى مَسَّهُ اَوْ كَيْدٍ
اَحَسَّ بِهِ مِنَ الْفِئَةِ الَّتِيْ حَاوَلَتْ قَتْلَهُ فَضِيْلَةً تَفُوْقُ
الْفَضَائِلَ وَتَمَلَّكَ بِهَا الْجَزِيْلَ مِنْ نَوَالِكَ وَقَدْ

وَنَجِيِّكَ

اسرّ الحسرۃ واخفی الزفرۃ وتجرّع الغصّۃ ولم یتخطّ ما مثّل
لہ وحدّ لہ اللّٰھمّ صلّ علیہ وعلی اھل بیتہ صلوۃ ترضاھا
لھم وبلّغھم منّا تحیّۃ کثیرۃ وسلاما واٰتنا من
لدنک من موالاتھم فضلا واحسانا ورحمۃ وغفرانا
انّک ذوالفضل العظیم پس چار رکعت نماز زیارت پڑھو وسلام
سے جس سورہ سے کہ چاہے تو اور بعد فراغ تسبیح جناب فاطمہ علیہا السلام
کی پڑھ بعد اوسکے کہہ اللّٰھمّ انّک قلت لنبیّک محمّد صلّی اللہ علیہ
واٰلہ ولو انّھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک فاستغفروا اللہ
واستغفر لھم الرّسول لوجدوا اللہ توّابا رحیما ولم احضر
زمان رسولک علیہ واٰلہ السّلام اللّٰھمّ وقد زرتہ راغبا تائبا
من سیّئ عملی ومستغفرا لک من ذنوبی ومقرّا لک بھا وانت اعلم
بھا منّی ومتوجّھا الیک بنبیّک نبیّ الرّحمۃ صلواتک علیہ
واٰلہ فاجعلنی اللّٰھمّ بمحمّد واھل بیتہ عندک وجیھا فی
الدّنیا والاٰخرۃ ومن المقرّبین یا محمّد صا یا رسول اللہ بابی
انت وامّی یا نبیّ اللہ یا سیّد خلق اللہ انّی اتوجّہ بک
الی اللہ ربّک وربّی لیغفر لی ذنوبی ویتقبّل منّی عملی
ویقضی لی حوائجی فکن لی شفیعا عند ربّک وربّی
فنعم المسئول المولی ربّی ونعم الشّفیع انت یا محمّد ص
علیک وعلی اھل بیتک السّلام اللّٰھمّ واوجب
لی منک المغفرۃ والرّحمۃ والرّزق الواسع الطّیّب
النّافع کما اوجبت لمن اتی نبیّک محمّدا صلواتک علیہ

وَآلِهِ وَهُوَ حَيٌّ فَاقْبَلْ لَهُ بِذُنُوبِهِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ
اَللّٰهُمَّ وَقَدْ أَمَّلْتُكَ وَرَجَوْتُكَ وَقُمْتُ بَيْنَ يَدَيْكَ وَرَغِبْتُ
إِلَيْكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَقَدْ أَمَّلْتُ جَزِيلَ ثَوَابِكَ وَإِنِّي مُقِرٌّ غَيْرُ
مُنْكِرٍ وَتَائِبٌ إِلَيْكَ مِمَّا اقْتَرَفْتُ وَعَائِذٌ بِكَ فِي هٰذَا الْمَقَامِ مِمَّا
قَدَّمْتُ مِنَ الْأَعْمَالِ الَّتِي تَقَدَّمْتَ إِلَيَّ فِيهَا وَنَهَيْتَنِي عَنْهَا وَأَوْعَدْتَ
عَلَيْهَا الْعِقَابَ وَأَعُوذُ بِكَرِيمِ وَجْهِكَ أَنْ تُقِيمَنِي مَقَامَ الْخِزْيِ وَالذُّلِّ
يَوْمَ تُهْتَكُ فِيهِ الْأَسْتَارُ وَتَبْدُو فِيهِ الْأَسْرَارُ وَالْفَضَائِحُ وَ
تَرْعَدُ فِيهِ الْفَرَائِصُ يَوْمَ الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ يَوْمَ الْآفِكَةِ يَوْمَ الْآزِفَةِ
يَوْمَ التَّغَابُنِ يَوْمَ الْفَصْلِ يَوْمَ الْجَزَاءِ يَوْمًا كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ
أَلْفَ سَنَةٍ يَوْمَ النَّفْخَةِ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ
يَوْمَ النَّشْرِ يَوْمَ الْعَرْضِ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ يَوْمَ
يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ يَوْمَ
تَشَقَّقُ الْأَرْضُ وَأَكْنَافُ السَّمَاءِ يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَفْسِهَا
يَوْمَ يُرَدُّونَ إِلَى اللّٰهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى عَنْ مَوْلًى
شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ إِلَّا مَنْ رَحِمَ اللّٰهُ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ
يَوْمَ يُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ يَوْمَ يُرَدُّونَ
إِلَى اللّٰهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا
كَأَنَّهُمْ إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ وَكَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنْتَشِرٌ
مُهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ إِلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْوَاقِعَةِ يَوْمَ تُرَجُّ
الْأَرْضُ رَجًّا يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ وَتَكُونُ
الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ وَلَا يُسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا يَوْمَ الشَّاهِدِ

وَالْمَشْهَدُ يَوْمَ تَكُونُ الْمَلَائِكَةُ صَفًّا صَفًّا اَللّٰهُمَّ
اِرْحَمْ مَوْقِفِي فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ بِمَوْقِفِي فِي هٰذَا الْيَوْمِ وَلَا تُخْزِنِي
فِي ذٰلِكَ الْمَوْقِفِ بِمَا جَنَيْتُ عَلٰى نَفْسِي وَاجْعَلْ يَا رَبِّ فِي ذٰلِكَ
الْيَوْمِ مَعَ اَوْلِيَائِكَ مُنْطَلَقِي وَفِي زُمْرَةِ مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ
عَلَيْهِمُ السَّلَامُ مَحْشَرِي وَاجْعَلْ حَوْضَهُ مَوْرِدِي وَفِي
الْغُرِّ الْكِرَامِ مَصْدَرِي وَاَعْطِنِي كِتَابِي بِيَمِينِي حَتّٰى اَفُوزَ بِحَسَنَاتِي
وَتُبَيِّضَ بِهِ وَجْهِي وَتُيَسِّرَ بِهِ حِسَابِي وَتُرَجِّحَ بِهِ مِيزَانِي
وَاَمْضِيَ مَعَ الْفَائِزِينَ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ اِلٰى رِضْوَانِكَ
وَجِنَانِكَ اِلٰهَ الْعَالَمِينَ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ اَنْ تَفْضَحَنِي
فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ بَيْنَ يَدَيِ الْخَلَائِقِ بِجَرِيرَتِي اَوْ اَنْ اَلْقَى الْخِزْيَ
وَالنَّدَامَةَ بِخَطِيئَتِي اَوْ اَنْ تُظْهِرَ فِيهِ سَيِّئَاتِي عَلٰى حَسَنَاتِي وَاَنْ
تُنَوِّهَ بَيْنَ الْخَلَائِقِ بِاسْمِي يَا كَرِيمُ الْعَفْوَ الْعَفْوَ السَّتْرَ
السَّتْرَ اَللّٰهُمَّ اَعُوذُ بِكَ مِنْ اَنْ يَكُونَ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ فِي مَوَاقِفِ
الْاَشْرَارِ مَوْقِفِي اَوْ فِي مَقَامِ الْاَشْقِيَاءِ مَقَامِي وَاِذَا مَيَّزْتَ
بَيْنَ خَلْقِكَ فَسُقْتَ كُلًّا بِاَعْمَالِهِمْ زُمَرًا اِلٰى
مَنَازِلِهِمْ فَسُقْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ
وَفِي زُمْرَةِ اَوْلِيَائِكَ الْمُتَّقِينَ اِلٰى جَنَّاتِكَ
يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ پس وداع کرے آنحضرت ص کو اور رکھے
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَشِيرُ النَّذِيرُ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا السِّرَاجُ الْمُنِيرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا السَّفِيرُ
بَيْنَ اللّٰهِ وَبَيْنَ خَلْقِهِ اَشْهَدُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَّكَ كُنْتَ نُورًا فِي الْاَصْلَابِ

انها مجنة و الارحام المطهرة لم تنجسك الجاهلية بانجاسها و لم تلبسك من مدلهمات ثيابها و اشهد يا رسول الله اني مؤمن بك و بالائمة من اهل بيتك موقن بجميع ما اتيت به راض مؤمن و اشهد ان الائمة من اهل بيتك اعلام الهدى و العروة الوثقى و الحجة على اهل الدنيا اللهم لا تجعله اخر العهد من زيارة نبيك عليه و آله السلام و ان توفيتني فاني اشهد في مماتي على ما اشهد عليه في حيوتي انك انت الله لا اله الا انت وحدك لا شريك لك و ان محمدا عبدك و رسولك و ان الائمة من اهل بيته اولياؤك و انصارك و حججك على خلقك و خلفاؤك في عبادك و اعلامك في بلادك و خزان علمك و حفظة سرك و تراجمة وحيك اللهم صل على محمد و آل محمد و بلغ روح نبيك محمد و آله في ساعتي هذه و في كل ساعة تحية مني و سلاما و السلام عليك يا رسول الله و رحمة الله و بركاته

اور کتاب زاد المعاد مین ہی کہ زیارت حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی اس روز سنت ہی پہر روایت کی ہی شیخ مفید علیہ الرحمہ اور چند علما نے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام زیارت حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی سترہوین تاریخ ماہ ربیع الاول کی بجا لائے اس زیارت سے اور تعلیم فرمایا اس زیارت کو راوی عظیم الشان محمد بن مسلم ثقفی کو اور فرمایا کہ جب تو آوے مرقد مطہر امیر المومنین علیہ السلام مین تو غسل زیارت کر او پاکیزہ ترین لباس اپنے کو پہین اور خوشبو کر اپنے تئین اور آرام بدن اور آرام دل سے

اعمال نصف ماہ ربیع الاول

حاضر ہو جب باب السلام میں پہنچے اور ضریح مقدس نمایاں ہو تو رو بقبلہ
کھڑا ہو اور تیس دفعہ اَللهُ اَکْبَر کہہ اور پھر کہہ اَلسَّلَامُ عَلٰی
رَسُوْلِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلٰی خِیَرَةِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ
السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَنْبِیَآءِ اللهِ الْمُرْسَلِیْنَ
وَعِبَادِ اللهِ الصَّالِحِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَی الْمَلٰٓئِکَةِ الْحَافِّیْنَ بِهٰذَا الْحَرَمِ
وَبِهٰذَا الضَّرِیْحِ اللَّائِذِیْنَ بِهٖ پھر قبر منور کے قریب جا اور کہہ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَصِیَّ الْاَوْصِیَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عِمَادَ
الْاَتْقِیَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ الْاَوْلِیَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا سَیِّدَ الشُّهَدَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اٰیَةَ اللهِ الْعُظْمٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا خَامِسَ اَهْلِ الْعَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَآئِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ
الْاَتْقِیَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عِصْمَةَ الْاَوْلِیَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا زَیْنَ الْمُوَحِّدِیْنَ النُّجَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَالِصَ الْاَخِلَّآءِ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا وَالِدَ الْاَئِمَّةِ الْاُمَنَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ الْحَوْضِ
وَحَامِلَ اللِّوَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَسِیْمَ الْجَنَّةِ وَلَظٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا مَنْ شُرِّفَتْ بِهٖ مَکَّةُ وَمِنٰی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَحْرَ
الْعُلُوْمِ وَکَهْفَ الْفُقَرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ وُلِدَ فِی الْکَعْبَةِ
وَزُوِّجَ فِی السَّمَآءِ بِسَیِّدَةِ النِّسَآءِ وَکَانَ شُهُوْدُهَا الْمَلٰٓئِکَةُ
السَّفَرَةُ الْاَصْفِیَآءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مِصْبَاحَ الضِّیَآءِ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا مَنْ خَصَّهُ النَّبِیُّ بِجَزِیْلِ الْحِبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا مَنْ بَاتَ عَلٰی فِرَاشِ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ وَوَقَاهُ بِنَفْسِهٖ شَرَّ الْاَعْدَآءِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ رُدَّتْ لَهُ الشَّمْسُ فَسَامٰی شَمْعُوْنَ

الصفا السلام علیک یا من انجی اللہ سفینۃ نوح باسمہ واسم
اخیہ حیث التطم الماء حولہا وطمی السلام علیک یا من
تاب اللہ بہ وباخیہ علی آدم اذ غوی السلام علیک یا فلک
النجاۃ الذی من رکبہ نجا ومن تاخر عنہ ھوی السلام
علیک من خاطب الثعبان وذئب الفلا السلام علیک
یا امیر المؤمنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علیک
یا حجۃ اللہ علی من کفر واناب السلام علیک یا امام ذوی
الالباب السلام علیک یا معدن الحکمۃ وفصل الخطاب
السلام علیک یا من عندہ علم الکتاب السلام علیک
یا میزان یوم الحساب السلام علیک یا فاصل الحکم
الناطق بالصواب السلام علیک ایھا المتصدق بالخاتم فی
المحراب السلام علیک یا من کفی اللہ المؤمنین القتال بہ
یوم الاحزاب یا من اخلص للہ الوحدانیۃ واناب السلام
علیک یا فاتح خیبر وقالع الباب السلام علیک
یا من دعاہ خیر الانام للمبیت علی فراشہ فاسلم
نفسہ للمنیۃ واجاب السلام علیک یا من لہ
طوبی وحسن مآب ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علیک یا ولی عصمۃ
الدین ویا سید السادات السلام علیک یا صاحب المعجزات السلام
علیک یا من نزلت فی فضلہ سورۃ العادیات السلام علیک یا من
کتب اسمہ فی السماء علی السرادقات السلام علیک یا مظہر
العجائب والآیات السلام علیک یا امیر الغزوات السلام علیک

يا مخبرا بما غبر وبما هو آت السلام عليك يا مخاطب ذئب
الفلوات السلام عليك يا خاتم الحصى ومبين المشكلات
السلام عليك يا من عجبت من حملاته في الوغا ملائكة
السموات السلام عليك يا من ناجى الرسول فقدم بين يدي
نجواه الصدقات السلام عليك يا والد الائمة البررة السادة
ورحمة الله وبركاته السلام عليك يا تالي المبعوث السلام
عليك يا وارث علم خير موروث ورحمة الله وبركاته
السلام عليك يا امام المتقين السلام عليك يا غياث
المكروبين السلام عليك يا عصمة المؤمنين السلام
عليك يا مظهر البراهين السلام عليك يا طه ويس
السلام عليك يا حبل الله المتين السلام عليك يا من
تصدق في صلوته بخاتمه على المسكين السلام عليك يا
قالع الصخرة عن فم القليب ومظهر الماء المعين السلام عليك
يا عين الله الناظرة ويده الباسطة ولسانه المعبر عنه
في بريته اجمعين السلام عليك يا وارث علم النبيين
ومستودع علم الاولين والآخرين وصاحب لواء الحمد
وساقي اوليائه من حوض خاتم النبيين السلام عليك يا يعسوب
الدين وقائد الغر المحجلين ووالد الائمة المرضيين
ورحمة الله وبركاته السلام على اسم الله الرضي ووجهه المضيء
وجنبه القوي وصراطه السوي السلام على الامام التقي المخلص
الصفي السلام على الكوكب الدري السلام على الامام ابي الحسن

علی و رحمۃ اللہ و برکاتہ السلام علی امام الھدیٰ و مصباح الدجیٰ
و علم التقیٰ و منار الھدیٰ و ذی النھیٰ و کھف الوریٰ و
العروۃ الوثقیٰ و الحجۃ علی اھل الدنیا و رحمۃ اللہ و برکاتہ
السلام علی نور الانوار و حجۃ الجبار و والد الائمۃ
الاطھار و قسیم الجنۃ و النار المخبر عن الاثار
المدمر علی الکفار مستنقذ الشیعۃ المخلصین
من عظیم الاوزار السلام علی المخصوص بالطاھرۃ التقیۃ ابنۃ
المختار المولود فی البیت ذی الاستار المزوج فی السماء
بالبرۃ الطاھرۃ الرضیۃ المرضیۃ ابنۃ الاطھار و رحمۃ
اللہ و برکاتہ السلام علی النبا العظیم الذی ھم فیہ
مختلفون و علیہ یعرضون و عنہ یسئلون السلام
علی نور اللہ الانوار و ضیائہ الازھر و رحمۃ اللہ و برکاتہ
السلام علیک یا ولی اللہ و حجتہ و خالصۃ اللہ و خاصتہ
اشھد یا ولی اللہ لقد جاھدت فی سبیل اللہ حق جہادہ
و اتبعت منھاج رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ
و حللت حلال اللہ و حرمت حرام اللہ و شرعت احکامہ
و اقمت الصلوٰۃ و اتیت الزکوٰۃ و امرت بالمعروف و نھیت
عن المنکر و جاھدت فی سبیل اللہ صابرا ناصحا مجتھدا محتسبا
عند اللہ عظیم الاجر حتی اتاک الیقین فلعن اللہ من دفعک
عن حقک و ازالک عن مقامک و لعن اللہ من بلغہ ذلک
فرضی بہ اشھد اللہ و ملٰئکتہ و انبیاءہ و رسلہ

آتی وَالِی لِمَن وَالَاکَ وَعَادٍ لِمَن عَادَاکَ اَلسَّلَامُ عَلَیکَ وَرَحمَةُ اللّٰهِ
وَبَرَکَاتُهُ پس اپنے تئیں قبر شریف سے چسپیدہ کر اور قبر کو بوسہ دے
اور کہہ اَشهَدُ اَنَّکَ تَسمَعُ کَلَامِی وَتَشهَدُ مَقَامِی وَاَشهَدُ
لَکَ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ بِالبَلَاغِ وَالاَدَاءِ یَا مَولَایَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ یَا اَمِینَ
اللّٰهِ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ اِنَّ بَینِی وَبَینَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ذُنُوبًا قَد اَثقَلَت
ظَهرِی وَمَنَعَتنِی مِنَ الرُّقَادِ وَذِکرُهَا یُقَلقِلُ اَحشَائِی وَقَد
هَرَبتُ اِلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِلَیکَ فَبِحَقِّ مَنِ ائتَمَنَکَ عَلَی سِرِّهِ وَاستَرعَاکَ
اَمرَ خَلقِهِ وَقَرَنَ طَاعَتَکَ بِطَاعَتِهِ وَمُوَالَاتَکَ بِمُوَالَاتِهِ کُن لِی اِلَی اللّٰهِ
شَفِیعًا وَمِنَ النَّارِ مُجِیرًا وَعَلَی الدَّهرِ ظَهِیرًا پھر اپنے تئیں قبر سے چسپاں کر اور بوسہ دے
اور کہہ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ یَا بَابَ حِطَّةِ اللّٰهِ وَلِیُّکَ وَزَائِرُکَ وَاللَّائِذُ
بِقَبرِکَ وَالنَّازِلُ بِفِنَائِکَ وَالمُنِیخُ رَحلَهُ فِی جِوَارِکَ
یَسئَلُکَ اَن تَشفَعَ لَهُ اِلَی اللّٰهِ فِی قَضَاءِ حَاجَتِهِ وَنُجحِ طَلِبَتِهِ فِی الدُّنیَا
وَالاٰخِرَةِ فَاِنَّ لَکَ عِندَ اللّٰهِ الجَاهَ العَظِیمَ وَالشَّفَاعَةَ المَقبُولَةَ
فَاجعَلنِی یَا مَولَایَ مِن هَمِّکَ وَاَدخِلنِی فِی حِزبِکَ وَالسَّلَامُ
عَلَیکَ وَعَلَی ضَجِیعَیکَ اٰدَمَ وَنُوحٍ وَالسَّلَامُ عَلَیکَ
وَعَلَی وَلَدَیکَ الحَسَنِ وَالحُسَینِ وَعَلَی الاَئِمَّةِ الطَّاهِرِینَ مِن
ذُرِّیَّتِکَ وَرَحمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ بعد اوسکی تضرع و خشوع سے جو
حاجت کہ رکھتا ہو خدا سے طلب کر بعد اسکے اخوند مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہین
جو شخص دور سے یہ زیارت کرے لِهٰذَا الحَرَامِ اور بِهٰذَا الضَّرِیحِ سے قصد
روضۂ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کرے اور زیارت و دعاؤن کو
متصل بجالائے اور نزدیک جانا قبر کے اور بوسہ دینا اسکے عوض کوئی

امر اوس پر لازم نہین ہی اور حدیقۂ سلطانیہ مین مذکور ہی کہ بعض علمای اہل سنت وفات
حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اس مہینے کی اٹھارہوین تاریخ لکھتے ہین
اور کتاب جلاء العیون مین منقول ہی کہ شیخ طوسی علیہ الرحمہ کتاب تہذیب مین
روایت کرتے ہین کہ ولادت جناب امام حسین علیہ السلام آخر ماہ ربیع الاول سن تین
ہجری مین واقع ہوئی اور یہ خلاف مشہور ہے

باب چوتھا بیان احکام و اعمال ماہ ربیع الآخر مین

بحار کی چودہوین جلد مین مذکور ہی کہ جس سال ربیع الآخر کے مہینے مین سورج گہن
ہوگا آدمیون مین اختلاف بہت ہوگا اور خلق عظیم قتل ہوگی اور کوئی شخص
بادشاہ پر خروج کریگا اور بیم و ترس و قتل اور لوٹ ہوگی اور موت بکثرت ہوگی
اور جس سال ماہ ربیع الآخر مین چاند گہن ہوگا پانی ندیون مین بہت ہوگا اور
غلے کی فراوانی ہوگی اور وہ سال مبارک ہوگا مغرب مین بادشاہ فتح پائے گا

بیان نحس اکبر

بیان نحس اکبر تقویم المحسنین مین مذکور ہی کہ بروایت حضرت امیر المومنین علیہ السلام
پہلی اور گیارہوین اور بروایت حضرت صادق علیہ السلام اٹھائیسوین اس
مہینے کی نحس اکبر ہی اور کتاب ذریعۃ النجاح مین لکھا ہی کہ اس مہینے کی چوتھی تاریخ
موافق قول شیخ شہید اور آٹھوین تاریخ موافق قول شیخ طبرسی اور دسوین
تاریخ بنابر قول مشہور حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام پیدا ہوئے ہین اور
یہی زاد المعاد مین شیخ مفید سے منقول ہی اور جلاء العیون مین مذکور ہی کہ وفات
جناب فاطمہ علیہا السلام ابن شہر آشوب نے تیرہوین تاریخ ربیع الثانی کی لکھی
ہی اور حدیقۃ الشیعہ مین ہی کہ روز ولادت و وفات حضرت امام حسن عسکری
علیہ السلام تیسوین تاریخ ربیع الآخر کی ہے

بیان ایام متبرکہ

باب پانچوان بیان احکام و اعمال ماہ جمادی الاولی مین

بحار الانوار کی چودہوین جلد مین مذکور ہی کہ جس سال ماہ جمادی الاولی مین سورج گہن ہوگا
ناحیۂ مشرق و مغرب مین روزی مردم فراخ ہوگی اور بادشاہ رعیت کی نسبت
شفقت کریگا اور انسے باحسان پیش آویگا اور پاس خاطر اونکا ملحوظ رکھیگا
اور جس سال ماہ جمادی الاولی مین چاند گہن ہوگا صحرا مین خون بکثرت بہیگا
اور بادشاہ پر کوئی بلاے عظیم نازل ہوگی اور کوئی بادشاہ پر خروج کریگا اور
بادشاہ فتح پائیگا **بیان نحس اکبر** تقویم المحسنین مین بروایت حضرت
امیر المومنین علیہ السلام دسوین اور گیارہوین آور بروایت حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام اٹھائیسوین اس مہینے کی نحس اکبر ہی **بیان ایام
مخصوصہ** زاد المعاد مین مذکور ہی کہ اس مہینے کی پہلی تاریخ یہ دعا پڑہنا مستحب ہی

دعای غرۂ جمادی الاولی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ وَاَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَاَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ وَاَنْتَ السَّلَامُ
الْمُؤْمِنُ وَاَنْتَ الْمُهَیْمِنُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ وَاَنْتَ الْجَبَّارُ وَاَنْتَ الْمُتَكَبِّرُ وَاَنْتَ
الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ الْمُصَوِّرُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ وَاَنْتَ
الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ لَكَ الْاَسْمَاۤءُ الْحُسْنٰى اَسْئَلُكَ یَا رَبِّ
بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاۤءِ وَبِحَقِّ اَسْمَاۤئِكَ كُلِّهَا اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ
مُحَمَّدٍ وَاٰتِنَا اللّٰهُمَّ فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً
وَاخْتِمْ لَنَا بِالسَّعَادَةِ وَالشَّهَادَةِ فِیْ سَبِیْلِكَ وَعَرِّفْنَا بَرَكَةَ
شَهْرِنَا هٰذَا وَیُمْنَهٗ وَارْزُقْنَا خَیْرَهٗ وَاصْرِفْ عَنَّا شَرَّهٗ وَاجْعَلْنَا
فِیْهِ مِنَ الْفَاۤئِزِیْنَ وَقِنَا بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ النَّارِ یَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بعدہ ان آیات کو پڑہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ
الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ

هو الذي خلقكم من طين ثم قضى اجلا و اجل مسمى عنده ثم
انتم تمترون وهو الله في السموات وفي الارض يعلم سركم
وجهركم ويعلم ما تكسبون الحمد لله الذي انزل
على عبده الكتاب ولم يجعل له عوجا قيما لينذر
باسا شديدا من لدنه الحمد لله الذي له ما في السموات
وما في الارض وله الحمد في الاخرة وهو الحكيم
الخبير الحمد لله فاطر السموات والارض جاعل
الملائكة رسلا اولي اجنحة مثنى وثلاث
ورباع يزيد في الخلق ما يشاء ان الله على كل شيء
قدير ما يفتح الله للناس من رحمة فلا ممسك
لها وما يمسك فلا مرسل له من بعده وهو العزيز الحكيم الحمد
لله الذي هدىنا لهذا وما كنا لنهتدي لولا ان هدىنا الله لقد جاءت
رسل ربنا بالحق الحمد لله الذي وهب لي على الكبر اسمعيل
واسحاق ان ربي لسميع الدعاء الحمد لله بل اكثرهم لا يعلمون
الحمد لله الذي نجانا من القوم الظالمين الحمد لله الذي
فضلنا على كثير من عباده المؤمنين الحمد لله سيريكم اياته
فتعرفونها وما ربك بغافل عما تعملون الحمد لله الذي
اذهب عنا الحزن ان ربنا لغفور شكور الحمد لله الذي
صدقنا وعده واورثنا الارض نتبوا من الجنة حيث نشاء
فنعم اجر العاملين وترى الملائكة حافين من حول العرش
يسبحون بحمد ربهم وقضي بينهم بالحق وقيل الحمد لله رب

العالمین فللہ الحمد رب السموات ورب الارض رب العالمین
وله الکبریاء فی السموات والارض وھو العزیز
الحکیم الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن له
شریک فی الملک ولم یکن له ولی من الذل
وکبره تکبیرا اللھم اغفرلی ما سلف من ذنوبی
وتدارکنی فیما بقی من عمری وقو ضعفی للذی
خلقتنی له وحبب الی الایمان وزینه فی قلبی وقد
دعوتک کما امرتنی فاستجب لی کما وعدتنی
اللھم اصبحت لک عبدا لا استطیع دفع ما اکره
ولا املک ما ارجو واصبحت مرتھنا بعملی فلا افقر
افقر منی الیک یا رب العالمین اسئلک ان تستعملنی عمل
من استیقن حضور اجله لا بل عمل من قد مات فرای عمله
ونظر الی ثواب عمله انک علی کل شیء قدیر اللھم ھذا مکان
العائذ برحمتک من عذابک وھذا مکان العائذ بمعافاتک
من غضبک اللھم اجعلنی ممن دعاک فاجبته وسئلک
فاعطیته وامن بک فھدیته وتوکل علیک فکفیته وتقرب الیک
فادنیته وافتقر الیک فاغنیته واستغفرک فغفرت له و
رضیت عنه وارضیته وھدیته الی مرضاتک واستعملته
بطاعتک ولذلک فرھنته ابدا ما احییته فتب علی یا رب واعطنی
سؤلی ولا تحرمنی شیئا مما سئلتک واکفنی شر ما یعمل الظالمون
فی الارض واستغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الذی لا یغفر الذنوب

الْاُمُوْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَعِنِّیْ عَلَی الدُّنْیَا
وَارْزُقْنِیْ خَیْرَھَا وَکَرِّہْ اِلَیَّ الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنِیْ
مِنَ الرَّاشِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ قَوِّنِیْ لِعِبَادَتِکَ وَاسْتَعْمِلْنِیْ فِیْ طَاعَتِکَ
وَبَلِّغْنِیَ الَّذِیْ اَرْجُوْ مِنْ رَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْئَلُکَ الرِّیَّ یَوْمَ الظَّمَاءِ وَالنَّجَاۃَ یَوْمَ الْفَزَعِ الْاَکْبَرِ وَالْفَوْزَ یَوْمَ
الْحِسَابِ وَالْاَمْنَ یَوْمَ الْخَوْفِ اَللّٰھُمَّ وَاَسْئَلُکَ النَّظَرَ اِلٰی
وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَالْخُلُوْدَ فِیْ جَنَّتِکَ فِیْ دَارِ الْمُقَامَۃِ مِنْ فَضْلِکَ
وَالسُّجُوْدَ یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَالظِّلَّ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّکَ
وَمُرَافَقَۃَ اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ وَاَوْلِیَائِکَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ
مِنْ ذُنُوْبِیْ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ
عَلٰی نَفْسِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ وَارْزُقْنِی التُّقٰی وَالْھُدٰی وَ
الْعَفَافَ وَالْغِنٰی وَوَفِّقْنِیْ لِلْعَمَلِ بِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ
دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا
مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ اِلَیْھَا مُنْقَلَبِیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ
زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ اَللّٰھُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَیَا سَیِّدَ السَّادَاتِ وَیَا مَالِکَ
الْمُلُوْکِ اَنْ تَرْحَمَنِیْ وَتَسْتَجِیْبَ لِیْ وَتُصْلِحَنِیْ فَاِنَّہٗ لَا یُصْلِحُ مَنْ
صَلَحَ مِنْ عِبَادِکَ اِلَّا اَنْتَ وَاِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ وَثِقَتِیْ وَرَجَائِیْ وَمَوْلَایَ
وَمَلْجَائِیْ لَا رَاحِمَ لِیْ غَیْرُکَ وَلَا مُغِیْثَ لِیْ سِوَاکَ وَلَا اَمَالِکَ
لِیْ سِوَاکَ وَلَا مُجِیْبَ اِلَّا اَنْتَ اَنَا عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ
الْخَاطِئُ الَّذِیْ وَسِعَتْہُ رَحْمَتُکَ وَاَنْتَ الْعَالِمُ بِحَالِیْ وَحَاجَتِیْ

وَكَثْرَةِ ذُنُوبِي وَالْمُطَّلِعُ عَلَى أُمُورِي كُلِّهَا فَأَسْئَلُكَ
يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْ تَغْفِرَ لِي مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِي وَمَا تَأَخَّرَ اللَّهُمَّ
لَا تَدَعْ لِي ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ
رِضًى إِلَّا قَضَيْتَهَا وَلَا عَيْبًا إِلَّا أَصْلَحْتَهُ اللَّهُمَّ وَآتِنَا فِي الدُّنْيَا
حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنِي عَذَابَ النَّارِ اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَى
أَهْوَالِ الدُّنْيَا وَبَوَائِقِ الدُّهُورِ وَمُصِيبَاتِ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامِ
اللَّهُمَّ وَاحْرُسْنِي مِنْ شَرِّ مَا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ فِي الْأَرْضِ فَإِنَّهُ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ إِيمَانًا
ثَابِتًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا وَدُعَاءً مُسْتَجَابًا وَيَقِينًا صَادِقًا وَقَوْلًا
طَيِّبًا وَقَلْبًا شَاكِرًا وَبَدَنًا صَابِرًا وَلِسَانًا ذَاكِرًا اللَّهُمَّ
انْزِعْ حُبَّ الدُّنْيَا وَمَعَاصِيهَا وَذِكْرَهَا وَشَهْوَتَهَا
مِنْ قَلْبِي اللَّهُمَّ إِنَّكَ بِكَرَمِكَ تَشْكُرُ الْيَسِيرَ
مِنْ عَمَلِي فَاعْفُ لِي الْكَثِيرَ مِنْ ذُنُوبِي وَكُنْ لِي وَلِيًّا
وَنَصِيرًا وَمَنِيعًا وَحَافِظًا اللَّهُمَّ هَبْ لِي قَلْبًا أَشَدَّ رَهْبَةً لَكَ
مِنْ قَلْبِي وَلِسَانًا أَدْوَمَ لَكَ ذِكْرًا مِنْ لِسَانِي وَجِسْمًا أَقْوَى
عَلَى طَاعَتِكَ وَعِبَادَتِكَ مِنْ جِسْمِي اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ
مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَمِنْ فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَمِنْ تَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ
وَمِنْ حُلُولِ غَضَبِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَكِ
الشَّقَاءِ وَمِنْ شَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ وَسُوءِ الْقَضَاءِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ
اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْكَرِيمِ وَعَرْشِكَ
الْعَظِيمِ وَمُلْكِكَ الْقَدِيمِ يَا وَهَّابَ الْعَطَايَا وَيَا مُطْلِقَ

الاسَادِی وَیَا فَکَّاکَ الرِّقَابِ یَا کَاشِفَ الْعَذَابِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُخْرِجَنِی مِنَ الدُّنْیَا سَالِمًا غَانِمًا وَاَنْ تُدْخِلَنِی الْجَنَّۃَ بِرَحْمَتِکَ اٰمِنًا وَاَنْ تَجْعَلَ اَوَّلَ شَهْرِی هٰذَا اِصْلَاحًا وَاَوْسَطَهُ فَلَاحًا وَاٰخِرَهُ نَجَاحًا اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۞

اور پہر کتاب مذکور مین منقول ہی کہ جناب شیخ کلینی بسند صحیح حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کرتا ہین کہ حضرت فاطمہ علیہا السلام پچہتر روز بعد حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زندہ رہین پس بنا بر مشہور وفات حضرت رسول ص اٹہائیسوین کو ماہ صفر کی واقع ہوئی بالجملہ چاہیی کہ روز وفات حضرت فاطمہ علیہا السلام کم جمادی الاولے کے تیرہوین یا چودہوین یا پندرہوین تاریخ سے ہے زیارت جناب سیدہ کی اندنون مین بہے پڑہی خصوصاً چودہوین تاریخ کہ ظاہر تر ہے اور شیخ مفید علیہ الرحمہ لکہتے ہین کہ پندرہوین شب اس مہینے کی حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پیدا ہوی این یہہ روز شریف ہی مستحب ہی کہ روزہ رکہین اور اعمال خیر عبادات اور تصدقات سے بجالائین اور شیخ طوسی کہتے ہین کہ فتح بصرہ واسطے حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کے بہی اسی روز ہوی ہی اند زیارت آنحضرت ع کی ان ایام مین مناسب ہی

باب چہٹا بیان احکام واعمال ماہ جمادی الاخری مین

بحار کی چودہوین جلد مین مذکور ہی کہ جس سال ماہ جمادی الآخر مین سورج گہن ہوگا تو مغرب مین کوئی مرد جلیل القدر مریگا اور بلاد مصر مین لڑائی ہوگی اور قتل عظیم واقع ہوگا اور بلاد مغرب مین آخر سال گرانی ہوگی اور جس سال ماہ جمادی الآخر مین چاند گہن ہوگا مینہ کم برسے گا اور نینوا کہ حوالے کوفہ مین ہی یا موصل مین جزع عظیم اور گرانی پیدا ہوگی بیان نحس اکبر تقویم المحسنین مین مذکور ہی کہ بروایت جناب امیر علیہ السلام پہلی اور گیارہوین اور بروایت حضرت

تاریخ وفات جناب سیدہ علیہا السلام

باب چہٹا بیان احکام اعمال ماہ جمادی الاخری مین

امام جعفر صادق علیہ السلام بارہوین اس مہینے کی نحس کہی ہی بیان ایام مخصوصہ
زاد المعاد مین شیخ طبری سے نقل کیا ہی کہ تیسری تاریخ اس مہینے کی شہادت
جناب فاطمہ علیہا السلام واقع ہوئی ہی اور یہہ فرمایا ہی کہ شیخ طوسی وغیرہ اسیطرح
ذکر کرتے ہین اگرچہ یہ تاریخ وفات خلاف اوس روایت کی ہی کہ پہلے ذکر کئے گئے
لیکن چونکہ مشہور ہی اور رواۃ معتبرہ رکھتی ہی چاہیے کہ تیسری تاریخ بہی رسم تعزیت
جناب سیدہ بجا لائین اور اون معصومہ کی زیارت پڑہین اور اونکی غاصبین حق
اور قاتلون پر لعنت کرنے مین مبالغہ کرین کتاب جلاء العیون مین مسطور ہی کہ
ایک روایت مین امام علی النقی علیہ السلام کی وفات ساتوین تاریخ ہی اور
تحفۃ الزائر مین ہی کہ موافق بعض اقوال ولادت جناب فاطمہ علیہا السلام اس
مہینے کی گیارہوین تاریخ واقع ہوئی ہی اور تقویم المحسنین مین ہی کہ پندرہوین کو
اس مہینے کی عبد اللہ بن زبیر حاکم ہوا اور کعبے کو خراب کیا اور اوسکے دو دروازے
قرار دیے کہ ایک دروازے سے جائین اور ایک سے باہر نکلین پہر عبد الملک بن
مروان نے بطریق اول بنایا اور کتاب جلاء العیون اور کتاب ذریعۃ النجاح
اور خلاصۃ الاعمال مین مرقوم ہی کہ بنابر بعض اقوال ولادت حضرت امام زین العابدین
علیہ السلام اس مہینے کی پندرہوین کو واقع ہوئی اور کتاب زاد المعاد مین مسطور ہی
کہ اس مہینے کی بیسوین تاریخ ولادت باسعادت جناب فاطمہ علیہ السلام ہے پس
مستحب ہی کہ اس روز روزہ رکھین اور کارہاے نیک کرین اور مومنین کو تصدق
دین اور اون معصومہ کی زیارت پڑہین اور کتاب جلاء العیون مین ہی کہ پچیسوین
تاریخ اور ذریعۃ النجاح مین ہی کہ چہبیسوین تاریخ اس مہینے کی موافق قول کلینی
حضرت امام علی النقی علیہ السلام نے دنیا سے رحلت کی اور نخبۃ الدعوات مین ہی
کہ شیخ مفید مسار الشیعہ مین لکھتے ہین کہ اونتیسوین تاریخ اس مہینے کی ابوبکر مرا ہی

اور سید بن طاؤس کتاب اقبال مین لکھتے ہین کہ جو شخص چار رکعت
نماز اس مہینے مین بجا لائے رکعت اول مین ایک مرتبہ اَلْحَمْدُ اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی
اور پچیس مرتبہ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ اور دوسری رکعت مین اَلْحَمْدُ
ایک مرتبہ اور اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ایک مرتبہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پچیس مرتبہ
اور تیسری رکعت مین اَلْحَمْدُ ایک مرتبہ اور قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ایک مرتبہ اور
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پچیس مرتبہ اور چوتھی رکعت مین اَلْحَمْدُ ایک مرتبہ اور
لک شکراً و لنا ذخراً و اجعل لنا من امرنا یسراً و اختم لنا بالسعادۃ الی منتہے اجالنا و قد قبلت الیسیر من اعمالنا و بلغنا برحمتک افضل امالنا انک علی کل شیٔ قدیر و صلی اللہ علی سیدنا محمد و آلہ و سلم اور بسند معتبر حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو اٹھائیسوین تاریخ اس مہینے کی روزہ رکھے وہ روزہ اوسکے نوّے برس کے گناہونکا کفارہ ہوگا اور جو کہ انتسوین تاریخ اس مہینے کی روزہ رکھی وہ روزہ اوسکے سو برس کے گناہونکا کفارہ ہوگا اور جو کہ تیسوین تاریخ اس مہینے کے روزہ رکھے خدا گناہ گذشتہ اور آیندہ اوسکے بخشدیگا

باب آٹھوان ماہ شعبان کی بیان مین اس باب مین تین مطلب ہین مطلب پہلا

بیان مین اختیارات اور ولادت اور وفات کی اور باقی امور کہ جو اس مہینے مین واقع ہوئے ہین رسالہ اختیارات مین اخوند مجلسی علیہ الرحمہ نے لکھا ہی کہ جس سال ماہ شعبان مین سورج گہن ہوگا سب آدمی بادشاہ کے شر سے امین رہین گے اور بادشاہ اپنے دشمنو پر فتح پائیگا اور بلاد جبل مین آخر سال موت شائع ہوگی اور جس سال ماہ شعبان مین چاند گہن ہوگا بادشاہ قتل ہوگا اور بیٹا اوسکا بادشاہ ہوگا اور تقویم المحسنین مین جناب امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ چوتھی اور بیسوین اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہی کہ چھبیسوین اس مہینے نحس اکبر ہی اور خلاصۃ الاعمال مین مذکور ہی کہ اس تاریخ بہی احتمال ولادت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہی اور زاد المعاد مین مسطور ہی کہ تیسری تاریخ اس مہینے کے موافق مشہور ولادت حضرت امام حسین علیہ السلام ہی اور شیخ طوسیؒ نے روایت کی ہی کہ حضرت خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا پانچوین تاریخ پیدا ہوئے اور کتاب حدیقۃ الشیعہ مین بہی یہی لکھا ہی

اور خلاصۃ الاعمال اور مصباح العابدین مین ہی کہ پانچوین تاریخ اس مہینے کی حضرت
امام زین العابدین علیہ السلام پیدا ہوئے اور زاد المعاد مین حضرت امام جعفر
صادق علیہ السلام سے روایت ہی کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام ساتوین
تاریخ اس مہینے کی پیدا ہوئے ہین اگرچہ خلاف مشہور ہی اور جلاء العیون مین
ہی کہ بعضے آٹھوین تاریخ بہی اس مہینے کی ولادت جناب صاحب الامر لکھتے ہین
اور نوین تاریخ اس مہینے کی احتمال ولادت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام
ہی پہر زاد المعاد مین منقول ہی کہ پندرہوین شب اس مہینے کی ولادت وافر السعادۃ
حضرت صاحب الامر صلوات اللہ علیہ واقع ہوئی ہی اور جلاء العیون مین ہے
کہ بعضے علماء ولادت جناب امیر المومنین علیہ السلام تیئسوین ۲۳ تاریخ شعبان کی
لکھتے ہین لہذا اون حضرات کی زیارت کہ جو اس مہینے مین پیدا ہوے ہین پڑہنا چاہئے

مطلب دوسرا بیان مین فضائل اور ثواب ماہ شعبان اور روزہ ہای

ماہ شعبان کے زاد المعاد مین مذکور ہی کہ فضیلت ماہ شعبان فضیلت ماہ رجب سے
زیادہ ہی اور یہہ مہینا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طرف منسوب ہی اور
حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہی کہ ماہ شعبان ایک مہینہ
شریف ہی اور وہ مہینہ میرا ہی اور حاملان عرش الٰہی اس مہینے کی تعظیم کرتے
ہین اور حق حرمت اسکا پہچانتے ہین اور یہہ وہ مہینہ ہی کہ اسمین روزی بندونکی
ماہ رمضان کے لیے زیادہ ہوتی ہی اس مہینے مین بہشتون کو آراستہ کرتے ہین
اور اس مہینے کا شعبان اسلیے نام رکہا ہی کہ اس مہینے مین رزق و روزی
مومنون کی زیادہ ہوتی ہی اور ثواب اس مہینے مین ستر درجہ مضاعف ہوتے
ہین اور گناہ اس مہینے مین پست ہوتے ہین اور بخشے جاتے ہین اور اعمال خیر
اس مہینے مین مقبول ہوتے ہین اور اس مہینے مین روزہ رکہنے والون اور

کرنیوالون کے طرف خدا انظر رحمت فرماتا ہی اور حاملان عرش سے بسبب انکے
عبادت کی مباحات فرماتا ہی اور فضیلت اس مہینے مین ہر روز کے روزے کی اسقدر بیان
فرمائی ہی کہ ذکر اوسکا باعث طول ہی اور بسند معتبر حضرت صادق علیہ السلام سے
منقول ہی کہ روزہ شعبان ذخیرہ ہی بندیکا واسطے روز قیامت کے اور جو بندہ
شعبان مین روزہ رکھی حقتعالی امر معاش کی اصلاح فرمائیگا اور اوسے اوسکے
دشمنون کی شر سے محفوظ رکھیگا اور کمتر ثواب کہ روزہ دار کو عوض مین ہر روزہ
ماہ شعبان کے ملیگا یہ ہی کہ بہشت اوسپر واجب ہوتا ہی اور بسند معتبر حضرت رسالتم
سے منقول ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ماہ شعبان میرا مہینا ہی اور
ماہ رمضان خدا کا مہینا ہی پس جو شخص ایک روز میرے مہینے مین روزہ رکھی مین
اوسکا روز قیامت مین شفیع ہونگا اور جو کہ دو روز روزہ رکھی گناہ گذشتہ اوسکے
بخشے جائینگے اور جو کہ تین روز روزہ رکھی اوسکو ندا کیجائیگی کہ اپنی عمل کو از سر نو بجا لا
اسلیے کہ اب تو کوئی گناہ نہین رکھتا اور بسند عالی حضرت امام رضا علیہ السلام سے
منقول ہی جو کہ ماہ شعبان مین تصدق کرے اگرچہ آدھا خرما ہی ہو خدا اوسکی بدن کو
آتش جہنم پر حرام کریگا اور جو کہ تین روز آخر ماہ شعبان مین روزہ رکھی اور ماہ رمضان
سے وصل کردے تو خدا دو مہینون کے روزہ ہای متصل کا ثواب اوسکے لیے تحریر فرمائیگا
اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ شعبان میرا مہینہ ہی اور ماہ رمضان خدا کا مہینہ ہی پس جو میرے مہینے مین
روزہ رکھی مین اوسکی شفاعت قیامت مین کرونگا اور جو ماہ خدا مین روزہ رکھے
خدا اوسکا وحشت قبر مین مونس ہوگا اور جب قیامت مین قبر سے باہر نکلیگا تو مونہہ
اوسکا نورانی ہوگا اور نامۂ عمل اوسکا دہنی ہاتھ مین اوسکے دیا جائیگا اور نامہ بہشت
مین مخلد ہونیکا اوسکے بائین ہاتھ مین دیا جائیگا یہانتک کہ اوسکو زیر عرش الہی

لائینگے پس حقتعالی ندا کریگا کہ ای بندی میری وہ جواب دیگا کہ حاضر ہون ای خدا پھر خدا کہیگا کہ تونے روزہ رکہا میری خوشنودی کے لیے وہ جواب دیگا کہ ہان ای آقا میری پس خدا فرشتونکو ندا کریگا کہ میرے بندیکا ہاتھ پکڑو اور میری پیغمبر کو سپرد کرو پس ملائکہ اوسکو میری پاس لائینگے مین اوس سے کہونگا کہ تونے میرے مہینہ مین روزی رکھے وہ کہیگا ہان مین اوس سے کہونگا آج کے دن مین تیری شفاعت کرتا ہون پس خدا فرمائیگا کہ مینے اپنے حق اپنے بندونکے یون بخشے پس باقی رہے حقوق خلق کے جو کوئی اوسے بخشیگا مین عوض مین عفو کے اوسکو وہ چیز کرامت فرماؤنگا کہ وہ راضی ہو پس مین اوسکا ہاتھ تہام کر صراط کے پاس لاؤنگا پھر دیکہونگا کہ صراط لغزندہ و لرزندہ ہی اور پاؤن گنہگارون کے اوسپر نہین جمتے پس مین اوس شخص کا ہاتھ تہامونگا جو فرشتہ کہ موکل ہی وہ کہیگا کہ یہہ کون شخص ہی مین کہونگا کہ یہہ فلان شخص میری امت مین سے ہی کہ میرے مہینے مین میری شفاعت کی امید سے اسنے روزہ رکہا تہا اور ماہ رمضان مین طلب وعدہ خدا کے لیے اسنے روزہ رکہا تہا مین اوسکو صراط پر سے لیجاؤنگا یہانتک کہ در بہشت پر پہونچاؤن پس رضوان کہیگا کہ آج وہ دن ہی کہ مین آپکی امت کے لیے در بہشت کہولتا ہون اور اوسکو داخل بہشت کرتا ہون اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ ماہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مین روزہ رکہو تو حضرت قیامت مین تمہارے شفیع ہونگے اور ماہ خدا مین روزہ رکہو تو شراب سر بمہر بہشت کی پیو **مطلب تیسرا** بیان مین اعمال شعبان کے کتاب زاد المعاد وغیرہ مین مذکور ہی کہ حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہی کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ شعبان میرا مہینہ ہی پس اس مہینے مین مجہپر اور میری آل پر صلوات بہیجو اور اس مہینے کو ماہ شفاعت کہتے ہین اسواسطے کہ جو شخص اس مہینے مین رسول خدا پر اور اون کے آل پر صلوات بہیجے حضرت اوسکی شفاعت فرماتے ہین اور حضرت صادق علیہ السلام سے

منقول ہی کہ بہترین دعاماہ شعبان مین استغفار ہی جو کہ ہر روز ماہ شعبان مین ستر مرتبہ استغفار کریگا مثل اسکے ہی کہ اور مہینون مین ستر ہزار مرتبہ استغفار کی ہو ایک شخص نے پوچھا کہ یاحضرت استغفار کسطرح کرنا چاہیی حضرت نے فرمایا کہ کہو أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَسْأَلُهُ التَّوْبَةَ ۱ اور بسند معتبر حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہی جو کہ ہر روز ماہ شعبان مین ستر مرتبہ اسی استغفار کو کہی خدا اوسکے لیے سند برات آتش جہنم اور سند مرور صراط اور دخول بہشت تحریر فرماتا ہی اور بسند معتبر منقول ہی کہ جو ہر روز ماہ شعبان مین ستر مرتبہ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ کہے حق تعالی اوسکی روح کو افق مبین مین جگہہ دیگا اور وہ ایک میدان وسیع ہی روبروی عرش اور اوس میدان مین نہرین جاری ہین اون نہرون کے کنارے پر موافق عدد ستارہای آسمان جام رکھی ہین ا اور بعض روایت مین الْحَيُّ الْقَيُّومُ کے پہلے الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ہی اور بسند معتبر منقول ہی کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ہر روز ماہ شعبان مین وقت زوال اور شب نیمہ شعبان اس صلوات کو پڑھتے تھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ النُّبُوَّةِ وَمَوْضِعِ الرِّسَالَةِ وَمُخْتَلَفِ الْمَلَائِكَةِ وَمَعْدِنِ الْعِلْمِ وَأَهْلِ بَيْتِ الْوَحْيِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ الْفُلْكِ الْجَارِيَةِ فِي اللُّجَجِ الْغَامِرَةِ يَأْمَنُ مَنْ رَكِبَهَا وَيَغْرَقُ مَنْ تَرَكَهَا الْمُتَقَدِّمُ لَهُمْ مَارِقٌ وَالْمُتَأَخِّرُ عَنْهُمْ زَاهِقٌ وَاللَّازِمُ لَهُمْ لَاحِقٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ الْكَهْفِ الْحَصِينِ وَغِيَاثِ الْمُضْطَرِّ الْمُسْتَكِينِ وَمَلْجَإِ الْهَارِبِينَ وَمَنْجَا الْخَائِفِينَ وَعِصْمَةِ الْمُعْتَصِمِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَاةً كَثِيرَةً طَيِّبَةً تَكُونُ لَهُمْ رِضًى وَلِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ أَدَاءً وَقَضَاءً بِحَوْلٍ مِنْكَ وَقُوَّةٍ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ الطَّيِّبِيْنَ الْاَبْرَارِ الْاَخْيَارِ الَّذِيْنَ اَوْجَبْتَ لَهُمْ حُقُوْقَهُمْ وَفَرَضْتَ طَاعَتَهُمْ وَوِلَايَتَهُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّاعْمُرْ قَلْبِيْ بِطَاعَتِكَ وَلَا تُخْزِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ وَارْزُقْنِيْ مُوَاسَاةَ مَنْ قَتَّرْتَ عَلَيْهِ مِنْ رِّزْقِكَ بِمَا وَسَّعْتَ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَنَشَرْتَ عَلَيَّ مِنْ عَدْلِكَ وَاَحْيَيْتَنِيْ تَحْتَ ظِلِّكَ وَهٰذَا شَهْرُ نَبِيِّكَ سَيِّدِ رُسُلِكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ شَعْبَانُ الَّذِيْ حَفَفْتَهُ مِنْكَ بِالرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ الَّذِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يَدْاَبُ فِيْ صِيَامِهِ وَقِيَامِهِ فِيْ لَيَالِيْهِ وَاَيَّامِهِ بُخُوْعًا لَّكَ فِيْ اِكْرَامِهِ وَاِعْظَامِهِ اِلٰى مَحَلِّ حِمَامِهِ اَللّٰهُمَّ فَاَعِنَّا عَلَى الْاِسْتِنَانِ بِسُنَّتِهِ فِيْهِ وَنَيْلِ الشَّفَاعَةِ لَدَيْهِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْهُ لِيْ شَفِيْعًا مُّشَفَّعًا وَّطَرِيْقًا اِلَيْكَ مَهْيَعًا وَّاجْعَلْنِيْ لَهُ مُتَّبِعًا حَتّٰى اَلْقَاكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَنِّيْ رَاضِيًا وَّعَنْ ذُنُوْبِيْ غَاضِيًا قَدْ اَوْجَبْتَ لِيْ مِنْكَ الرَّحْمَةَ وَالرِّضْوَانَ وَاَنْزَلْتَنِيْ دَارَ الْقَرَارِ وَمَحَلَّ الْاَخْيَارِ

اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو کوئی ماہ شعبان میں ہزار مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ لکھتا ہے خدا تعالی واسطے اوسکے عبادت ہزار سال کی اور دور کرتا ہے اوسکے گناہ ہزار سال کے اور نکلیگا قبر سے روز قیامت کو بارونق نورانی مانند ماہ شب چہاردہ کی اور اوسکو صدیق لکھتے ہیں **مطلب چوتھا** بیان میں اعمال نصف اول شعبان کے تیسری تاریخ اس مہینے کی ولادت جناب امام حسین علیہ السلام کی ہے پس روزہ رکھے اور اس دعا کو پڑہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْمَوْلُوْدِ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ بِشَهَادَتِهِ قَبْلَ اِسْتِهْلَالِهِ وَوِلَادَتِهِ

بکتہ السماء ومن فیہا والارض ومن علیہا ولما یطأ لابتیہا
قتیل العبرۃ وسید الاسرۃ الممدود بالنصرۃ یوم الکرۃ
المعوض من قتلہ ان الائمۃ من نسلہ والشفاء فی تربتہ
والفوز معہ فی اوبتہ والاوصیاء من عترتہ بعد قائمہم
وغیبتہ حتی یدرکوا الاوتار ویثاروا الثار ویرضوا الجبار ویکونوا
خیر انصار صلی اللہ علیہم مع اختلاف اللیل والنہار اللہم
فبحقہم الیک اتوسل واسئل سؤال مقترف ومعترف
مسیء الی نفسہ مما فرط فی یومہ وامسہ یسألک العصمۃ
الی محل رمسہ اللہم صل علی محمد وعترتہ واحشرنا فی زمرتہ وبوئنا
معہ دار الکرامۃ ومحل الاقامۃ اللہم وکما اکرمتنا بمعرفتہ فاکرمنا
بزلفتہ وارزقنا مرافقتہ وسابقتہ واجعلنا ممن یسلم لامرہ
ویکثر الصلوۃ علیہ عند ذکرہ وعلی جمیع اوصیائہ واہل
اصطفائہ الممدودین منک بالعدد الاثنی عشر النجوم
الزہر والحجج علی جمیع البشر اللہم وہب لنا فی ہذا الیوم
خیر موہبۃ وانجح لنا فیہ کل طلبۃ کما وہبت الحسین
لمحمد جدہ وعاذ فطرس بمہدہ فنحن عائذون بقبرہ
من بعدہ نشہد تربتہ وننتظر اوبتہ امین رب العالمین

اور نمازین تیرھوین اور چودھوین اور پندرھوین شب کی اعمال رجب مین بیان
ہو چکی ہین اور روزہ بھی ان دنونکا مستحب ہی اور زاد المعاد مین لکھا ہی کہ
فضائل اور اعمال پندرھوین شب کی زیادہ اس سے ہین کہ اس رسالے مین
سمائین لہذا اکتفا کیے جاتے ہی اوسپر جو کہ صحیح تر ہی چنانچہ حضرت امیر المومنین ع

سے منقول ہی کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جب نیمہ شعبان ہو
اوسکی رات کو عبادتین بسر کرو اور دنکو روزہ رکھو بہ تحقیق اول شب سی آخر شب تک
خدا کیطرف سے ندا کیجاتی ہی کہ آیا کوئی استغفار کرنیوالا ہی کہ اپنے گناہونکی بخشش
طلب کرے تاکہ مین اوسکے گناہ بخشدون آیا کوئی ایسا ہی کہ مجھسے روزی طلب
کرے اور مین روزی اوسکی زیادہ کرون اور غسل اس شب سنت ہی اور حضرت
امام زین العابدینؑ سے منقول ہی کہ جو شخص چاہی کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبرونکے
روحین اوس سے مصافحہ کرین تو وہ پندرہوین شب اور پندرہوین تاریخ کو ماہ شعبان کے
حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کری اسواسطے کہ ملائکہ اور پیغمبر اس شب
خدا سے رخصت طلب کرتے ہین تاکہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو جائین اور
رخصت پاتے ہین پس خوشحال اوس شخص کا کہ یہہ بزرگوار اوس سے مصافحہ کرین
اور یہہ پانچ پیغمبر اولوالعزم ہی اون پیغمبرونمین ہونگے حضرت نوحؑ اور ابراہیمؑ
اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ اور محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین کہ مبعوث ہوئے ہین مشرق
اور مغرب اور جن اور آدمیونپر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی منقول ہی
کہ نیمہ شعبان مین جمیع گناہ اوس شخص کے جو اس شب کو زیارت حضرت امام حسین
علیہ السلام کی بجالائے بخشدیے جاتے ہین اور اقل زیارت یہہ ہی کہ کوٹھے پر
یا صحن کشادہ مین جائے اور داہنی طرف اور بائین طرف جانب آسمان نظر
کری اور بالای سر اپنے دیکھے پھر جانب قبر مطہر انگشت شہادت سے اشارہ کری
اور کہی اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اور اگر کوئی زیارت زیارات
بسوط مین سی پڑھے تو بہتر ہی منجملہ اون زیارات کے ایک زیارت یہہ ہی
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ اٰدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَارِثَ نُوْحٍ

نبی اللہ السلام علیک یا وارث ابراھیم خلیل اللہ السلام
علیک یا وارث موسیٰ کلیم اللہ السلام علیک یا وارث
عیسیٰ روح اللہ السلام علیک یا وارث محمد حبیب اللہ السلام
علیک یا وارث امیر المؤمنین ولی اللہ السلام علیک یا بن
محمد المصطفیٰ السلام علیک یا بن علی المرتضیٰ السلام علیک
یا بن فاطمۃ الزھراء السلام علیک یا بن خدیجۃ الکبریٰ
السلام علیک یا ثار اللہ وابن ثارہ والوتر الموتور اشھد انک
قد اقمت الصلوۃ و اتیت الزکوۃ و امرت بالمعروف و
نھیت عن المنکر و اطعت اللہ و رسولہ حتی اتاک الیقین
فلعن اللہ امۃ قتلتک و لعن اللہ امۃ ظلمتک و لعن
امۃ سمعت بذلک فرضیت بہ یا مولای یا ابا عبد اللہ
اشھد انک کنت نورا فی الاصلاب الشامخۃ والارحام المطھرۃ
لم تنجسک الجاھلیۃ بانجاسھا ولم تلبسک من مدلھمات ثیابھا و اشھد
انک من دعائم الدین و ارکان المؤمنین و اشھد انک الامام البر
التقی الرضی الزکی الھادی المھدی و اشھد ان الائمۃ من ولدک کلمۃ التقوی
و اعلام الھدی و العروۃ الوثقی و الحجۃ علی اھل الدنیا و اشھد اللہ
و ملئکتہ و انبیاءہ و رسلہ انی بکم مؤمن و بایابکم موقن بشرائع دینی
و خواتیم عملی و قلبی لقلبکم سلم و امری لامرکم متبع صلوات اللہ علیکم
و علی ارواحکم و علی اجسادکم و علی اجسامکم و علی شاھدکم و علی غائبکم و علی
ظاھرکم و علی باطنکم پھر دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور اگر نماز کو پہلے سے پڑھے
تو بھی خوب ہے بعد اسکے قصد زیارت حضرت علی بن الحسین ؑ کرے اور پڑھے

السلام علیک یا ابن رسول اللہ السلام علیک یا ابن نبی اللہ
السلام علیک یا ابن امیر المؤمنین السلام علیک یا ابن الحسین
الشہید السلام علیک ایہا الشہید وابن الشہید السلام
علیک ایہا المظلوم وابن المظلوم لعن اللہ امۃ
قتلتک ولعن اللہ امۃ ظلمتک ولعن اللہ امۃ
سمعت بذالک فرضیت بہ پس قصد زیارت تمام شہدا کرے اور کہے
السلام علیکم یا اولیاء اللہ واحباءہ السلام علیکم یا
اصفیاء اللہ واودائہ السلام علیکم یا انصار دین اللہ
السلام علیکم یا انصار رسول اللہ السلام علیکم یا
انصار امیر المؤمنین السلام علیکم یا انصار فاطمۃ الزہراء
سیدۃ نساء العالمین السلام علیکم یا انصار ابی محمد الحسن
بن علی الزکی الناصح السلام علیکم یا انصار ابی عبد اللہ
بابی انتم وامی طبتم وطابت الارض التی فیہا دفنتم وفزتم فوزا عظیما
فیا لیتنی کنت معکم فافوز معکم اور ماہ رجب کی شب اول اور پندرہویں شب اور
تیسری اور پانچویں ماہ شعبان کی اور شبہای ماہ مبارک رمضان میں اور شبہای
عیدین میں اور اون دنوں میں کہ زیارت امام حسین علیہ السلام کے مستحب ہوئی
زیارت پڑھا کرے اور فضیلت عظیم اس شب کے لیے یہہ ہی کہ جناب صاحب الامر
علیہ السلام کی ولادت باسعادت اسی شب واقع ہوئی ہی اس سبب سی سنت
کہ اس دعا کو بھی اس شب پڑھے کہ بمنزلہ زیارت ہی اللہم بحق لیلتنا ہذہ
ومولودہا وحجتک وموعودہا التی قرنت الی فضلہا فضلا
فتمت کلمتک صدقا وعدلا لا مبدل لکلماتک ولا معقب لآیاتک

نور مكانك المتألق وضياءك المشرق والعلم النور في طخياء الديجور
الغائب المستور جل مولده وكرم محتده والملائكة شهده
والله ناصره ومؤيده اذا آن ميعاده والملائكة امداده
سيف الله الذي لا ينبو ونوره الذي لا يخبو وذو الحلم الذي لا يصبو مدار
الدهر ونواميس العصر وولاة الامر والمنزل عليهم الذكر وما ينزل
في ليلة القدر واصحاب الحشر والنشر تراجمة وحيه وولاة امره
ونهيه اللهم فصل على خاتمهم وقائمهم المستور عن عوالمهم
وادرك بنا ايامه وظهوره وقيامه واجعلنا من انصاره واقرن
ثارنا بثاره واكتبنا في اعوانه وخلصائه واحينا في دولته
ناعمين وبصحبته غانمين وبحقه قائمين ومن السوء سالمين
يا ارحم الراحمين والحمد لله رب العالمين وصلى الله على محمد
خاتم النبيين والمرسلين واهل بيته الصادقين وعترته الناطقين
والعن جميع الظالمين واحكم بيننا وبينهم يا احكم الحاكمين

اور زید شہید نے روایت کی ہے کہ پدر عالی قدر میرے امام زین العابدین علیہ السلام
ہم سب کو شب نیمہ شعبان میں اپنے پاس جمع کرتے تھے اور شب کے تین حصے
کرتے تھے حصہ اول میں نماز پڑھتے تھے اور دوسرے حصے میں دعا کرتے تھے اور
ہم سب آمین کہتے تھے اور حصہ آخر شب میں استغفار اور طلب آمرزش کرتے تھے
اور ہم بھی استغفار کیا کرتے تھے طلوع صبح تک یعنی بعد از نماز شب کے اور نمازیں
اس شب کی بہت ہیں اونمیں سے چار رکعتیں ہیں دو دو رکعت کرکے اور
تیس آدمیوں نے حضرت صادق علیہ السلام کے اصحاب سے اس نماز کو اون حضرت
سے روایت کیا ہے ہر رکعت میں بعد حمد کے سو مرتبہ قل ھو اللہ پڑھے اور بعد نماز کے یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اِلَیْكَ فَقِیْرٌ وَاِنِّیْ مِنْ عَذَابِكَ خَائِفٌ وَبِكَ مُسْتَجِیْرٌ رَبِّ لَا تُبَدِّلِ اسْمِیْ وَلَا تُغَیِّرْ جِسْمِیْ رَبِّ لَا تُجْهِدْ بَلَائِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ لَا اُحْصِیْ مِدْحَتَكَ وَلَا الثَّنَاءَ عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ وَفَوْقَ مَا یَقُوْلُ الْقَائِلُوْنَ رَبِّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ كَذَا وَكَذَا

اور بسند معتبر حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہی کہ نیمۂ شعبان بعد از شب قدر بہتوین شبہای سال ہی اور حق تعالی اس شب کو بندون پر اپنا فضل وکرم نازل کرتا ہی اور اپنے احسان سے گناہ اونکے بخشتا ہی پس سعی کرو عبادت مین کہ یہہ وہ شب ہی کہ حق تعالی نے اپنی ذات مقدس کی قسم کہائی ہی کہ سائل کو اپنی درگاہ سے نہ پہیریگا مگر یہہ کہ کوئی معصیت خدا کی دعا کرے اور اس شب کو خدا نے ہم اہلبیت کے لیے عوض مین شب قدر کے مقرر کیا ہی کہ شب قدر ہمارے پیغمبر کے لیے مقرر کی تہی پس اہتمام کرو اس شب مین دعا اور ثنا سے خدا مین بتحقیق کہ جو اس شب کو سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ اور سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور سو مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتا ہی حق تعالی اوسکے گناہان گزشتہ بخشدیتا ہی اور حاجتین دنیا اور آخرت کی بر لاتا ہی خواہ طلب کرے خواہ نکرے راوی نے پوچہا کہ بہترین دعا اس شب کیا ہی فرمایا کہ بعد از عشا کے دو رکعت نماز پڑہی پہلی رکعت مین بعد حمد کے قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور دوسری رکعت مین قُلْ هُوَ اللّٰهُ اور بعد سلام کے تسبیح حضرت فاطمہ علیہا السلام پڑہی پس یہہ دعا پڑہی یَا مَنْ اِلَیْهِ مَلْجَأُ الْعِبَادِ فِی الْمُهِمَّاتِ وَاِلَیْهِ یَفْزَعُ الْخَلْقُ فِی الْمُلِمَّاتِ یَا عَالِمَ الْجَهْرِ وَالْخَفِیَّاتِ یَا مَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْهِ

الا وھا فی تصرف الخطرات یا رب الخلائق والبریات
یا من بیدہ ملکوت الارضین والسموات انت اللہ لا الہ الا انت
امنت الیک بلا الہ الا انت فیا لا الہ الا انت اجعلنی فی ھذہ
اللیلۃ ممن نظرت الیہ فرحمتہ وسمعت دعاءہ فاجبتہ و
علمت استقالتہ فاقلتہ وتجاوزت عن سالف خطیئتہ
وعظیم جریرتہ فقد استجرت بک من ذنوبی ولجأت الیک
فی ستر عیوبی اللھم فجد علی بکرمک وفضلک واحطط
خطایای بحلمک وعفوک وتغمدنی فی ھذہ اللیلۃ بسابغ
کرامتک واجعلنی فیھا من اولیائک الذین اجتبیتھم لطاعتک
واخترتھم لعبادتک وجعلتھم خالصتک وصفوتک اللھم
اجعلنی ممن سعد جدہ وتوفر من الخیرات حظہ واجعلنی ممن سلم
فنعم وفاز فغنم واکفنی شر ما اسلفت واعصمنی من الازدیاد فی
معصیتک وحبب الی طاعتک وما یقربنی منک ویزلفنی عندک سیدی
الیک ملجأ الھارب ومنک ملتمس الطالب وعلی کرمک یعول المستقیل
التائب ادبت عبادک بالتکرم وانت اکرم الاکرمین وامرت بالعفو عبادک
وانت الغفور الرحیم اللھم فلا تحرمنی ما رجوت من کرمک ولا تؤیسنی من سابغ
نعمک ولا تخیبنی من جزیل قسمک فی ھذہ اللیلۃ لاھل طاعتک واجعلنی
فی جنۃ من شرار بریتک رب ان لم اکن من اھل ذلک فانت اھل الکرم والعفو
والمغفرۃ وجد علی بما انت اھلہ لا بما استحقہ فقد حسن ظنی بک
وتحقق رجائی لک وعلقت نفسی بکرمک وانت ارحم الراحمین واکرم
الاکرمین اللھم واخصصنی من کرمک بجزیل قسمک واعوذ

بعفوک من عقوبتک واعوذ بک الذی یحبس علی الخلق ویضیق علی الرزق
اقوم بصالح رضاک وانعم بجزیل عطائک واسعد بسابغ نعمائک فقد
لذت بحرمک وتعرضت لکرمک واستعذت بعفوک من عقوبتک وبحلمک
من غضبک فجدلی بما سألتک وانل ما التمست منک اسألک بک
لا بشیء اعظم منک پس سجدہ میں جاوے اور کہے یارب بیس مرتبہ
یا اللہ سات مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ سات مرتبہ ماشاء اللہ
لا قوۃ الا باللہ دس مرتبہ لا قوۃ الا باللہ دس مرتبہ پس صلوات
بھیجے محمد اور آل محمد پر جسقدر ہو سکے اور جو حاجت اپنی چاہے خدا سے طلب
کرے قسم ہے مجھ کی اگر بعدد قطرات باران مطالب اپنے طلب کریگا حقتعالی مجھے
دیگا بسبب اپنے کرم اور فضل کے اور دوسری روایت میں ہے کہ بعد سات مرتبہ
یا اللہ کے سات مرتبہ یارب محمد کہے اور شیخ نے لکھا ہے کہ بعد اسکے کہے
الٰہی تعرض لک فی ھذہ اللیل المتعرضون وقصدک القاصدون
وامل فضلک ومعروفک الطالبون ولک فی ھذا اللیل نفحات و
جوائز وعطایا ومواھب تمن بھا علی من تشاء من عبادک وتمنعھا
من لم تسبق لہ العنایۃ منک وھا انا ذا عبیدک الفقیر الیک
المؤمل فضلک ومعروفک فان کنت یا مولای تفضلت فی ھذہ اللیلۃ
علی احد من خلقک وعدت علیہ بعائدۃ من عطفک فصل علی محمد
وال محمد الطیبین الطاھرین الخیرین الفاضلین وجد علی بطولک
ومعروفک یارب العالمین وصلی اللہ علی محمد خاتم النبیین وآلہ
الطاھرین الذین اذھب اللہ عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا
وسلم تسلیما ان اللہ حمید مجید اللھم انی

أَدْعُوكَ كَمَا أَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِي كَمَا وَعَدْتَ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ

اور ابن بابویہ نے حضرت امام حسن علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ جبرئیل حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوئے اور کہا یا محمد اپنی امت کو حکم کیجیے کہ کہ شب نیمۂ شعبان کو دس رکعت نماز پڑھین دو دو رکعت کرکے اور ہر رکعت مین بعد حمد کے دس مرتبہ قل ہو اللہ پڑھین پس سجدہ مین جائین اور کہین اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدَ سَوَادِي وَخَيَالِي وَبَيَاضِي يَا عَظِيمَ كُلِّ عَظِيمٍ اغْفِرْ لِي ذَنْبِيَ الْعَظِيمَ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُهُ غَيْرُكَ يَا عَظِيمُ پس جو کہ اس عمل کو بجا لاویگا تو حق تعالی اوسکے بہتر ہزار گناہ محو فرمائیگا اور مثل اوسکے حسنہ نامۂ عمل مین لکھیگا اور اوسکے ماں باپ کے نامۂ عمل سے ستر ہزار گناہ محو فرمائیگا اور اعمال اس شب کے زاد المعاد مین موجود ہین جسکو توفیق ہو رجوع کرے اور منقول ہی کہ حضرت رسول صلعم اس شب یہہ دعا پڑہتے تھے اللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُولُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ رِضْوَانَكَ وَمِنَ الْيَقِينِ مَا يُهَوِّنُ عَلَيْنَا بِهِ مُصِيبَاتِ الدُّنْيَا اللّٰهُمَّ أَمْتِعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اور بہترین دعا دعای کمیل ہی کہ اس شب اور شبہائے جمعہ مین پڑہنا اسکا نہایت ثواب ہی چنانچہ کتاب اقبال مین وارد ہی کہ کمیل ابن زیاد ایک روز اپنے مولا حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کے ہمراہ مسجد بصرہ مین بیٹھے تھی کہ شب نیمۂ شعبان کا ذکر ہوا حضرت نے فرمایا کہ جو بندہ

اس شب احیا کرے یعنی عبادت مین بسر کرے اور دعای خضر علیہ السلام پڑہی تو
البتہ دعا اوسکی مستجاب ہوگی جب حضرت ع اپنے گہر مین تشریف لائے کمیل ابن
زیاد کہتے ہین کہ مین شب کو حضرت کی خدمت مین گیا جب مجکو دیکہا پوچہا ای کمیل
تم کس لیے آئے ہو مینے عرض کی یا امیر المومنین دعای خضر علی نبینا و علیہ السلام کی
لینے کو حاضر ہوا ہون حضرت نے فرمایا بیٹہو ای کمیل اگر اس دعا کو ہر شب جمعہ
یا ہر مہینے مین ایک مرتبہ یا ایک سال مین ایک مرتبہ یا عمر بہر مین ایک مرتبہ پڑہو گے
تو حفاظت شر دشمن کے لیے کافی ہوگا اور خدا کی طرف سے تمہاری مدد کیجائیگی
اور تمہین روزی دیجائیگی اور البتہ تم آمرزیدہ ہوگے ای کمیل تمہاری طول صحبت
و خدمت باعث اسکی ہوئی کہ تمکو مینے ایسی نعمت اور ایسی کرامت سے ممتاز و سرفراز
کیا بعد اوسکے فرمایا لکہو اور دعا کو تلقین کیا دعا یہ ہے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِرَحۡمَتِكَ الَّتِیۡ وَسِعَتۡ كُلَّ شَیۡءٍ وَبِقُوَّتِكَ الَّتِیۡ
قَهَرۡتَ بِهَا كُلَّ شَیۡءٍ وَخَضَعَ لَهَا كُلُّ شَیۡءٍ وَذَلَّ لَهَا كُلُّ شَیۡءٍ وَبِجَبَرُوۡتِكَ
الَّتِیۡ غَلَبۡتَ بِهَا كُلَّ شَیۡءٍ وَبِعِزَّتِكَ الَّتِیۡ لَا یَقُوۡمُ لَهَا شَیۡءٌ وَبِعَظَمَتِكَ
الَّتِیۡ مَلَأَتۡ كُلَّ شَیۡءٍ وَبِسُلۡطَانِكَ الَّذِیۡ عَلَا كُلَّ شَیۡءٍ وَبِوَجۡهِكَ
الۡبَاقِیۡ بَعۡدَ فَنَاءِ كُلِّ شَیۡءٍ وَبِاَسۡمَائِكَ الَّتِیۡ مَلَأَتۡ اَرۡكَانَ كُلِّ شَیۡءٍ
وَبِعِلۡمِكَ الَّذِیۡ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیۡءٍ وَبِنُوۡرِ وَجۡهِكَ الَّذِیۡ اَضَاءَ لَهُ كُلُّ شَیۡءٍ
یَا نُوۡرُ یَا قُدُّوۡسُ یَا اَوَّلَ الۡاَوَّلِیۡنَ وَیَا اٰخِرَ الۡاٰخِرِیۡنَ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیَ الذُّنُوۡ
بَ الَّتِیۡ تَهۡتِكُ الۡعِصَمَ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیَ الذُّنُوۡبَ الَّتِیۡ تُنۡزِلُ النِّقَمَ
اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیَ الذُّنُوۡبَ الَّتِیۡ تُغَیِّرُ النِّعَمَ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیَ
الذُّنُوۡبَ الَّتِیۡ تَحۡبِسُ الدُّعَاءَ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیَ الذُّنُوۡبَ الَّتِیۡ
تَقۡطَعُ الرَّجَاءَ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیَ الذُّنُوۡبَ الَّتِیۡ تُنۡزِلُ الۡبَلَاءَ

دعاے کمیل

دعاء كميل

اللهم اغفر لي كل ذنب اذنبته وكل خطيئة اخطاتها
اللهم اني اتقرب اليك بذكرك واستشفع بك
الى نفسك واسئلك بجودك ان تدنيني من قربك وان توزعني
شكرك وان تلهمني ذكرك اللهم اني اسئلك سؤال
خاضع متذلل خاشع ان تسامحني وترحمني وتجعلني بقسمك
راضيا قانعا وفي جميع الاحوال متواضعا اللهم واسئلك
سؤال من اشتدت فاقته وانزل بك عند الشدائد حاجته
وعظم فيما عندك رغبته اللهم عظم سلطانك وعلا مكانك وخفي مكرك
وظهر امرك وغلب قهرك وجرت قدرتك ولا يمكن الفرار من
حكومتك اللهم لا اجد لذنوبي غافرا ولا لقبائحي ساترا ولا
لشيء من عملي القبيح بالحسن مبدلا غيرك لا اله الا انت سبحانك
وبحمدك ظلمت نفسي وتجرأت بجهلي وسكنت الى قديم ذكرك
لي ومنك علي اللهم مولاي كم من قبيح سترته و
كم من فادح من البلاء اقلته وكم من عثار وقيته
وكم من مكروه دفعته وكم من ثناء جميل لست
اهلا له نشرته اللهم عظم بلائي وافرط بي سوء حالي
وقصرت بي اعمالي وقعدت بي اغلالي وحبسني عن نفعي
بعد امالي وخدعتني الدنيا بغرورها ونفسي بجنايتها ومطالي
يا سيدي فاسئلك بعزتك ان لا يحجب عنك دعائي
سوء عملي وفعالي ولا تفضحني بخفي ما اطلعت عليه من
سري ولا تعاجلني بالعقوبة على ما عملته في خلواتي من

سوء فعلي وإساءتي ودوام تفريطي وجهالتي وكثرة شهواتي
وغفلتي وكن اللهم بعزتك لي في الأحوال كلها رؤوفا وعلي
في جميع الأمور عطوفا إلهي وربي من لي غيرك أسأله كشف
ضري والنظر في أمري إلهي ومولاي أجريت علي حكما اتبعت
فيه هوى نفسي ولم أحترس فيه من تزيين عدوي فغرني
بما أهوى وأسعده على ذلك القضاء فتجاوزت بما جرى علي
من ذلك بعض حدودك وخالفت بعض أوامرك فلك
الحمد علي في جميع ذلك ولا حجة لي فيما جرى علي
فيه قضاؤك وألزمني حكمك وبلاؤك وقد
أتيتك يا إلهي بعد تقصيري وإسرافي على نفسي معتذرا
نادما منكسرا مستقيلا مستغفرا منيبا مقرا مذعنا
معترفا لا أجد مفرا مما كان مني ولا مفزعا أتوجه إليه
في أمري غير قبولك عذري وإدخالك إياي في سعة من
رحمتك اللهم فاقبل عذري وارحم شدة ضري وفكني من شد
وثاقي يا رب ارحم ضعف بدني ورقة جلدي ودقة عظمي يا من
بدأ خلقي وذكري وتربيتي وبري وتغذيتي هبني لابتداء
كرمك وسالف برك بي يا إلهي وسيدي وربي
أتراك معذبي بنارك بعد توحيدك وبعد ما انطوى عليه قلبي من
معرفتك ولهج به لساني من ذكرك واعتقده ضميري من حبك
وبعد صدق اعترافي ودعائي خاضعا لربوبيتك هيهات
أنت أكرم من أن تضيع من ربيته أو تبعد من أدنيته أو

تُشَرِّدُ مَنْ اَوَيْتَهُ اَوْ تُسَلِّمُ اِلَى الْبَلاۤءِ مَنْ كَفَيْتَهُ وَرَحِمْتَهُ
وَلَيْتَ شِعْرِي يَا سَيِّدِي وَاِلٰهِي وَمَوْلاَيَ اَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلٰى وُجُوهٍ
خَرَّتْ لِعَظَمَتِكَ سَاجِدَةً وَعَلٰى اَلْسُنٍ نَطَقَتْ بِتَوْحِيدِكَ صَادِقَةً
وَبِشُكْرِكَ مَادِحَةً وَعَلٰى قُلُوبٍ اعْتَرَفَتْ بِاِلٰهِيَّتِكَ مُحَقِّقَةً وَعَلٰى
ضَمَاۤئِرَ حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِكَ حَتّٰى صَارَتْ خَاشِعَةً وَعَلٰى جَوَارِحَ سَعَتْ
اِلٰى اَوْطَانِ تَعَبُّدِكَ طَاۤئِعَةً وَاَشَارَتْ بِاسْتِغْفَارِكَ مُذْعِنَةً مَا
هٰكَذَا الظَّنُّ بِكَ وَلاَ اُخْبِرْنَا بِفَضْلِكَ عَنْكَ يَا كَرِيمُ يَا رَبِّ وَاَنْتَ
تَعْلَمُ ضَعْفِي عَنْ قَلِيلٍ مِنْ بَلاَۤءِ الدُّنْيَا وَعُقُوبَاتِهَا وَمَا يَجْرِي فِيهَا
مِنَ الْمَكَارِهِ عَلٰى اَهْلِهَا عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ بَلاَۤءٌ وَمَكْرُوهٌ قَلِيلٌ مَكْثُهُ
يَسِيرٌ بَقَاۤؤُهُ قَصِيرٌ مُدَّتُهُ فَكَيْفَ احْتِمَالِي لِبَلاَۤءِ الْاٰخِرَةِ وَ
جَلِيلِ وُقُوعِ الْمَكَارِهِ فِيهَا وَهُوَ بَلاَۤءٌ تَطُولُ مُدَّتُهُ وَيَدُومُ
مَقَامُهُ وَلاَ يُخَفَّفُ عَنْ اَهْلِهِ لِاَنَّهُ لاَ يَكُونُ اِلاَّ عَنْ غَضَبِكَ
وَانْتِقَامِكَ وَسَخَطِكَ وَهٰذَا مَا لاَ تَقُومُ لَهُ السَّمٰوَاتُ
وَالْاَرْضُ يَا سَيِّدِي فَكَيْفَ لِي وَاَنَا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ
الذَّلِيلُ الْحَقِيرُ الْمِسْكِينُ الْمُسْتَكِينُ يَا اِلٰهِي وَرَبِّي وَ
سَيِّدِي وَمَوْلاَيَ لِاَيِّ الْاُمُورِ اِلَيْكَ اَشْكُو وَلِمَا مِنْهَا اَضِجُّ
وَاَبْكِي لِاَلِيمِ الْعَذَابِ وَشِدَّتِهِ اَمْ لِطُولِ الْبَلاَۤءِ وَمُدَّتِهِ فَلَئِنْ
صَيَّرْتَنِي فِي الْعُقُوبَاتِ مَعَ اَعْدَاۤئِكَ وَجَمَعْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ اَهْلِ بَلاَۤئِكَ
وَفَرَّقْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ اَحِبَّاۤئِكَ وَاَوْلِيَاۤئِكَ فَهَبْنِي يَا اِلٰهِي وَسَيِّدِي
وَمَوْلاَيَ وَرَبِّي صَبَرْتُ عَلٰى عَذَابِكَ فَكَيْفَ اَصْبِرُ عَلٰى فِرَاقِكَ
وَهَبْنِي صَبَرْتُ عَلٰى حَرِّ نَارِكَ فَكَيْفَ اَصْبِرُ عَنِ النَّظَرِ اِلٰى كَرَامَتِكَ

أَمْ كَيْفَ اَسْكُنُ فِي النَّارِ وَرَجَائِي عَفْوُكَ فَبِعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِي
وَمَوْلَايَ اُقْسِمُ صَادِقًا لَئِنْ تَرَكْتَنِي نَاطِقًا لَاَضِجَّنَّ اِلَيْكَ بَيْنَ
اَهْلِهَا ضَجِيجَ الْاٰمِلِيْنَ وَلَاَصْرُخَنَّ اِلَيْكَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ
وَلَاَبْكِيَنَّ عَلَيْكَ بُكَاءَ الْفَاقِدِيْنَ وَلَاُنَادِيَنَّكَ اَيْنَ كُنْتَ
يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا غَايَةَ اٰمَالِ الْعَارِفِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ
يَا حَبِيْبَ قُلُوْبِ الصَّادِقِيْنَ وَيَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ اَفَتُرَاكَ سُبْحَانَكَ
يَا اِلٰهِي وَبِحَمْدِكَ تَسْمَعُ فِيْهَا صَوْتَ عَبْدٍ مُسْلِمٍ سُجِنَ فِيْهَا
بِمُخَالَفَتِهِ وَذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا بِمَعْصِيَتِهِ وَحُبِسَ بَيْنَ
اَطْبَاقِهَا بِجُرْمِهِ وَجَرِيْرَتِهِ وَهُوَ يَضِجُّ اِلَيْكَ ضَجِيْجَ مُؤَمِّلٍ
لِرَحْمَتِكَ وَيُنَادِيْكَ بِلِسَانِ اَهْلِ تَوْحِيْدِكَ وَيَتَوَسَّلُ
اِلَيْكَ بِرُبُوْبِيَّتِكَ يَا مَوْلَايَ فَكَيْفَ يَبْقٰى فِي الْعَذَابِ وَهُوَ
يَرْجُوْ مَا سَلَفَ مِنْ حِلْمِكَ وَرَاْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ اَمْ كَيْفَ
تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَهُوَ يَاْمُلُ فَضْلَكَ وَرَحْمَتَكَ اَمْ كَيْفَ
يُحْرِقُهُ لَهِيْبُهَا وَاَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهُ وَتَرٰى مَكَانَهُ اَمْ كَيْفَ
يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ زَفِيْرُهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهُ اَمْ كَيْفَ يَتَقَلْقَلُ
بَيْنَ اَطْبَاقِهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهُ اَمْ كَيْفَ تَزْجُرُهُ زَبَانِيَتُهَا
وَهُوَ يُنَادِيْكَ يَا رَبَّهُ اَمْ كَيْفَ يَرْجُوْ فَضْلَكَ فِيْ
عِتْقِهِ مِنْهَا فَتَتْرُكُهُ فِيْهَا هَيْهَاتَ مَا ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ
وَلَا الْمَعْرُوْفُ مِنْ فَضْلِكَ وَلَا مُشْبِهٌ لِمَا عَامَلْتَ بِهِ
الْمُوَحِّدِيْنَ مِنْ بِرِّكَ وَاِحْسَانِكَ فَبِالْيَقِيْنِ اَقْطَعُ لَوْلَا مَا حَكَمْتَ بِهِ
مِنْ تَعْذِيْبِ جَاحِدِيْكَ وَقَضَيْتَ بِهِ مِنْ اِخْلَادِ مُعَانِدِيْكَ لَجَعَلْتَ النَّارَ

كما جعلتها بردا وسلاما وما كنت لتجعل لاحد فيها مقرا ولا مقاما
لكنك تقدست اسماؤك اقسمت ان تملاها من الكافرين
من الجنة والناس اجمعين وان تخلد فيها المعاندين وانت
جل ثناؤك قلت مبتدئا وتطولت بالانعام متكرما افمن
كان مؤمنا كمن كان فاسقا لا يستوون الهي وسيدي
فاسئلك بالقدرة التي قدرتها وبالقضية التي حتمتها
وحكمتها وغلبت من عليه اجريتها ان تهب لي في هذه
الليلة وفي هذه الساعة كل جرم اجرمته وكل ذنب اذنبته
وكل قبيح اسررته وكل جهل عملته كتمته او اعلنته
اخفيته او اظهرته وكل سيئة امرت باثباتها الكرام
الكاتبين الذين وكلتهم بحفظ ما يكون مني وجعلتهم
شهودا علي مع جوارحي وكنت انت الرقيب علي من
ورائهم والشاهد لما خفي عنهم وبرحمتك اخفيته وبفضلك
سترته وان توفر حظي من كل خير تنزله او احسان تفضله او بر
تنشره او رزق تبسطه او ذنب تغفره او خطاء تستره يا رب يا رب
يا رب يا الهي وسيدي ومولاي ومالك رقي يا من بيده ناصيتي
يا عليما بضري ومسكنتي يا خبيرا بفقري وفاقتي يا رب يا رب يا رب اسئلك
بحقك وقدسك واعظم صفاتك واسمائك ان تجعل اوقاتي من الليل
والنهار بذكرك معمورة وبخدمتك موصولة واعمالي عندك مقبولة حتى
تكون اعمالي واورادي كلها وردا واحدا وحالي في خدمتك سرمدا يا سيدي يا
من عليه معولي يا من اليه شكوت احوالي يا رب يا رب يا رب قو على خدمتك

دعای کمیل

جَوَارِحِیْ وَاشْدُدْ عَلَی الْعَزِیْمَۃِ جَوَانِحِیْ وَھَبْ لِیَ الْجِدَّ فِیْ خَشْیَتِکَ
وَالدَّوَامَ فِی الْاِتِّصَالِ بِخِدْمَتِکَ حَتّٰی اَسْرَحَ اِلَیْکَ فِیْ
مَیَادِیْنِ السَّابِقِیْنَ وَاُسْرِعَ اِلَیْکَ فِی الْمُبَادِرِیْنَ وَاَشْتَاقَ اِلٰی قُرْبِکَ
فِی الْمُشْتَاقِیْنَ وَاَدْنُوَ مِنْکَ دُنُوَّ الْمُخْلِصِیْنَ وَاَخَافَکَ
مَخَافَۃَ الْمُوْقِنِیْنَ وَاَجْتَمِعَ فِیْ جِوَارِکَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰھُمَّ وَ
مَنْ اَرَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ فَاَرِدْہُ وَمَنْ کَادَنِیْ فَکِدْہُ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ
اَحْسَنِ عَبِیْدِکَ نَصِیْبًا عِنْدَکَ وَاَقْرَبِھِمْ مَنْزِلَۃً مِّنْکَ
وَاَخَصِّھِمْ زُلْفَۃً لَّدَیْکَ فَاِنَّہٗ لَا یُنَالُ ذٰلِکَ اِلَّا بِفَضْلِکَ
وَجُدْ لِیْ بِجُوْدِکَ وَاعْطِفْ عَلَیَّ بِمَجْدِکَ وَاحْفَظْنِیْ بِرَحْمَتِکَ
وَاجْعَلْ لِسَانِیْ بِذِکْرِکَ لَھِجًا وَّقَلْبِیْ بِحُبِّکَ مُتَیَّمًا وَّمُنَّ عَلَیَّ
بِحُسْنِ اِجَابَتِکَ وَاَقِلْنِیْ عَثْرَتِیْ وَاغْفِرْ لِیْ زَلَّتِیْ فَاِنَّکَ
قَضَیْتَ عَلٰی عِبَادِکَ بِعِبَادَتِکَ وَاَمَرْتَھُمْ بِدُعَآئِکَ وَضَمِنْتَ
لَھُمُ الْاِجَابَۃَ فَاِلَیْکَ یَا رَبِّ نَصَبْتُ وَجْھِیْ وَاِلَیْکَ یَا رَبِّ مَدَدْتُ
یَدِیْ فَبِعِزَّتِکَ اسْتَجِبْ لِیْ دُعَآئِیْ وَبَلِّغْنِیْ مُنَایَ وَلَا تَقْطَعْ مِنْ فَضْلِکَ
رَجَآئِیْ وَاکْفِنِیْ شَرَّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنْ اَعْدَآئِیْ یَا سَرِیْعَ الرِّضَا
اِغْفِرْ لِمَنْ لَّا یَمْلِکُ اِلَّا الدُّعَآءَ فَاِنَّکَ فَعَّالٌ لِّمَا تَشَآءُ یَا مَنِ
اسْمُہٗ دَوَآءٌ وَّذِکْرُہٗ شِفَآءٌ وَّطَاعَتُہٗ غِنًی اِرْحَمْ
مَنْ رَّاْسُ مَالِہِ الرَّجَآءُ وَسِلَاحُہُ الْبُکَآءُ یَا سَابِغَ النِّعَمِ
یَا دَافِعَ النِّقَمِ یَا نُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ فِی الظُّلَمِ یَا عَالِمًا لَّا یُعَلَّمُ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَصَلَّی
اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَالْاَئِمَّۃِ الْمَیَامِیْنَ مِنْ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا

مطلب پانچوان بیان مین اعمال مخصوصہ نصف آخر ماہ شعبان کی حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو تین روز آخر ماہ شعبان مین روزہ رکھے اور ماہ مبارک رمضان سے ملاوی تو حق تعالی دو مہینے کے پے در پے روزہ رکہنی کا ثواب اوسکے واسطے لکہیگا اور ابو الصلت ہروی سے منقول ہی وہ کہتا ہی کہ مین جمعہ آخر ماہ شعبان مین خدمت حضرت امام رضا علیہ السلام مین حاضر ہوا حضرت نے فرمایا ای ابو الصلت اکثر ماہ شعبان گذر گیا اور آج جمعہ آخر شعبان ہی پس ایام باقی ماندہ مین اپنی اعمال کی تلافی کر لے اور تجھے چاہیے اوس امر کی طرف متوجہ ہو کہ جو آخرت مین تجھکو نفع بخشے اور دعا و استغفار بہت کر اور تلاوت قرآن بہت کر اور خدا سے اپنے گناہون کی توبہ کر تا کہ جب ماہ مبارک رمضان آوی تو تو اپنے تئین گناہون سے پاک کر چکا ہو اور اپنی گردن پر امانت اور کسی شخص کا حق باقی نرکہ بلکہ سب ادا کر دے اور کینہ اور بغض کسی مومن کا دل مین نرکہ اور جس گناہ کو تو کرتا ہو اوسکو چہوڑ دے اور خدا سے ڈر اور توکل کر تمام امور مخفی و ظاہر مین اور جو خدا پر توکل کریگا خدا اوسکے واسطے کافی ہی اور بقیہ دنون اس ماہ کی اَللّٰھُمَّ اِنْ لَمْ تَکُنْ غَفَرْتَ لَنَا فِیْمَا مَضٰی مِنْ شَعْبَانَ فَاغْفِرْ لَنَا فِیْمَا بَقِیَ مِنْهُ بہت پڑہا کر بتحقیق کہ خدا اس مہینے مین بسبب حرمت ماہ مبارک بہت سے بندون کو آزاد فرماتا ہی اور حدیث معتبر مین منقول ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام شب آخر شعبان مین اور شب اول ماہ مبارک مین یہہ دعا پڑہتے تہے اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا الشَّھْرَ الْمُبَارَکَ الَّذِیْ اُنْزِلَتْ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ ھُدًی لِلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِنَ الْھُدٰی وَالْفُرْقَانِ قَدْ حَضَرَ فَسَلِّمْنَا فِیْهِ وَسَلِّمْهُ لَنَا وَتَسَلَّمْهُ مِنَّا فِیْ یُسْرٍ مِنْکَ وَعَافِیَةٍ یَا مَنْ اَخَذَ الْقَلِیْلَ وَشَکَرَ الْکَثِیْرَ اِقْبَلْ مِنِّی الْیَسِیْرَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ اِلٰی کُلِّ خَیْرٍ سَبِیْلًا وَمِنْ کُلِّ مَا لَا تُحِبُّ مَانِعًا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا مَنْ عَفٰی عَنِّیْ وَعَمَّا خَلَوْتُ بِهٖ مِنَ السَّیِّئَاتِ

يَا مَنْ لَمْ يُؤَاخِذْنِيْ بِارْتِكَابِ الْمَعَاصِيْ عَفْوَكَ عَفْوَكَ عَفْوَكَ
يَا كَرِيْمُ يَا اِلٰهِيْ وَعَظْتَنِيْ فَلَمْ اَتَّعِظْ وَزَجَرْتَنِيْ عَنْ مَحَارِمِكَ فَلَمْ اَنْزَجِرْ
فَمَا عُذْرِيْ فَاعْفُ عَنِّيْ يَا كَرِيْمُ عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
الرَّاحَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ
عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِكَ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى وَيَا اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ
عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ اَمَتِكَ ضَعِيْفٌ
فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ مُنْزِلُ الْغِنٰى وَالْبَرَكَةِ عَلَى الْعِبَادِ قَاهِرٌ
مُقْتَدِرٌ اَحْصَيْتَ اَعْمَالَهُمْ وَقَسَمْتَ اَرْزَاقَهُمْ وَجَعَلْتَهُمْ مُخْتَلِفَةً
اَلْسِنَتُهُمْ وَاَلْوَانُهُمْ خَلْقًا مِنْ بَعْدِ خَلْقٍ لَا يَعْلَمُ الْعِبَادُ عِلْمَكَ
وَلَا يَقْدِرُ الْعِبَادُ قَدْرَتَكَ وَكُلُّنَا فُقَرَاءُ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَلَا تَصْرِفْ عَنِّيْ
وَجْهَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ صَالِحِ خَلْقِكَ فِي الْعَمَلِ وَالْاَمَلِ وَالْقَضَاءِ وَالْقَدَرِ
اِلٰهِيْ اَبْقِنِيْ خَيْرَ الْبَقَاءِ وَاَفْنِنِيْ خَيْرَ الْفَنَاءِ عَلٰى مُوَالَاةِ اَوْلِيَائِكَ
وَمُعَادَاةِ اَعْدَائِكَ وَالرَّغْبَةِ اِلَيْكَ وَالرَّهْبَةِ مِنْكَ وَالْخُشُوْعِ
وَالْوَفَاءِ وَالتَّسْلِيْمِ لَكَ وَالتَّصْدِيْقِ بِكِتَابِكَ وَاتِّبَاعِ سُنَّةِ
رَسُوْلِكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ فِيْ قَلْبِيْ
مِنْ شَكٍّ اَوْ رِيْبَةٍ اَوْ جُحُوْدٍ اَوْ قُنُوْطٍ اَوْ فَرَحٍ اَوْ بَذَخٍ
اَوْ بَطَرٍ اَوْ خُيَلَاءَ اَوْ رِيَاءٍ اَوْ سُمْعَةٍ اَوْ شِقَاقٍ اَوْ نِفَاقٍ اَوْ كُفْرٍ
اَوْ فُسُوْقٍ اَوْ عِصْيَانٍ اَوْ عَظَمَةٍ اَوْ شَيْءٍ لَا تُحِبُّ فَاَسْئَلُكَ
يَا رَبِّ اَنْ تُبَدِّلَنِيْ مَكَانَهُ اِيْمَانًا بِوَعْدِكَ وَوَفَاءً
بِعَهْدِكَ وَرِضًا بِقَضَائِكَ وَزُهْدًا فِي الدُّنْيَا وَرَغْبَةً
فِيْمَا عِنْدَكَ وَاَثَرَةً وَطُمَانِيْنَةً وَتَوْبَةً نَصُوْحًا اَسْئَلُكَ

ذَلِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ اِلٰهِي اَنْتَ مِنْ جَلَالِكَ تُعْطِي فَكَأَنَّكَ لَمْ تَرْوِ مِنْ كَرَمِكَ وَجُودِكَ نَطَاعٌ فَكَأَنَّكَ لَمْ تُعْصَ وَ اَنَا وَمَنْ لَمْ يَعْصِكَ سُكَّانُ اَرْضِكَ فَكُنْ عَلَيْنَا بِالْفَضْلِ جَوَاداً وَبِالْخَيْرِ عَوَّاداً يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ صَلٰوةً دَائِمَةً لَا تُحْصٰى وَلَا تُعَدُّ وَلَا يَقْدِرُ قَدْرَهَا غَيْرُكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

باب نوان بیان مین اعمال واحکام ماہ مبارک رمضان کے اور اس باب مین پانچ مطلب ہین

مطلب پہلا بیان مین اختیارات اور سعد ونحس وغیرہ کے

رسالہ اختیارات صغیر مین اخوند مجلسی علیہ الرحمہ نے لکھا ہی کہ جس سال ماہ رمضان مین سورج گہن ہوگا سب آدمی بادشاہ فارس کی اطاعت کرینگے اور روم کو عرب پر غلبہ عظیم ہوگا پس عرب روم پر غالب ہونگے اور مال اور اسیر روم سے ہاتھ آئینگے اور جس سال ماہ رمضان مین چاند گہن ہو بلاد جبل مین سردی بہت ہوگی اور برف اور مینہہ بہت برسیگا اور پانی بہت ہوگا اور تقویم المحسنین مین ہی کہ بروایت جناب امیر المومنین علیہ السلام تیسری اور بیسوین اور بروایت حضرت صادق علیہ السلام چوبیسوین اس مہینے کی نحس اکبر ہی اور جلاء العیون مین ہی کہ وفات حضرت امام رضا علیہ السلام بعضون کے نزدیک پہلی تاریخ ماہ رمضان کی واقع ہوئی اور کشف الغمہ مین مذکور ہی کہ وفات جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام اس مہینے کی تیسری شب کو ہوئی ہی اور زاد المعاد مین ہی کہ اس مہینے کی تیسری تاریخ انجیل نازل ہوئی ہی اور دوسری روایت مین ہی کہ چھٹی تاریخ اور اسی روز مامون نے حضرت امام رضا علیہ السلام سے بیعت کی ہی اور جلاء العیون مین ہی کہ بعضی وفات حضرت امام رضا علیہ السلام ساتوین تاریخ کہتے ہین اور تقویم المحسنین مین ہی کہ تیسری کو اس مہینے کی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے

صحیفہ نازل ہوا اور چھٹی کو توریت نازل ہوئی اور دسوین کو سنہ دس ہجری مین وفات حضرت خدیجۃ الکبری واقع ہوئی ہی اور اس مہینے کے تین دن پیشتر اسی سال مین حضرت ابوطالب کی وفات ہوئی ہی اور زاد المعاد مین ہی کہ بارہوین کو اور تقویم المحسنین مین ہی کہ تیرہوین کو انجیل نازل ہوئی ہی اور پندرہوین کو ولادت حضرت امام حسن علیہ السلام ہی اور اسی روز حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی وفات ہوئی ہی اور سترہوین شب لیلۃ البدر ہی کہ اوسے لیلۃ الفرقان بھی کہتے ہین اور سترہوین تاریخ جنگ بدر واقع ہوئی ہی اور تحفۃ الزائرین مین ہی کہ ولادت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سترہوین کو ہوئی ہی اور حدیقہ سلطانیہ مین ہے کہ معراج حضرت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بعضون کے نزدیک شب سہ شنبہ سترہوین تاریخ ماہ رمضان کو ہوئی ہی اور اٹھارہوین کو زبور نازل ہوئی ہی اور انیسوین شب ابن ملجم علیہ اللعنۃ والعذاب نے جناب امیر المومنین علیہ السلام کو ضربت شمشیر لگائی اور اسی شب حاجیون کے نام دفتر حجاج مین لکھے جاتے ہین اور حدیقۃ الشیعہ مین ہی کہ ولادت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام انیسوین تاریخ ماہ رمضان کی واقع ہوئی ہی اور بیسوین تاریخ سنہ آٹھ ہجری مین فتح مکہ واقع ہوئی ہی اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے دوش مبارک حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بنا بر ارشاد نبوی اپنے پاؤن رکھکر خانہ کعبہ سے بتون کو گرایا ہی اور اکیسوین تاریخ معراج حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واقع ہوئی ہی اور حضرت عیسی علیہ السلام آسمان پر اسی دن تشریف لیگئے ہین اور وفات حضرت موسی ۱۲ اور حضرت یوشع اور شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام اسی روز واقع ہوئی ہی بعضے اس روز وفات حضرت امام رضا علیہ السلام بھی لکھتے ہین اور چوبیسوین کو بھی احتمال وفات حضرت امام رضا علیہ السلام ہی

مطلب دوسرا بیان مین فضائل ماہ رمضان کے

زاد المعاد مین لکھا ہی کہ بسند معتبر حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہی

کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر ماہ شعبان مین خطبہ پڑہا اور فرمایا
ایہا الناس ماہ خدا برکت اور رحمت و آمرزش لیکر تمہارے لیے آیا ہی یہہ وہ مہینا ہی
کہ خدا کی نزدیک سب مہینون سے بہتر ہی اور دن اسکے سب دنون سے اور راتین
اسکی سب راتون سے اور ساعتیں اسکی سب ساعتون سے بہتر ہین یہہ وہ مہینہ ہی کہ
اسمین تم ضیافت خدا کے لیے بلائی گئی ہو اس مہینے مین تم اہل کرامت خدا مین شامل
ہوئی ہو اس مہینے مین سانس لینا تمہارا ثواب تسبیح رکہتا ہی اور سونا تمہارا ثواب
عبادت رکہتا ہی اور عمل تمہارے قبول ہین اور دعائین تمہاری مستجاب ہین پس اپنے
پروردگار سے نیتہای درست اور دلہای پاکیزہ سوال کرو کہ حق سبحانہ وتعالی تمہین
اس مہینے مین روزہ رکہنے اور قرآن مجید پڑہنے کی توفیق کرامت فرمائی پس بتحقیق شقی
اور بد عاقبت وہ شخص ہی کہ اس ماہ عظیم البرکۃ مین آمرزش خدا سے محروم رہی اس
مہینے کی بہوک اور پیاس سے روز قیامت کی بہوک اور پیاس یاد کرو اور تصدق دو اپنے
فقیرون اور مسکینون کو اور تعظیم کرو اپنے بڈہون کی اور رحم کرو اپنے بچون پر اور
نوازش کرو اپنے عزیزون پر اور روکو اپنی زبانون کو اون باتون سے کہ جو باتین
زبان پر جاری کرنا روا نہین ہین اور نہ دیکہو اون چیزون کو کہ اونکا دیکہنا حلال نہین ہی
اور نہ سنو اون چیزون کو کہ سنا اونکا جائز نہین ہی اور مہربانی کرو یتیمون پر تاکہ لوگ بعد
تمہارے تمہارے یتیمون پر مہربانی کرین اور اپنے گناہون کی خدا سے توبہ کرو اور خدا کی
طرف اپنے ہاتہونکو دعا کے لیے اوقات نماز مین بلند کرو کہ یہہ بہترین ساعات ہین کہ
حق تعالی ان وقتون مین اپنے بندون کی طرف نظر رحمت فرماتا ہی اور جسوقت یہہ مناجات
کرتے ہین انہین جواب دیتا ہی اور جسوقت خدا کو پکارتے ہین وہ جواب مین لبیک
کہتا ہی اور جسوقت اوس سے یہ دعا کرتے ہین وہ انکی دعا مستجاب فرماتا ہی اے گروہ
مردمان بتحقیق کہ جانین تمہاری تمہارے اعمال مین گرو ہین پس حق تعالی سے

بسبب طلب آمرزش اپنے جانون کو گرو سے چھڑاؤ پشت تم سبکی تمہارے گناہون ی
گرانبار ہی پس اون گناہون کو بسبب سجدون مین طول دینی کی سبک کرو اور آگاہ ہو
کہ خدا نے اپنے عزت کی قسم کہائی ہی کہ نماز پڑہنے والون اور سجدہ کرنیوالون کو عذاب
نفرمائیگا اور انکو آتش جہنم سے روز قیامت نہ ڈرائے گا ایہا الناس جو تم مین سے
کسی مومن کا اس مہینے مین روزہ کہلوائے گا اوسکے لیے خدا کے نزدیک ایک بندہ
آزاد کرنیکا ثواب ہوگا اور گناہان گذشتہ اوسکے بخش دیے جائینگے پہر بعضے اصحاب نے
کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سب روزہ کہلوانے کی قدرت نہین رکہتے حضرت
نے فرمایا کہ پرہیز کرو آتش جہنم سے روزہ دارون کے روزہ کہلوانے مین اگرچہ
نصف دانہ خرمے سے ہو اور اگرچہ ایک پیاس کے موافق پانی ہو بہ تحقیق کہ حقتعالی
اوس شخص کو جو اس سے زیادہ پر قادر نہو یہی ثواب کرامت فرمائیگا ایہا الناس جو
شخص اس مہینے مین اپنے خلق کو نیک کریگا اوس روز کہ سکے پاؤن صراط پر لغزش کرینگے وہ
باسانی گذر جائیگا اور جو شخص اس مہینے مین اپنے غلام اور لونڈی سے کم خدمت لیگا
حق تعالی قیامت مین اوسکا حساب آسان کریگا اور جو اس مہینے مین آدمیون کو
اپنی شر سے باز رکہیگا حق تعالی قیامت مین اوسے اپنے غضب سے باز رکہے گا اور
جو اس مہینے مین کسی یتیم کو گرامی رکہیگا خدا اوسکو قیامت مین گرامی رکہیگا اور جو
اس مہینے مین اپنے عزیزون سے احسان کریگا حق تعالی اوسکو قیامت مین اپنی
رحمت سے واصل فرمائیگا اور جو اس مہینے مین اپنے عزیزون سے قطع رحم کریگا
خدا قیامت مین اپنی رحمت اوس سے قطع کریگا اور جو اس مہینے مین نماز سنتی پڑہیگا
خدا اوسکے لیے آتش جہنم سے بری ہونیکی سند لکہیگا اور جو اس مہینے مین نماز واجبی پڑہیگا
خدا اوسکو ثواب ستر نماز واجب کا عنایت فرمائیگا کہ جو اوسنے اور مہینون مین پڑہی ہونگی
اور جو اس مہینے مین مجہپر اور میری آل پر بکثرت صلوات بہیجیگا خدا اوسکی ترازوی عمل

اوس روز کہ ترازوہای اعمال سبک ہون گرانبار فرمائیگا اور جو اس مہینے مین ایک آیت
قرآن پڑھیگا ثواب اوس شخص کا رکھتا ہی کہ جو اور مہینون مین ختم قرآن کرتا ہو یا ایہا الناس
تحقیق کہ دروازی بہشت کے اس مہینے مین کہلے ہوتے ہین پس اپنے خدا سے سوال
کرو کہ تمہارے لیے بند نکرے اور دروازی جہنم کے اس مہینے مین بند ہوتی ہین خدا سے
سوال کرو کہ تمہارے لیے نہ کہولے اور شیطانونکو اس مہینے مین قید کرتے ہین خدا سے
سوال کرو کہ ہرگز تم پر شیطان کو مسلط نکرے فضائل اس مہینے کے بہت ہین جسے
اون فضائل کا دیکہنا منظور ہو زاد المعاد کی طرف رجوع کرے **مطلب تیسرا**

آداب مین اوسوقت کے کہ جب ماہ مبارک داخل ہو

زاد المعاد مین مذکور ہی کہ ہلال ماہ رمضان کے دیکہنے مین اہتمام کرنا مستحب ہی
اور بعض علما واجب جانتے ہین اور صحیفہ کاملہ کے دعاے ہلال جو جلد دوم کے
نوین باب مین مذکور ہوئی پڑہنا چاہیے اور جناب صادق علیہ السلام سے منقول ہی
کہ جب ہلال ماہ رمضان دیکہے تو مونہہ قبلہ کی طرف کرے اور دونون ہات بلند کرکے
ہلال کی طرف خطاب کرے اور کہے رَبِّی وَرَبُّكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْمُسَارَعَةِ
اِلٰى مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ شَهْرِنَا هٰذَا وَارْزُقْنَا خَيْرَهُ
وَ[illegible] وَاصْرِفْ عَنَّا ضُرَّهُ وَشَرَّهُ وَبَلَاءَهُ وَفِتْنَتَهُ
اور ابن عقیل نے بوقت رویت ہلال ماہ رمضان یہہ دعا پڑہنا واجب جانا ہی وہ دعا یہہ ہی
اَيُّهَا الْخَلْقُ الْمُطِيْعُ الدَّائِبُ السَّرِيْعُ الْمُتَرَدِّدُ فِيْ مَنَازِلِ التَّقْدِيْرِ [illegible]
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ وَخَلَقَكَ وَقَدَّرَ مَنَازِلَكَ وَجَعَلَكَ
مَوَاقِيْتَ لِلنَّاسِ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا اِهْلَالًا مُبَارَكًا اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ
عَلَيْنَا بِالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْيَقِيْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى
اور شب اول جماع کرنا سنت ہی اور غسل شب اول مین بہی سنت ہی اور حضرت صادق سے

منقول ہی کہ جو شب اول ماہ رمضان نہر جاری مین غسل کرے اور تیس چلو پانی سر پر ڈالے وہ شخص ماہ مبارک آیندہ تک باطہارت باطنی رہیگا اور دوسری حدیث مین فرمایا کہ جو اس شب غسل کرے اوسکو عارضہ خارشت اوس سال نہو گا اور زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام شب اول سنت ہی اور حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو شب اول یا شب وسط یا شب آخر ماہ رمضان زیارت امام حسینؑ کریگا گناہ اوسکے مثل درختون کے پتون کے گر جائینگے اور گناہون سے پاک ہو جائیگا مانند اوس روز کے کہ شکم مادر سے پیدا ہوا ہو اور ثواب حج وعمرہ کا خدا اوسکو عطا فرمائیگا اور اگر شب اول ماہ مین نیت تمام مہینہ کے روزون کی کرلے اور بعد اوسکے ہر شب نیت کرے تو بہتر ہی اور نیت اسطرح کرے کہ کل روزے ماہ رمضان کے رکہتا ہون واجب قربۃ الی اللہ اور بسند معتبر حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو وقت داخل ہوئے ماہ رمضان کے یعنی روز اول یا شب اول دو رکعت نماز پڑہے رکعت اول مین بعد حمد سورۂ انا فتحنا اور دوسری رکعت مین جو سورہ چاہی پڑہی تو حق تعالی ہر بدی کو اوس سے دور کرتا ہی اور وہ شخص تا سال آیندہ حفظ خدا مین رہتا ہی اور شب اول یا روز اول دعا صحیفۂ کاملہ بہی پڑہنا چاہی کہ افضل و بہترین ادعیہ سے ہی اور جو اعمال روز اول کے اور شب اول کے بیان ہونگے وہ بہی بجالانا چاہیے اور حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جب ماہ مبارک داخل ہوتا تہا تو حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دعا کو پڑہتے تہے اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ قَدْ دَخَلَ شَھْرُ رَمَضَانَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ شَھْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَتْ فِیْہِ الْقُرْاٰنُ وَجَعَلْتَہٗ بَیِّنَاتٍ مِّنَ الْھُدٰی وَالْفُرْقَانِ اَللّٰھُمَّ فَبَارِکْ لَنَا فِیْ شَھْرِ رَمَضَانَ وَاَعِنَّا عَلٰی صِیَامِہٖ وَصَلٰوتِہٖ وَتَقَبَّلْہُ مِنَّا اور پہلی تاریخ یہہ دعا پڑہنا سنت ہی اَللّٰھُمَّ قَدْ حَضَرَ شَھْرُ رَمَضَانَ

وَقَدِ افْتَرَضْتَ عَلَيْنَا صِيَامَهُ وَاَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهٖ وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا وَتَسَلَّمْهُ مِنَّا وَسَلِّمْهُ لَنَا فِىْ يُسْرٍ مِّنْكَ وَعَافِيَةٍ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور بسند صحیح روایت کی ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا کہ ماہ مبارک رمضان مین اول سال یعنی اس مہینے کے پہلے دن جیسا کہ بیان کیا گیا ہے تین جو شخص اس دعا کو رضای خدا کے لیے بے شائبہ اغراض فاسدہ وبلا قصد ریا پڑھے اوس سال اوسکو کوئی فتنہ نہ پونہچیگا اور کسی گمراہی مین مبتلا نہوگا اور جو آفت کہ اوسکے دین کو یا بدن کو ضرر پونہچائے اوس سے محفوظ رہیگا اور حق تعالیٰ اوسکو اوس شر سے کہ جو اوس سال واقع ہونے والی ہو اور تمام بلاؤن سے حفظ فرمائیگا دعا یہ ہی اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَانَ لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَبِعَظَمَتِكَ الَّتِىْ تَوَاضَعَ لَهَا كُلُّ شَيْءٍ وَبِعِزَّتِكَ الَّتِىْ قَهَرَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَبِقُوَّتِكَ الَّتِىْ خَضَعَ لَهَا كُلُّ شَيْءٍ وَبِجَبَرُوْتِكَ الَّتِىْ غَلَبَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَبِعِلْمِكَ الَّذِىْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ يَا نُوْرُ يَا قُدُّوْسُ يَا اَوَّلُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَيَا بَاقِىْ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تُغَيِّرُ النِّعَمَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تُنْزِلُ النِّقَمَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تَقْطَعُ الرَّجَاءَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تُدِيْلُ الْاَعْدَاءَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تَرُدُّ الدُّعَاءَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ يُسْتَحَقُّ بِهَا نُزُوْلُ الْبَلَاءِ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تَحْبِسُ غَيْثَ السَّمَاءِ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تَكْشِفُ الْغِطَاءَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تُعَجِّلُ الْفَنَاءَ وَاغْفِرْ لِىَ الذُّنُوْبَ الَّتِىْ تُظْلِمُ

الھواء و اغفر لی الذنوب التی تورث الندم و اغفر لی الذنوب التی تھتک العصم و اغفر لی الذنوب التی ترفع القسم و البسنی درعک الحصینۃ التی لا ترام و عافنی من شر ما احاذر باللیل و النھار فی مستقبل سنتی ھذہ اللھم رب السموات السبع و رب الارضین السبع و ما فیھن و ما بینھن و رب العرش العظیم و رب السبع المثانی و القرآن العظیم و رب اسرافیل و میکائیل و جبرئیل و رب محمد صلی اللہ علیہ و آلہ سید المرسلین و خاتم النبیین اسئلک بک و بما سمیت بہ یا عظیم انت الذی تمن بالعظیم و تدفع کل محذور و تعطی کل جزیل و تضاعف من الحسنات بالقلیل و بالکثیر و تفعل ما تشاء یا قدیر یا اللہ یا رحمان صل علی محمد و اھل بیتہ و البسنی فی مستقبل سنتی ھذہ سترک و نضر وجھی بنورک و احبنی بمحبتک و بلغنی رضوانک و شریف کرامتک و جسیم عطیتک و اعطنی من خیر ما عندک و من خیر ما انت معطیہ احدا من خلقک و البسنی مع ذلک عافیتک یا موضع کل شکوی و یا شاھد کل نجوی و یا عالم کل خفیۃ و یا دافع ما تشاء من بلیۃ یا کریم العفو یا حسن التجاوز توفنی علی ملۃ ابراھیم و فطرتہ و علی دین محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سنتہ و علی خیر الوفاۃ فتوفنی موالیا لاولیائک معادیا لاعدائک اللھم و جنبنی فی ھذہ السنۃ

كُلِّ عَمَلٍ اَوْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ يُبَاعِدُنِيْ مِنْكَ وَاجْلِبْنِيْ اِلٰى كُلِّ عَمَلٍ
اَوْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ يُقَرِّبُنِيْ مِنْكَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
وَامْنَعْنِيْ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ اَوْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ يَكُوْنُ مِنِّيْ اَخَافُ ضَرَرَ
عَاقِبَتِهٖ وَاَخَافُ مَقْتَكَ اِيَّايَ عَلَيْهِ حَذَارَ اَنْ تَصْرِفَ وَجْهَكَ
الْكَرِيْمَ عَنِّيْ فَاسْتَوْجِبَ بِهٖ نَقْصًا مِنْ حَظٍّ لِيْ عِنْدَكَ يَا رَءُوْفُ
